کر سیر باغ کی وہ دونوں۔ آکر کے ماتھ نوائے ہیں
مستقل الیش کی ان پر نظر پڑی، ٹکٹکی لگاتے ہی رہ گئے
وہ ہاتھ جوڑ کر کے منی ور سے ونتی سناتے ہی رہ گئے
بھاگ جاگ اس پرتھوی کے جو درشن دکھائے ہیں تم نے
ہیں کون یہ دونوں راجکمار، اب تک نہ بتلائے ہیں تم نے
یہ برہم وشنو ہیں دونوں یا منی کل تلک آج آئے ہیں
یہ چھتری کل کے دیپک ہیں یا ترِبھون پتی ہمارے ہیں

دوہا کہا منی راج نے، اکے یا تھار تھ بین
جگ کے جتنے جیو ہیں، ہیں سب کے سکھ دین

رگھو کل منی راجا دشرتھ کے، یہ دونوں چاند ستارے ہیں
درنن گن کیسے ہو راجن یہ جگ کے تارن ہارے ہیں
سنہار سبا ہو، تاڑکا کو، سمپورن یگیہ کرایا ہے
نستار اہلیہ کا کر کے۔ اسی کو پتی لوگ بٹھایا ہے
سو دھنش یگیہ دیکھن آئے۔ لایا ہوں دکھلانے کو
ہم پریم وِلیش لائے ان کو، سمپورن یگیہ کرانے کو

دوہا پریم سہت ستکار کر، جنک راج گن وان
ٹھہرائے منی کے سہت دونوں شبھ استھان

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

درشن کرنے کے لئے۔ لالایت نر نار
آگیائے گرو سے چلے۔ دونوں راجکمار

یہ خبر ہوئی متھلا پور میں، آئے ہیں رام لکھن دونوں
سب کام چھوڑ نر ناری آئے بھاگے ہیں رام لکھن دونوں
بالک بوڑھے اور یوا آئے، بڑی بھیڑ لگی بازاروں میں
سج گئی دکان مکان سبھی، جھنڈیاں لگی دیواروں میں
شِرنگار بنا کر جھکی ہوئی۔ جھروکوں کھڑکیوں میں ناری
چھبی رام لکھن کی دیکھ دیکھ دونوں پر جاتی بلہاری
متھلا پور کی سب نارکھیں تن من واریں دل چاہتا ہے
چھبی دیکھ کے ان راجکماروں کی بس کوٹ کام للچاتا ہے

دوہا جس جس نے دیوا لکھن سے دیکھ لئے سکھ دین
درشن کرکے پریم بس، ہوئے بہت بے چین

سنتے ہیں یہ راجا دشرتھ کے، سب کہیں یہ سننے میں آیا
یہ دھنش یگ دیکھن آئے ہر ایک نے ایک سے بتلایا
نسچر کل کالک، جن بالک، منیوں کا یگ کرانے کو
گوتم ناری کو تار دیا۔ آئے بھو بھار ہٹانے کو

دوہا سکھی سکھی سے یوں کہے سنو سکھی گن وان
سیتا کے یہ یوگیہ بر، دونوں چتر سجان

ہو منورتھ سپھل جب من کے، یہ بیاہ کریں سکماری سے
یہ آئے جائیں متھلا پور، بھاگ ہی نگری ساری سے
یہ سیتا کو لینے آئے، یدی رشتہ ان سے جوڑ جائے
درشن ہم بھی پاتے ہی رہیں تو پاپ ہمارا کٹ جائے
یہ کہہ کہہ کر یہ سن کر ناری سب من ہرشاتی ہیں
ہو یہ ہی سکھی، ہو یہ ہی سکھی سب ایک سور سے گاتی ہیں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

بالک متھلا پور کے سارے ۔ نانا ودھی سے پرچار کے لگے
تو پریم وِبس ان کو دیکھا، تب رگھورائی مسکان لگے
دوہا دیکھ کے شوبھا نگر کی، دونوں راجکمار
بالک پیا سے پریم سے جائیں یہ اپنے دوار

بھے بھاگرو دیو نہ رسائیں۔ پر سّھان بھی سکھ دھام کیا
آشرم پہ دونوں پہنچ گئے گرو دیو کو جا پرنام کیا
سندھیا بندن نت نیم کیا، گرو سیوا میں آنند لیا
سنتے تھے رام لکھن دونوں منی نے جو کچھ اپدیش دیا
دو پہر رات جب بیت گئی منی سونا جس دم چاہتے تھے
پر بھیے بیٹھے دونوں ہی گرو دیو کے چرن دباتے تھے
گرو آگیا سے شری رام سوئے آرام تیج پر پاتے ہیں
تب لکھن دبائے رام چرن ان کا شرم سکل مٹاتے ہیں

دوہا بہت دیر جب ہو گئی، تب بولے سکھ دین
شین کرو بھائی لکھن، بہت بیت گئی رین
آگیا پا رگھورائی کی، دھار ہیے سکھ دھام
رات گئی پربھات ہی لکھن اُٹھے جے رام

سکھ دھام رام نے اُٹھ کر کے، نت نیم کیا پھر اسنان کیا
پرنام گرو جی سے کر کے سندھیا بندن کا دھیان کیا
تب آگیا پا کر منی ور کی۔ باٹیکا پشپ لینے دھائے
چلے پون سوگندت باٹیکا میں سو ہیے دیکھ کر ہر شائے
پو جا کے نمت پشپ لائے اور سیر بھی کرنا چاہتے ہیں
دونوں گئے پہنچ باٹیکا میں جب ہوا چمن میں کھلتے ہیں
یہ باغ جنک راجا کا تھا شوبھا اس میں آتی پیاری تھی
کیا تاب جو کوئی روک سکے موہت جنک نگری ساری تھی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

پھر بھی مالیوں کی آ گیا ہے، توڑے ہیں پُشپ ہر ڈالی سے
کچھ اور بھی آگے کو بڑھ گئے۔ من بہلانے ہریالی سے
شندرتا دیکھی گلشن کی۔ کیاری کیاری من کو بھائی
روشوں کی رونق بیان نہ ہو۔ پھلواری عجب نظر آئی
تالاب بیچ میں بنا ہوا۔ نرمل جل کے فوارے تھے
بھنورے چمن پر من مست ہوئے، گل بوٹے نیارے نیارے تھے
سندر ہی الوکک ادبھت ہی پاون من بھاون گلشن ہے
بس اسی جگہ شری جگدمبا۔ گوری کا مندر دھن دھن ہے

دوہا باغ باغ ہردے ہوا، دیکھ کے باغ بہار
بُلبُل گلشن میں مست ہے گاویں مست ملہار

گُل جوہی مولسری گل لالہ۔ گل مہدی گلنار کھلے
گُل شبو، گل قنوس کیلی۔ گل چیں لگی قطار کھلے
گلُ پیاری، گل بالسن۔ گولہر دونوں داودی گل کھلے
اور جو اچلی جل ترنگ گل اور جو اسبی بھی گل کھلے
بیل ہی بگوڑی جھیئی مئی موتیا، موگرہ ہے جو رنگا
مرداما دھومالتی ہے چمپا کیتکی ہے بیچ رنگا
کیوڑا کلنکا کمند گلی اور رات کی رانی ہار سنگار
کنیر، موتیا، کامنی ہے ہری سات ہزارا سدا بہار
سِل لی چمیلی اور کمل سورج مکھی۔ گیندا گل پیارنی
قدرت کی کاریگری کا تھی ہر رنگ دکھائی ہر کیاری
ہیں بھانت بھانت کے پشپ کھلے ہیں لال سفید نیلے پیلے
چھوتے ہی مرجھا جاتے ہیں چھوئی مئی کے پتے شرمیلے
کیا قلم صفت قدرت کی لکھے باغ جہان کے مالی کی
کچھ بیان صفت نہیں ہوئے رقم وہ سیجت ہے ڈالی ڈالی کی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

ڈالی ڈالی کو جب دیکھا۔ دیکھن کے لائق ہر ڈالی ہے
ہو رہی مست ڈالی پہ بیٹھ بلبل دیوانی متوالی ہے
پھر رہے تھے رام لکھن دونوں باٹیکا میں جی بہلاتے ہیں
سیتا جی کا جنم لچھمن جی کو رگھورائی سناتے جاتے ہیں
اکال جنک پور میں پڑا، کارن سب صحیح بیان کیا
ویروں کا رکت لے کر، راون نے ایک گھڑا بھروا لیا
دیتے میں کہا رشی منیوں نے۔ لے رکت ہمارا جو لے جائے گا
دشمن تیرا یہ ہی لدھر بنے۔ یہ نام و نشان مٹائے گا
لے گیا رودہر بھرا گھڑا، پہ مندودری نے نہیں لیا
ابھیمان کے رکت سے راون نے وہ جنک کی حد میں دبا دیا
کارن اکال پڑنے کا تھا۔ ویروں نے جنک کو بتلایا
ین کا شتکار تم ہل جوتو، جب پھرے پربھو جی کی مایا
یہ مان گئے متھل ایش تبھی جب کھیت میں ہل بہا لیے ہے
ایک جگہ پہ ہل اٹک گیا۔ ایک گھڑا تب نکل آیا ہے
گیا گھڑا جو لوٹ تو کیا دیکھا۔ ایک کنیا چھپا جالی تھی
سوموار سپتمی کا دن تھا، جب کنیا گود اٹھائی تھی
یوں سیتا نام دھرا اس کا۔ یوں رام چند فرماتے ہیں
اب رچا سوئمبر ہے اس کا۔ سب راجا گن چلے آتے ہیں
دوہا کالوں نے اس ہی سمے۔ سنی ایک جھن نکار
سنگ سکھی نے ساتھ میں آئی سیا سکمار
تاروں میں پھرا چندرما جیوں، اپنا پرکاش چمکاتا ہے
سکھیوں کے مدھ میں سیتا کا یوں تیج چمکتا آتا ہے
سا گری گوری پوجن کی۔ تھالوں میں بھری تھی ساتھ لئے
پھل پھول ناریل میوا جل ہر سکھی تھی اپنے ہاتھ لئے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

آتے ہی ان کے باٹیکا بھی، اب جو گنی شوبھا پائی ہے
مکھ کے پرکاش سے سیتا کے۔ ہر کلی مسکائی ہے

دوہا کھڑے ہوئے تھے باغ میں جہاں لکھن اور رام
سیتا جی کو چھوڑ کر، سکھیاں چلیں تمام

وہ پشپ توڑنے لگیں تبھی۔ جا جا کر کیاری کیاری سے
ایک سکھی جب بڑھی آگے کو چنچل من ہنس مکھ پیاری نے
دیکھ کھڑے رگھوکل کشور، تو من میں آئی گھبرائی ہے
وہ پاس سیا سکماری کے، ہو باولی سی بھاگ آئی ہے

دوہا پوچھا سیتا نے تبھی کیوں کیوں کیوں کیا بات
بتا بتا کیا بات ہے، تھرتھراتے کیوں گات
وہ بولی کیسے کہوں بہن، تھکت ہوئے نین
نشندے ہو جائیں گے۔ سپھل یہ میرے بین

دو کنور نظر محو کو آئے۔ یہ نین میرے بے چین ہوئے
دیکھا کیا دیکھا کیسے کہوں۔ بس تھکت یہ میرے نین ہوئے
ودھنا کی گتی ودھنا جانے کیسے سانچے میں ڈھالے ہیں
سُدھ بُدھ میں تن کی بھول گئی۔ بکھ نین ہوئے متوالے ہیں!

دوہا سکھیوں کے سنگ میں چلی۔ کر سیتا پرسھان
ملے نین سے نین جب ہوئے موہن بھگوان

سیتا ماتا کے نینوں سے، جب نین ملے رگھورائی کے
مکھ چندر دیو لوک جانکی کا۔ ہوئے نین تھکت رگھورائی کے
مانو اس سمے سیا پر ہے ترلوکی کی سندرتائی!
ودھنا کی رچی ہوئی شوبھا۔ ساری سیتا جی نے پائی
تن کی کچھ اور دشا ہوگئی، چھبی دیکھ جنک کی جائی کی
لکشمن بھیا سے کہن لگے جو دشا ہوئی رگھورائی کی

In Public Domain. Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا جنک سُتا سیتا یہی، سنو لکھن مم تات!
رچا سوئمبر اسی کا، ستیہ کہوں میں بات

گوری کا پوجن کرنے کو یہ سنگ سکھیوں کے آئی ہے
پرکاش ہے کیاری کیاری میں ہر کلی دیکھ شرمائی ہے
ویسے تو جو کچھ ہوتا ہے وہ جاننے سویم ودھاتا ہے
پر میرا دایاں نیتر انگ۔ رہا پھڑک صاف بتلایا ہے
رگھو بنش کی مریادا ہے کبھی، نہیں باہر قدم نکالا ہے
نہیں پرناری سپن میں دیکھی برہم چریہ برت گو پالا ہے
یہ رہی جن کے کل میں ہر وہ نہیں کسی سے ڈرتا ہے
ہے بھائی کبھی وہ بُری نگاہ، کیسے اپنی کر سکتا ہے
ورنے جس کے یا جاک کوئی خالی نہیں جانے پاتا ہے
ایسا مونشیہ اب بر لاہی بس نظر جگت میں آتا ہے
پھر ہمیں مناسب ہے ایسا لکھ پرناری کل نہ چاہیئے
گرو کے پوجن کا سمے ہوا لے پشپ ہمیں چلنا چاہیئے

دوہا اس پرکار جب کر رہے، دونوں بھائی بات
نین ملو کے سیانے، اُدھر ستری رگھو ناتھ

حیران جانکی ہوئی من میں، جب لیا دیکھ رگھورائی کو
ودہنا کی کلا نرالی ہے۔ رہی سُدھ نہ جنک کی جائی کو
مکھ منڈل کی آبھا ولوک، تن ہی سدھ بدھ بسرائی ہے
تب نین موند کر جنک سُتا۔ پرتیما بن بیچ پٹھائی ہے

دوہا کہن لگی پہلی سکھی۔ کھوجت رہے نہار
اک بک کیوں بھولی سکھی سُدھ بُدھ دئی بسار

کیوں چترنبی ہو سکماری کیا سوچتی ہو بولو تو سہی
کیوں بند آنکھ کس دھیان میں، من کی گنڈھی کھولو تو سہی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

بلہاری پیاری سکماری دونوں نین کھول اس بار لیو
گوری پوجن پیچھے کرنا۔ پہلے ہم آئے ہہار لیو
دوہا نین پھول دیکھن لگی۔ ات اُت نین پسار
بہت ہوئی بے چین جب پائے نہ راجکمار
آئے نکل لتاؤں سے۔ لکھمن سہت شری رام
سیتا کو اس سکھی نے دکھا دیئے سکھ دھام
اَتی پریم سنہہ سے سیتا نے۔ نینوں سے دیکھے رگھورائی
کو ملتا۔ لجا۔ نیہہ پریم۔ دیکھی جس دم سندرتائی
شری رگھورائی کی سیتا نے ہردے میں کھینچ تصویر لئی
اُت رام چندر نے سیتا کی۔ لکھ ہردے میں تحریر لئی
دوہا سیتا سے کہنے لگی۔ سکھی سبھی سمجھائے
غیر نہ کوئی دیکھ لے۔ ہاں یہاں پر آئے
لکھ پھول پھول کیوں پھول گئی۔ یہ کیسا پھول کھلاتی ہو
گوری کے پوجن سے پہلے۔ تو کس کو پھول چڑھاتی ہو
دودہان ٹوٹا اس دیو سے تم دیوی دیوی پر آؤ تم
کچھ فکر کرو گھر چلنے کی، مت زیادہ دیر لگاؤ تم!
دوہا چتر سکھی کے جب لگے، وچن مٹا بے تیر
چلی سیا شرمائے کر، بسے ہردے رگھو بیر
سکھیاں آگے کو گئیں، اوٹ ہو گئی نین
سیتا جی کہنے لگیں ہو کر کے بے چین
چکر سا مجھ کو آتا ہے، تم مجھ کو چھوڑے جاتی ہو
دیا کل بے چین ہے چت میرا کیوں زیادہ مجھ ستاتی ہو
اچھلے ہے چیر لتاؤں میں آؤ تو چیر چھڑاؤ تم
سمجھو نہ مجھے باوری تم، اب بہت نہیں اِتراؤ تم

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا آئیں سکھی سب دوڑ کر ساری پھولی نہیں سمائے
چترائی کر ایک سکھی۔ بولی ہنسی اُڑائے

جینا ہے تو جلدی سے چلو۔ مت جھوٹ ہمیں بہکاؤ تم
پکڑا ہے پریم لتاؤں نے، مت لتا کو دوش لگاؤ تم
جو بات دراصل ہے عالی کوشش نہ کرو چھپانے کی
مت دوش لگاؤ ساری کو، ہیں کہدوں بات نشانے کی
گوری پوجن کو آئی تھیں بندھ گئیں پریم کے بندھن میں
اُلجھا نہیں چیر لتاؤں میں تم اُلجھی پریم کی اُلجھن میں

دوہا وچن بان سب مارتی۔ ساری ہنسی اڑائے
گرجا مندر میں پہنچ۔ کری بندھنا آئے

جے جے گری راج کماری جے جے جے شنکر کی پیاری جو
جے جے ماتا سکھ کاری، جے جے جے گنیش مہتاری جے
جے جے تمہیں وید بکھانی جے جے جے شکتی بردانی جے
جے جے شری آدی بھوانی جے جے جے ماتا کلیانی جے
جے جے ہو مات تمہاری، جے جے جے، جگت ترن ہاری جو
جے جے کہے پرجا ساری جے جے جے بے چین پکاری جو
اُپہار میں ماتا ہیں تم کو، اشکوں کا ہار چڑھاتی ہوں
اُدہار کرو اُدہار کرو، ادھیکار تمہیں بتلاتی ہوں
ہیں روم روم میں رام رمے اور میرا دھیان رام میں ہے
یہ میری لاج، یہ میری آن تم راکھو پران رام میں ہے

دوہا پرتھوی پر مالا گری۔ بھئی سیتا غلطان
مند مند وہ پرتما۔ ہنسی لگی مسکان
سیتا کو بالکل نہیں۔ رہا جب کہ انداز
مندر سے آنے لگی۔ یہ پیاری آواز

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

آسیش ہیں دیتی ہوں سیتے۔ یہ کبھی نہ خالی جائے گی
نارد منی کی جو بانی ہے۔ بیکار نہ جانے پائے گی
چاہتی ہو جس کو ہردے سے نسچے اُس کو پاؤ گی
وہ بھی تم کو اپنائے گا۔ تم بے ہیں لے ہو جاؤ گی

دوہا
لے کر کے سیتا چلی، گریجا کی آسیش
اُدہر لکھن اور رام جی پہنچے پاس منی ایش

گرو کے سمیپ شری رگھورائی۔ سیہ کو سراہتے جاتے ہیں
جو کچھ گزرا تھا باٹیکا میں وہ گرو کو جا کے سناتے ہیں
بَر دیا گرو نے پوجن کا سب سپھل منورتھ ہوئیں گے
رگھوور ساہر پاوے سیتا۔ رگھوناتھ پاپ کو دھوئیں گے

دوہا
اس پرکار اتی ہرش سے بیت گیا وہ باس
پورب میں لکھ چندر کو، ہو گئے رام اداس

پورب میں دیکھ چندرما کو۔ سیتا کی یاد ستانے لگی
رہ رہ کر کے رگھورائی کو، بس یاد جانکی آنے لگی
سندھیا بندھن تو کر ہی چکے اب پریم کی پوجا کرتا ہوں
کر چکا میں دیو ارچنا تو، پریم ارچنا کرتا ہوں!

دوہا
آج چمکتا کس طرح، پورن ماشی چندر
پر سیتا کے سامنے۔ جیوتی ہے اس کی مند

کہہ چندر بدن سیتا جی کو۔ اُپما یہ نہیں دینی چاہیئے
یہ نش کلنک چندر ہیں کلنک نہیں بدنامی دینی چاہیئے
اُس میں پرکاش نہ ہو دن میں یہ آٹھ پہر پرکاش میں ہے
دُکھ چندر کمل کو دیتا ہے وہ تو سب کے سکھ واس میں ہے
گہہ لیتا ہے اُس کو راہو۔ وہ تراس نہیں سہہ پاتی ہے
یہ تو گھٹتا اور بڑھتا ہے وہ ایک سمان ہی پاتی ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

یہ سردی میں پیارا لگتا۔ وہ باؤں ماس پیاری ہے
اُس کو تو تھوڑی سیاہی ہے اور نرمل جنک دلاری ہے
ہے نگن چندر دیکھو بھیا۔ وہ وستر آبھوشن دھارتی ہے
یہ چندر لجاتا ہے اُن سے، وہ مان چندر کے مارتی ہے

دوہا سو پیچھے کہتے اس طرح۔ لکھن سہت سُکھ دہام
راتری جان کے بہت سی آئے گرو پہ رام
اوسر پا کر کے کیا۔ شَین شری رام اُدار
پراتہہ کال اُٹھے لکھن سے باتی کہی اُچار

سوریہ کے بھائی اُگتے ہی، چھایا پرکاش زمانے میں
چکوا چکوی تو سانت ہوئے بھلے منتقل بھی گرمی پانے میں
تارا گن مند ہوئے بھائی نندرا ہی منو شبوئے ہے تیاگی
سب گرہستی رام کا نام جپیں یوگی سنیاسی بیراگی

دوہا لچھمن جی کہنے لگے، سنو بھرات مم بین
سکھ شری رگھوناتھ کے ہے کیا یہ سکھ دین
تم سکھ کے ساگر سکھ داتا، یہ سُکھ دُکھ دونوں دیتا ہے
ہر تے ہو رکشک تم سب کے، یہ جنم ہی دن میں لیتا ہے
تم نرکھے ہو اُس کو بھے ہے راہو کا بھیے اس کو بھاری
گرمی ہے اس میں تیزی ہے تم شیل سبھاو ہنکاری!
جیسے کہ سوریہ کے اُگتے ہی، سب تارے مند ہو جاتے ہیں
سو آنا دیکھ رگھورائی کا، نرپ تیج ہین دکھلاتے ہیں
ہردے ہے کمل سا بھگتوں کا تم سوریہ سم پرکاشتے ہو
سستی سے بڑھ کر ہیں سیتا جی تم روی سی آدھا کاش جتے ہو

دوہا سن لکشمن کی بات کو، مسکائے سکھ دین!
گرو کی سیوا میں لگے، رام لکھن بے چین

(بھاگ (۳) سماپت ہوا)

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اوم

اتھ رامائن (بھاگ ۴)

دھنش یگیہ

دوہا ستانند نے یوں کہا۔ آکر منی کے پاس
تمہیں بلانے کے لئے، یہاں یہ آیا داس
لے آگیا گرو دیو کی، چلے لکھن اور رام
دھنش ہوا تسو میں گئے شری سکھ کے سکھ دھام
دیکھا جب اکرم چارلوں نے۔ درشک گن مل کر آن لگے
حس یوگیہ جیسے دیکھا اسدم۔ اس آسن پہ بیٹھان لگے
رنگ بھومی کی سندرتا ای، سب دیکھ دیکھ ہرشاتے ہیں
کبھی دیکھتے راج سماج کو ہے، کبھی چاپ پہ نظر اٹھاتے ہیں
دوہا رنگ بھومی میں جس سمے۔ آئے شری رگھوبیر
نر ناری دیکھیں شکل یہ سندر تصویر
درشک گن حیرت میں ڈوبے۔ جب ان کا روپ نہارا ہی
جس جن کی بھاونا تھی جیسی۔ تیکھا روپ رام کا پیارا ہو
رگھوبیر کا ویر روپ دیکھا۔ ان ویر دھیر راجاؤں نے
بھیوان مورتی دیکھی تھی۔ ان کو ٹل دشٹ یودھاؤں نے
دمبھی دیتہ نے جب دیکھے وہ رودر روپ میں رگھورائی
سندر سنگار روپ دیکھے پر واسیوں نے پربھو سکھ دائی
ودوشوں نے وراٹ روپ دیکھا۔ کرونا مے راجا رانی نے
یوگیوں نے دیکھا شانت روپ اور گیان سروپ گیانی نے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

بھگتوں نے ادبھت چھبی دیکھی۔ پربھ اشٹ دیو کو پہچانا
سکھیوں نے دیکھا ہانسیہ روپ کویوں نے کویتا مے جانا
دوہا اس سندر رنگ بھومی میں رام لکھن دیو بھرات
دیکھا چاروں اور کو۔ کل سماج ایک سات
درجے اول۔ دوئم سوئم، اوپر نیچے ہوئے ہیں
لکھ بیٹھا لوگیہ ہیں سدیت دیکھ سب درشن گن بھائے ہیں
شوبھا پاتے ہیں منچوں پر اگننت راجا گن بل دھاری
ان کے پیچھے منچالوں پر، منگل گاویں سبھی ناری
بیچ دیکھا ایک رتن جڑت، سنگھاسن نظر میں آتے ہیں
ان کے سمیپ ہی سچو سہت شری جنک کھڑے دکھاتے ہیں
دیکھی وہ رنگ بھومی ساری ان دونوں ادھکماروں نے
شوبھایمان مدھیہ میں دیکھا پڑا، دشرتھ کے راج دلاروں نے
دوہا شری منی وشوامتر جی۔ آئے لکھن رگھوناتھ
آگے اٹھ متھل ایش نے جھکا دیا نج ماتھ
آگے تھے وشوامتر منی۔ پیچھے سے انیک منی ہے ہیں
ہیں مدھیہ میں اُن کے رام لکھن شری دشرتھ جی کے جائے ہیں
متھل ایش نے آتی ستمان کیا، اپنی پرن کتھا سنائی ہے
جو رنگ بھومی کی رچنا تھی نیاری نیاری دکھلائی ہے
شری رام لکھن دونوں بھائی جس اور کو نظر اٹھاتے ہیں
اچرج میں ہو کر راجا گن حیران دیکھ رہ جاتے ہیں
سندر سروپ کو دیکھ دیکھ، موہیت نر ناری ہی سارے ہیں
بل ہین ہوئے راجا سارے جب یہ دو نوین نہارے ہیں
منی بولے خوب ہے دھنیہ دھنیہ کیا منڈپ خوب سجایا ہے
منی راجن دیا تمہاری ہے میں نے کچھ نہیں بنایا ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا سب ہنجوں سے کہا تھا، ہنچ بڑا اتیا ر
منی سمیت ہٹا دیئے اُس پر را جکما ر

معلوم ہوا یہ ہی سب کو، یہ ہی بنا ہے سکماری کو
لشچے یہ ہم کو ہوتا ہے۔ یہ لے جائیں پیا پیاری کو
یدی یہاں ہوئی توہین اپنی تو جینا پھر کیا جینا ہے
جو عزت کھوکر جیتا ہے وہ بالکل نہا کمینہ ہے
اس سے تو بہتر لوٹ چلیں۔ نہیں کام ویرتا آئے گی
بس جان گئے پہچان گئے سیتا نہیں ملنے پائے گی

دوہا ابھیمانی نرپ ایک دم۔ بول اُٹھے للکار
جے پانے کے واسطے ہے تلوار کی دھار

اے نوجوانوں۔ اے بلوانوں، ہمت رکھو، گھبراؤ نہ تم!
آسان نہیں اٹھانا پنا ک ہمت رکھو، شرماؤ نہ تم!
اے کل ویروں اے رن دھیروں یہ سیار کیا سیتا بیاہیں گے
اس جان کو سمجھے جان نہیں سو سیتا کو ہم پائیں گے
مانا دھنو یہی اٹھا لیں گے تو ہم ہیں کچھ کمزور نہیں
رنگ بھومی کو رن بھومی کر دیں یہ ہم سے کچھ شہ زور نہیں

دوہا ابھمانیوں کی بات سُن، بولے بھگت سجان
یہ دُسرتھ ست ویر ہیں مہا وِکٹ بلوان

یہ کام نہ ہونے پائے گا۔ یوں تھوتے گال بجانے سے
نہیں پیٹ کبھی بھر سکتا ہے من کے لڈو لڑکانے سے
کیوں شیخی یوں ہی بگھار رہے اور ورتھا گال بجاتے ہو
بس شیروں کا ہے یہ شکار، تم گیدڑ کیوں للچاتے ہو
خاموش رہو بیٹھے یہاں پر۔ دیکھو تم سندرتائی کو
یہ کیسی شوبھا پاتے ہیں، دیکھو لچھمن رگھورائی کو

دھنش یگیہ

In Public Domain. Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

چھبی دیکھ دیکھ رگھورائی کی سب بھگت بھوپ بلہار ہوئے
ہوئی پُشپ ورشٹی نبھ منڈل سے منڈپ میں جے جے کار ہوئے
جو شیلے باجے بجنے لگے، محلوں میں منگل چار ہوئے
دُندبھی شنکھ بھیری باجے۔ سب بیٹھے ہیں ہوشیار ہوئے

دوہا۔ اتنے میں رنگ بھومی میں آپہنچا لنک ادھیش
باناسُر کے آوتے، چپ ہو گئے نریش

کیا چیز دھنش ہے میرے لئے ہیں اسکو توڑ گرانا ہوں
راون نے کہا ہے سیتا کہاں، میں ابھی اسے لے جاتا ہوں
مجھ سا یودھا۔ مجھ سا دلیر نہیں کوئی نظر میں آتا ہے
شنکر شکتی میرے سمان، جو گری کیلاش اٹھاتا ہے
باناسر بولا خبردار، بدی شیو کا دھنش اٹھائے گا
تو مارا جائے گا مورکھ، جو گر دیندا کروائے گا
دس شیش نہ بن تو ابھیمانی۔ گھر جاکر اپنا کام کرو
تو چھوڑ جھمیلے یہ سارے بھوتیسور کو پرنام کرو
راون نے کہا بھو منڈل کو بس تل سمان میں جانتا ہوں
شیو چاپ ہے کیا کر ڈالوں وہ جو اپنے من میں ٹھانتا ہوں
آبھوشن جان کے جھاد یو، گل سیش کو روز سجاتے ہیں
ان کے سمیت کیلاش کو ہم ہاتھوں پر آدھر اٹھاتے ہیں
بل مجھ میں اتنا ہے جب کہ تو کیوں نہ میں ابھیمان کروں
دنیا کو ادھر اٹھانے کا۔ پھر کیوں نہ میں ابھیمان کروں
بالکل گنوار لبار ہے تو، پھر شیخی تو اپنی تانتا ہے
پھر دھنش اٹھانے کو کہتا جنہیں سکھ کسی کی مانتا ہے
معلوم ہوا تیری باتوں سے تو اپنی شان گنوا دے گا
بولی بڑھ بڑھ کر بولتا ہے، مٹی میں اب ملا دے گا

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

ہر بھجن یتی گھر میرے آئے، بل کو جاچن ابھیمان نہیں
تو اسی بات پر بھولا ہے میں نبھر کرتا ابھیمان نہیں

دوہا
راون بولا یوں ابھی، میں شیو چاپ چڑھائے
پھر تیرے ابھیمان کو، دوں گا گرو ملائے

کیا چیز پڑا نا دھنش ہے یہ، ابھی جاتا ہوں اُٹھانے کو
سیتا تجھے تیرے سمت تیار ہوں میں کھا جانے کو
یہ کہہ کر وہ تیار ہوا، اور پاس دھنش کے جاتا ہے
دھنو ہلا ہلانے سے کبھی نہیں۔ ابھیمان چور ہو جاتا ہے

دوہا
بانا سر کہنے لگا، اُس کی ہنسی اُڑائے
اس بل پہ ہی مورکھ تو، رہا تھا دھنش اٹھائے

اُن ہاتھوں میں نہیں جان رہی جن سے کیلاش اٹھایا تھا
نہیں ہلا دھنش ایک تل بھر بھی پہلے ہی تجھے سمجھایا تھا!
در شک گن ہنسی اڑاتے ہیں۔ تو نے خود ہنسی کرائی ہے
جو باتیں بھی ابھیمان کی تھیں اس سے سب لاج گنوائی ہے

دوہا
کر یہ درشنا دھنش کی، لوا دھنش کو ماتھ
بانا سر خ پڑ گیا۔ شرم کے بھولے ناتھ

ات لاج شرم سے ہو گھایل راون بھی لنکا کو دھایا
بل بیں بھجا کا لگا دیا۔ پر دھنش نہ تل بھر ہل پایا
شبھ اوسر جان جنک جی نے سیتا کو وہاں بلوایا ہے
سکھیوں سمیت آئی سیتا۔ سکھیوں نے منگل گایا ہے

گانا

سیا لیچکا کر نہ کھائے جائے رے!
دھیرے دھیرے چلو دھیرے دھیرے چلو
دیش دیش کے راجا آئے باغ میں دیکھو نین نہار
یو گنل کنور جوڑے باغ میں دیکھو نین نہار

In Public Domain. Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

وے ہی دل میں رہے ہیں سمائے کرے - دھیرے

جن کے درشن کرنے کو تڑپ رہے ہیں نین

بن درشن جن کے تو الی ہوئی ہے اتی بیچین

بنا درشن رہا ہی نہیں جائے ہے - دھیرے

دوہا رنگ بھومی میں جانکی ہے جگے چند رسمان !

کون چھبی ورنن کرے، کس میں اتنا گیان

اُپما کیا دیں جگدمبا کو، اِن کے ہے کوئی سمان نہیں

موہت نر ناری ہوئے سارے بچا کوئی ولوو انسان نہیں

یدی من سے بات بتائے ہم تو ہمیں لاج آجاتی ہے

کیوں کہ جگدمبا ماتا کو، اُپما کچھ بھی نہیں دی جاتی ہے

اُپما دیں یدی جانکی کو دیو انگنا سر للنا وں سے

رتی پتی ادیچھ ہیں یہ دونوں اُپمانہ ملے اپسراؤں سے

اردھ انگنی شیو کو پاربتی، بانی واچال کہلاتی ہے

اندرانی پتی کی درشٹی سے سمتا یہ جھوٹی پاتی ہے

دِشٹ مدکی بھگنی ہے لیچھمی، کر منتھن نکالی ساگر سے

سیتا اوتار ہے شکتی کا۔ سمتا نہیں ملی برابر سے

دوہا جنک نندنی سے ہوا، پرتھوی پر پرکاش

نبھ پر چھائی روشنی، نبھ پر ہوا وکاس

دونوں کر کملوں میں جس کے، جیمال ایسی سجی ہوئی

چلے مند چال نیچے کو نظر اور ڈور پربھو سے لگی ہوئی

سرسری نظر سے کل سماج۔ دیکھی جنک دلاری نے

ٹکٹکی باندھ دیکھا پربھو کو اُس سمے سیا سکماری نے

پھر بار بار لجا بس ہو، شر دھلے انہیں نہارتی ہیں

نیچے درشٹی کر شرما کر، من راگھو بندر بر مارتی ہیں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

پراکرما شیو کے دھنش کی، جو بڑا مدہیہ دکھلاتا ہے
جا بیٹھی ہیچ پہ سکھن سہت، ہرشت جگدمبا ماتا ہے

دوہا
بندی جن سے جنک نے۔ کہا تبھی ہرشائے
پرن میرا رنگ بھومی میں سب کو دیو سنائے
بندی جن سب سبھا میں، کہن لگے سمجھائے
راجاؤں! متھل ایش کا پرن دوں تمہیں سنائے

یہ سنو آج جنک جی نے۔ جس لیئے رچایا ہے دیکھو
اوسر ہے ویر پریکشا کا۔ یوں سب کو بلوایا ہے دیکھو
ہے بلوانوں سے یودھاؤں یہ سمے ہے بل دکھلانے کا
شیو دھنش اٹھایا سیتا نے یوں پرن ٹھانا ازمانے کا
جس دھنش کو بانا سُر یودھا۔ راون جیسے نہیں ٹار سکے
اُس دھنش کو ویر دھیر کوئی نہیں اِدھر اُدھر کو ڈال سکے
یوں ہی تو جنک نے پرن ٹھانا۔ شیو چاپ جو کوئی توڑیگا
وہ تو پھر سوئمبر میں، سیتا سے ناتہ جوڑے گا!

دوہا
بڑا سبھا کے مدھیہ میں۔ اتی کٹھور شیو چاپ
سیتا بھی جے مال لے ادہر کھڑی ہے آپ

بل شالی بھجا ہوں جن کی بھی، وہ یہ بازی مارے گا
بھے جس کو نہ ہوگا بلوانوں کا وہ آگے بڑھ للکارے گا
بلوانوں بل کو تول تول آگے بڑھ کر دکھلاؤ تم
جے وِجے سہت سیتا کو بر، لیش کیرتی جگ میں پاؤ تم
ہے حوصلہ کتنا ویروں میں یہ ہی تو دیکھنا چاہتے ہیں
جاتی کا مان جاتی نی شان متری جنک آج آزماتے ہیں
ہے کون ویر رن دھیر سُو بھٹ سب سے پہلے آگے آتے
شیو چاپ چڑھا کر دکھلائے۔ جے مال گلے میں ڈلوائے

In Public Domain. Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا او جسوی دیا کھیان یہ پنڈی جن رہے لول
آٹے ویرگن جوش میں چھائی ابہی کھول

اَتی تراک بھراک کردہر کہراک کر ای کراک کراک ٹہان اُٹھے
جوشیلے باجے سن راجے، گاجے تاجے نوجوان اُٹھے
جب شیلے باجے گو تنگر، کر زور شور للکار اُٹھے!
کایر بھیرو کمزور ڈرے، جب ویر دھیر ہشیار اُٹھے
بلوان گرج کر سنگھ سمان، سب اننک بل آزماتے ہیں
وہ ہٹ کہیلے گربیلے، سب کرمشہ زور لگاتے ہیں
گہہ گہہ کر چاپ اُٹھان لگے وہ بھانت بہی شکتی لگان لگے
سب لپٹ لپٹ کر جھپٹ جھپٹ جرات شکتی دکھلان لگے
شیو چاپ ہلائے نہیں ہلتی، پچھتان لگے اکولان لگے
بلوان ہونے حیران لگے، تو من ہی من شرمان لگے
للکار مار دھر دھر بکار اس دم تھوی کو دہلان لگے
کھلبلی مچی رنگ بھومی میں جب زور زور چلان لگے!
شیو چاپ نہ تِل بھر ہلتا ہے، بس آپس میں بتلان لگے
کیا جانے اس میں کتنا بوجھ، سب کرنے یہ انومان لگے
جو بڑے ہرش سے جاتے وہاں وہ آتے شرمسار ہوکر
مانو ویروں کا کھینچ لیے بل بھاری ہو گیا بھار ہوکر

دوہا اگنت بھٹ بل کر چکے ہار گئے بلوان
سمے یہ بیتا جا رہا سیتا ہوئی حیران

چنتا ویاپی متھل ایش کو، کینچت من دہرتا دھیر نہیں
بل دیکھ دیکھ کے ویروں کا سیہ من کیوں ہوتے ادھیر نہیں
یہ حال دیکھ ودیہی کا، ہنسنے من رگھو بیر لگے
جیوں جیوں دیری ہوتی جاتی لچھمن کے ہرتے تیر لگے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

ایشور کے بھگت راجا گیانی۔ رُخ نہیں دھنش کی اور کریں
اندھے گندے ابھمانی نرپ پُن پُن جا جا کر زور کریں

دوہا دس ہزار ایک دم لپٹ، کرودھ بھرے بلوان
زور کریں شیو دھنش پر ہلے نہ سینگ سمان

ایک دم سے ایک بار بل کر دس سہستر یودھا لپٹ گئے
پھر بھی نہ ہلا وہ شیو پناک سب ہار ہار کر بیٹھ گئے
من ستی ناری کا نہیں ڈگتا، جیسے کامی کی باتوں سے
ویسے ہی دھنو ترپوراری کا نہیں ہلا وہ اپنے ہاتھوں سے
لیں کیرتی ویرتا اور پورش رن دھیر گنوا کر بیٹھ گئے
شوکت و شان بلوان سبھی، بے کار لٹا کر بیٹھ گئے
سب تیج ہین نرپ نکتہ چیں عزت کو گھٹا کر بیٹھ گئے
گئے ہار سارے بازار بیچ، ناک کٹا کر بیٹھ گئے

دوہا راجاؤں کو دیکھ کر، سوگ ہوا ایک بار
کہا کرودھ کر جنک نے گرج ترج للکار

سے راجاؤں سے یودھاؤں سے مجھے رہا تھا دھیان نہیں
ہو گیا آج گیان مجھے پرتھوی پہ کوئی بلوان نہیں
نہیں دھنش یگیہ رچتا میں کبھی بدی پہلے کبھی یہ جنا ہوتا
نہیں اپنی ہنسی میں کرواتا۔ یہ پرن کبھی نہ ٹھانا ہوتا
افسوس دھرم بہہ جائے گا یہی بھنگ پر تکیہ کرتا ہوں
کنیا کنواری رہ جائے گی، بس اسی بات سے ڈرتا ہوں
جاؤ اپنے اپنے گھر کو، ابھیمان نہ ایسا کرنا تم!
بلوان ہیں ہم نوجوان ہیں ہم، انومان نہ ایسا کرنا تم
ودیہی سیتا کنواری رہے ہی بیاہ کا شاید لیکھ نہیں
نہیں من کا چاہا ہوتا ہے، مٹتی ہے بھاگ کی ریکھا یہ

In Public Domain. Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

یہ شوک شبد متھل ایش کے سنکر سب شرمائے ہیں
سیتا کو دیکھ بیچین ہوئے سب نر ناری گھبرائے ہیں

دوہا ویر بھومی میں چھا گیا، کرونا رس ایکبار
باجے سے اٹھنے لگی شوک بھری جھنکار
پھڑک اٹھے لچھمن ابھی ہو کر بہت ادھیر
جنک راجا کی لگ گئی بات مثال تیر

آنکھیں مثال سم لال ہوئیں رگھوور کے چھوٹے بھائی کی
تقریر جنک کی تیر کے سم، سنتا رہا بہت سمائی کی
کنتو جب نہیں سمائی ہوئی ہو گیا کھڑا للکار اٹھا
چھتری پن کی مریادا کو، رکھنے کے لئے پکار اٹھا
گرد اور بھائی کا بھئے تھا مجھے چپ چاپ سہن کرتا ہی رہا
ہے بھائی کب تک مون رہوں اب تک بھے سے ڈرتا ہی رہا
گرو دلو کو سیش جھکا کر کے یہ وچن زبان پر لایا ہے
رگھوبنسی چھتری مجلس میں یہ سمان پیاری نے ہٹ ٹھان لئی
بھوہیں کمان سی تنی ہوئی، گرو سے یہ وچن سنایا ہے
رگھوبنسی چھتری مجل رہا۔ پریم چاری نے ہٹ ٹھان لئی
تھا تیج سمدریہ ہی کے سمان یہ بات ہر ایک نے مان لئی

دوہا چرنوں میں رگھوناتھ کے نوا کے پہلے ماتھ
راجاؤں سے یوں کہا۔ گرج گرج ایکساتھ

سچے یودھا۔ سچے چھتری اپنا اپمان نہ سہتے ہیں
عادت نہ جنہیں ہو سننے کی وہ سنکر چپ نہیں رہتے ہیں
شری رام چندر جی کے آگے اٹ پٹے وچن جو کہہ ڈالے
پرتھوی خالی بلوانوں سے یہ باتوں کے ماری بھالے

دوہا رگھوکل بھوشن پربھو، دیا سندھو بھگوان
کھولے وچنوں کا میرے مارا شیلا تان

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

عادت ہے سدیو سے یہ میری . نہیں کڑوا وچن سہاتا ہے
ہے ٹیڑا آتما میری پربھو، غصہ جلدی آ جاتا ہے
ابھیمان تیاگ کر کہتا ہوں آگیا جو آپ کی پاؤں میں
یہ دھنش پرانا چیز ہے کیا. سارا برہمانڈ ہلاؤں میں
برہمانڈ اٹھا کر ہاتھوں میں کر کھنڈ کھنڈ میں دکھلا دوں
جڑ سے اکھاڑ میرو گری کو، کر چورن خاک میں ملاؤں
جل کو تھل کر تھل کو جل کر، نبھ کے تارے توڑوں میں
پرتھوی کو اور پہاڑوں کو ساگر میں جا کر ڈلوا دوں میں
آگیا شری رام کی ہو جائے اُوسر جو اتنا پاؤں میں
مانند کمل کے دھنو توڑ، کوتک بل کا دکھلاؤں میں
دھارن کر کن کی تنگی پر سو یوجن پرے جاتا ہوں
دونوں ہاتھوں کی کون کہے دو انگلیوں سے چٹکاتا ہوں
جو کہا ہے جنک نے اس دم وہ کوئی نہیں کہہ پائے گا
خالی ویروں سے ہو پرتھوی تو جگ بھی نہیں رہ جائے گا

دوہا لچھمن جی نے جب کہے، کٹھن کرال یہ بول
ڈگ مگ دھرتی ہوگئی دگج بھی اٹھے ڈول

جل میں تھل میں نبھ منڈل میں بھونچال سا ایسا آیا ہے
بلوانوں نے او سارے کھوٹے راجاؤں نے چکر کھایا ہے
شری لکھن لال کو بیٹھایا. سنکیت سے شری رگھورائی نے
جو شیلے باجے بجن لگے دھیری دھیر جنک کی جائی نے

دوہا وسوامتر نے کہا تب، اٹھو شری رگھوناتھ
دکھ جنک کا سب مٹے دھنش ٹوٹتے ساتھ

آگیا شری گرو کی پا کر کے. رگھوناتھ نے ماتھ نوایا ہے
سیدھے سبھاؤ سے کھڑے ہوئے کچھ ہرش دکھا نہ چھپایا ہے

In Public Domain. Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

سب دیوتا چڑھے ویمانوں پر پشپوں کی جھڑی لگاتے ہیں
مِتھلا پور نر ناری سب دیوی دیو منان لگتے

دوہا ماتا سیتا کی ہوئی اتی و یاکل بے چین
دیکھ شری رگھوناتھ کو بولی ایسے بین

سب کو تک دیکھنے والے ہیں سب کورے ہنتو کہلاتے ہیں
ہت کی نہیں مکھ سے بات کہیں نہیں راجا کو سمجھاتے ہیں
یہ بالک کیسے دھنش توڑ، راجا کا برن نبھائیں گے
یدی اٹھانہ اِن سے شیو پناک سب راجا ہنستی اُڑائیں گے
بانا سر سے یودھا ہارے، راون سے تل بھر ہلا نہیں
بلوان سبھی کھو نشان چکے دھنوٹالے سے بھی ٹلا نہیں
وہی شیو کا پناک، اُٹھواتے ہیں نادانوں سے
مندا چل میرو ہیں اٹھواتے یہ دودھ مکھے انجانوں سے
جانے یہ کہاں گنوا بیٹھے، مہاراج سکل چترائی کو
بدھی میں ان کی کیا ہوگیا۔ سمجھے نہ برائی بھلائی کو
اُنسو ساہت یہ ہو جائے، سب ختم کرانا بہتر ہے
پرَن ہر گز پورگیہ دیکھ کر بر، سیتا کو بیاہنا بہتر ہے
کیسے یہ دھنش چڑھائیں گے ننھے ہیں یہ نادان ابھی
سمجھا دو اِس لئے راجا کو یہ بالک ہیں انجان ابھی
یودھا ہوتے تو دیتے توڑ، نہیں اِن سے اٹھایا جائے گا
ان کومل کومل ہاتھوں سے شیو چاپ نہیں ہٹنے پائیگا
آتی ہے ہنسی دھنو اٹھواتے یہ ان کومل سکماروں سے
پرکاش یہ دن میں چاہتے ہیں ان چھوٹے مند ستاروں سے
کیسے شیو چاپ چڑھائیں گے جب ٹوٹے دودھ دانت نہیں
امبر جو ڈھے کر گرن لگے تو روک سکے ہے لات کہیں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

ہے لاج ودھاتا ہی کے ہاتھ، بس وہ ہی لاج بچائے گا
وہ دین بندھو جب دیا کرے تو دکھ سب کٹ جائے گا

دوہا کہے سیا کی بات لئے۔ ہو کر دچن ادھیر
چتر سکھی نے بول کر، ہری ہے کی پیر

بولی ایشور کی مایا ہے، یہ کام بڑا انگہا تا نہیں!
ہے سوریہ ایک سنسار ہوتے روشن یہ بڑی کچھ بات نہیں
چھوٹا ہو چاہے بڑا کوئی، پر شیر میں عادت شیر کی ہے
یہ دھنش اٹھا سکتے ہیں اوشیہ جنہیں طاقت سومیر کی ہے
جیسے چھوٹا سا ہو انکس، ہاتھی بس میں ہو جاتا ہے
چھوٹی سی اوشدھی ہوتی ہے اور روگ بڑا مٹ جاتا ہے
جیسے چھوٹا سا ہی دیپک، سارے گھر کا اُجالا ہے
جیسے چھوٹا سا نہیا منتر ایک موکش دلانے والا ہے
اب دھیر دھرو رانی من میں، شری شرام دھنش کو توڑینگے
تم دودبدھا دور کرو دل سے۔ سیتا سے ناطہ جوڑیں گے

دوہا سکھیوں کی یہ بات سن، ہرشائے سیا بات
سیتا نرکھ رام چھبی، پریم نہ ہردے سمات

سیتا ماتا من ہی من میں، دیوی دیوتا مناتی ہیں!
کرنیے کریا۔ اے گریجا، ہردے سے ونے سناتی ہیں!
سچی سیوا کا پھل مجھ کو، اے مہا دیو جی دیجئے گا
اپنے پناک کو ہلکا کر کر پا اب پھول سے ہلکا کر دیجئے گا
گن ریخ۔ آج رکھئے گا۔ لاج میرا جہاز منجدھار میں ہے
ہے دیو آن کر لیو خبر۔ جیون آشا پتوار میں ہے
کچھ ہانی لابھ کا دھیان نہیں تم تات کٹھن پرن ٹھانا ہے
ہے شیو پناک، ہے آشا تیری تم کو ہی پرن نبھانا ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

ہلکا ہو جا کچھ بھار نہ ہو۔ اپنی گرُوائی دور کرو!
گر رگھوپتی کا لگتے ٹوٹے۔ یہ وِنے میری منظور کرو
رگھوپتی کے چرنوں میں میں نے بڑی سچی لگن لگائی ہے
ہے دیو! یہ میری لاج رکھو، یدی من میں میرے سچائی ہے
تم دین بندھو کہلاتے ہو، گھٹ گھٹ کے جانن ہارے ہو
تم سب لائق ہو پَرَ دا تک، بس رگھوپتی پتی ہمارے ہو
جس پر ہے جس کا سچّا پریم، پریمی سے پریمی مل جائے
جیوں ندی ملے جا ساگر سے جیوں کمل سوریہ سے کھل جائے
گتی دیکھ دیکھ کر سیتا کی، شری رام چندر جی جان گئے
انتریامی گھٹ گھٹ واسی سب گھٹ کی بات پہچان گئے
سیتا کے ہیے کی جان دشا، شیو چاپ پہ نظر سر سری کی
جیسے دیکھے سرپ کو گروڑ۔ ویسے ہی نظر ترتری کی

دوہا دیکھا شیش اوتار نے۔ دھنش توڑیں گے رام
بولے یوں ہرشائے کر دھرن چرن سُو دھام!

بارہ کمٹھ دِگج، کنجر، مت دھیرج کو بِسرانا تم!
نربھے پرتھوی کو دھارے رہے۔ آسن سے مت ڈگ جانا تم
رگھورائی توڑے شیو پناک۔ تو دھیان رکھو گھبرانا مت
ڈگ مگ دھرتی نہیں ہو جائے یہ بات کہیں بھول جانا ست

دوہا لکھن لال ہوئے موَن جب سب راجا لاچار
شیو پناک کے پاس اِت پہنچے رام اُدار

رگھوراج دھنش کے پاس گئے نر ناری ہرش منائے رہے
گرو کو منائے مستک نوائے رگھوناتھ جی دھنش اٹھائے رہے
شیو چاپ ہتھیلی پر رکھ کر چلّے کو کھینچا۔ رگھورائی!
گوشے سے گوشا ملا دیا۔ دکھلائی پربھو نے پربھوتائی!

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

پھر کڑاک کڑاک کا شبد ہوا، پرتھوی آکاش گنجار اُٹھے
رگھورائی نے توڑا پناک، سب شر جے کار پکار اُٹھے

گائن

جے جے کمل دل سنہار پربھو — بھگوان تمہاری جے ہوئے
تربھون اُٹھا گنجار پربھو — بھگوان تمہاری جے ہوئے
شر نر منی ناگ اور گندھرب — سب جے جے کار پکار رہے
چھکے چھوٹے راجاؤں کے — ہردے کو پھٹے یودھاؤں کے
کہتا ہے سکل سنسار پربھو — بھگوان تمہاری جے ہوئے
ہو گئے دھنش کے کھنڈ کھنڈ — ہل گیا سکل برہمانڈ مسنڈ
ٹلے چین کہے ہر بار پربھو — بھگوان تمہاری جے ہوئے

دوہا توڑ دھنش رگھوناتھ نے، کاٹے سب کے پھند
دھیر مندھی منقل الش کی، بجی سودن ہیں ڈھند

جب باجا وجے کا باجا تھا، دھونی گھور بھون ہیں چھائی ہے
چھپی ہیں ہوئے سارے راجا، متھلا پور سب ہرشائی ہے
رانی راجا سانند ہوئے، من پھولے نہیں سماتے ہیں
گیانی دھیانی اور وگیانی سرگن سبھی خوشی مناتے ہیں

دوہا ستانند نے آگیا، دینی تب ہی سنائے
ہرشت ہو چلی جانکی جہاں کھڑے رگھورائے

جیسے ساگر کی اور ندی جاتی ہے من میں ہرشائی
ہاتھوں ہی ہاتھوں میں رہ گئی سدھ بدھ تن کی بسرائی
چلی مند مند شری جنک ستا سندر جے مالا لئے ہوئے
ادبدھ چھبی چھائی جانکی پر بھی دھیان پربھو کا کئے ہوئے
ہے چکت چکور کی بھانت، اپنے شری چند کے پانے کی!
ہوئی بھول یہ من میں بھول گئی سدھ رہی نہ مال پہنانے کی

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا چتر سکھی نے تب کہا۔ پہناؤ جے مال
پریم کے پھندے میں پھنسی سکھی لی کیوں چال

یہ بات سکھی کی سن کر کے، کر میں جے مال سنبھالی ہے
کنتو کیا کرے پریم کے بس تہنیں جاتے گلے میں ڈالی ہے
یہ پریم بھرا درشیہ دیکھ دیکھ سب سکھیاں منگل چار کریں
جے مال پہنائی سیتا نے سب نر ناری جے کار کریں
سکھی کہیں پربھو کے چرن گہو، سیتا نے مانی بات نہیں
آئی ہے یاد اہلیہ کی، چرنوں میں لگاتی ہاتھ نہیں

دوہا چھوئے چرن رگھوناتھ کے اڑی اہلیہ نار
دیکھ الوکک پریت کو، ہنسے شری رام ادار

گانا

سکھی سب مل کے گاتی ہیں بدھائی ہو بدھائی ہے
یہ دھن مل مل سناتی ہیں بدھائی ہو بدھائی ہے
گگن سے دیوتاؤں نے پربھو پر پھول برسائے
عجب جوڑی سہاتی ہے بدھائی ہے بدھائی ہے
بہار باغ جیون میں خوشی چھائی جنک جی کے
یہ گل بل بل مچاتی ہیں بدھائی ہو بدھائی ہو
پن پیارا جنک پور کا یو دہیا کا سگھڑ بھنورا
ترانہ کماری گاتی ہے بدھائی ہو بدھائی ہے
عجب بے چین ہو کر لیکھنی لکھتے ہیں نیادر سنگھ
تب ہی تو دنیا گاتی ہے بدھائی ہو بدھائی ہے

(بھاگ ۴) دھنش یگیہ سماپت)

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اوم

رامائن بھاگ ۵

پرسرام سمواد

دوہا ویدیہی نے رام کو دی جے مال پہنائے
تین لوک میں آس سے ہرش گیا اتی چھائے
ابھیمانی راجاؤں کو، چھایا کرودھ اپار
استر شستر لے ہاتھ میں کہن لگے للکار
باندھو دونوں سکماروں کو، مت دیا کرو مت ہینوں پر
اب تک تو نیائے دھنش پر تھا۔ اب نیائے رہا نگینوں پر
دیکھیں تو ہمارے ہوتے ہوئے کون جو سیتا کو بیاہے
طاقت جو کوئی رکھتا ہو وہ نکل سامنے آ جائے
پرتھوی کو رکت سے لال کرو، کٹ جاؤ مر جاؤ ویرو ں
دونوں لڑکوں کو قتل کرو، سیتا کو لے آؤ ویرو ں
دوہا سادھو نرپ تب دیکھ یہ، بانی کہی سنائے
ڈوب رہے ابھیمان میں شرم نہ تم کو آئے
شیو چاپ ٹوٹتے ہی دیکھو سب استر شستر بیکار ہوئے
کچھ شرماؤ مت ہٹ لاؤ، دھکار تمہیں مردار ہوئے
اب کیا ہتھیار دکھاتے ہو، بیکار یہ سب ہتھیار ہوئے
ہشیاری کیا دکھلاتے ہو، مردار ہو تم لاچار ہوئے
دوہا بچن بڑھی راجاؤں میں بڑھا ایک دم روش
نرناری بے بھیت تھے دیکھ کے بڑھتا جوش

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

سیتا کو لے کر سب سکھیاں، کٹھنائی سے محلوں میں آئیں
مرکائے چلے اُتی مند مند گرو کے سمیپ گئے رگھورائی
یہ دِشا دیکھ راجاؤں کی۔ اُتی سوچ جنک کو چھایا ہے
لچھمن کی بھر کٹی تیز ہوئی، بس کرودھ ایک دم آیا ہے

دوہا دھنش ٹوٹنے کی سُنی جب بھرگوپتی آواز
بھرگو کل منی پر ستت ہوئے اٹھا کانپ سماج

جب رنگ بھومی میں آئے منی سناٹا ایکدم چھایا ہے
خاموش ہوئے یوں راجا گن سب کو لقوا جوں آیا ہے
تھے جٹا جوٹ سر کسے ہوئے، تھے تن پر بھسم لگائے ہوئے
اتی چمک سے ماتھا رہا چمک دمک اور تلک تری پنڈ لگائے ہوئے
تھی عجب وبھوشت مرگ چھالا۔ گل مالا جنیو ساج رہے
دھنو رن سو شو بھت ہیں کٹی میں منی ویش میں آئے واج رہے
فرسا کندھے دھنو ہاتھ لئے بھرگو پتی بیٹھے کرودھ میں بھر ہوئے
نینا مثال سم لال لال۔ سدھا کو نٹھار کو کرے ہوئے
آتی کرودھ ونت ہو دیش سنت ہیں منی لکھوں یا ویر لکھوں
لکھیشنی اچنبت ہوتی ہے میں سنت لکھوں رن دھیر لکھوں

دوہا ویر برہمن کرودھ میں ہوا کھڑا تھا لال!
کانپ اٹھی رنگ بھومی سب دیکھ انہیں وکرال

اٹھ اٹھ کر سب پرنام کریں آگے سر شیش نواتے ہیں
اور پتا سمیت بتلاتے نام انہیں اوپر نظر اٹھاتے ہیں!
شری بھرگو کمل ذرا اپنی یدی اِت اُت نظر دوڑاتے ہیں
کہیں بھسم نہیں ہم ہو جائیں۔ نظروں سے چھپتے جاتے ہیں

دوہا جنک راج نے اسی چھن، کہا جوڑ کر ہاتھ
آسیش سیتا نے لئی، چرن نوایا ماتھ

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

چرنوں میں ڈالے رام لکھن شری وشوامتر آگے آئے
آشیرواد دی چھپی نہ رکھی۔ جو کوئی کام کا سُر ہائے
پھر رنگ بھومی میں پھر گوپی نے سرسری سی نظر گھمائی ہے
متھلیش سے نے شری پھر گوپی جی نے پھر ایسی بات سنائی ہے

دوہا کس کارن۔ کہو جنک یہ ہے یہاں بھیڑ اپار
ابھی ابھی کس کارنے ہوئی تھی تکرار!

پرن کیا تھا جو متھلیشور نے سب جنک نے اسے سنائی ہے
وہ سیا سوئمبر کی اُن کو داستان سبھی سمجھائی ہے
جب سنا کہ شیو پناک ٹوٹا۔ سن کرو دھ روپ وکرال ہوئے
شیو دھنش کے جب ٹکڑے دیکھے آنکھوں کے ڈورے لال ہوئے

دوہا پرسرام نے جب سنا۔ ہو گیا شیو دھنو بھنگ
گرج ترج کرنے لگے۔ لال ہو گیا رنگ

کس نے اس دھنو کو توڑا ہے وہ کون ہے کس کا جایا ہے
ہے کون بتا بلوان یہاں یہ کس نے ظلم کمایا ہے
گر آئے سامنے تو میرے، میں اُس کے ٹکڑے کر ڈالوں
ورنہ کر الٹ پلٹ پور کو لہو سے زمیں کو بھر ڈالوں

گانا

بتا دے یہ جنک مجھ کو۔ کس نے ظلم ڈھایا ہے
دھنش توڑا ہے شنکر کا۔ نہ میرا خوف کھایا ہے
میں لے مارے ہیں چن چن کر بڑے رن دھیر بل دھاری
سہسترباہو سے ویروں کو مٹی میں ملایا ہے
سمجھ مت سیدھا برہمن، میں ہوں کرودھی بال برہمچاری
مہی چھتریوں سے کئی بار خالی۔ زمانے سے مٹایا ہے

In Public Domain. Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

کیوں توڑا شیو دھنش۔ اُسے میں بیچ سے توڑوں
اُسے بے چین کر دوں گا۔ کر دوں بالکل صفایا ہی

دوہا
رنگ بھومی میں ہو گیا۔ سناٹا چھون اور
تینی وِدِج نے جب لیا فرسا کٹھن کٹھور

متھالیش کا ہردے کانپ اٹھا سب کانپ اٹھے تھر تھر تھر
کیا ہونا تھا ہو گیا ہے کیا نرناری رہے تھے من میں ڈر
اِبھما لی راجہ مگن ہوئے۔ من پھولے نہیں سماتے ہیں
"بے چین" ہوئے سیتا سمیت دُکھ پاتے ہیں پچھتاتے ہیں

دوہا
منگل سبھا اور جانکی۔ جب دیکھی بے چین
ہرش وِشاد کو تیاگ کر بول اٹھے سکھدین

توڑا ہے جس نے شیو پناک وہ سیوک سدا تمہارا ہے
کیا آ گیا ہے اُس کنکر کو، جو لوگوں کا جیسے سہارا ہے
جس پر ترپا ہو برہمنوں کی، کرتا ہے ایسا کام وہی
جس نے ہوں گرو آپ جیسے کرتا ہے جگ میں نام وہی

دوہا
پرسرام کہنے لگے، ہو کر بہت پرچنڈ
آئے اپرادھی جو ہو، اس کو دینگے ڈنڈ

سیوک تو وہی ہوتا ہے، جو کام گرو کے آتا ہے
جو کام شترو کے کرتا ہے ڈنڈ اُس کو دیا جاتا ہے
ہو جائے سبھا سے الگ ابھی وہ ڈنڈ بہت اب پائے گا
اور نہیں تو بھول سے یہاں پر کوئی اور ہی مارا جائے گا
وہ میرا کرودھ کیوا ہے جو شیو دروہی کہلاتا ہے
وہ سہستر باہو سا شترو ہے لہو پر سا پینا چاہتا ہے
ہے رام تو ہی آگے بڑھ کر، ان سب سے پہلے آیا ہے
اس لئے ہوا معلوم تو نے ہی ظلم کمایا ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا سن لچھمن جی کو ہوا، ایک دم کرودھ اپار
پرسرام جی کے وچن ہوئے سر کے پار

بولے کہ سُکھ کی باتوں میں، دکھ کہیں کہیں ہو جاتا ہے
جو میٹھے شبد سناتے ہیں۔ پنجرے میں وہ پھنس جاتا ہے
جب بھائی نے میٹھی بات کہی تو کرودھ میں ہو گرائے ہیں
اور سمجھ رام کو اپرادھی ایک دم ہی آپ جھنجلائے ہیں
اچھا ہم نے ہی توڑا ہے یہ تم ہمیں نے ڈھایا ہے
شیو چاپ کے ٹکڑے کر ڈالے اب آپ کریں جو بھایا ہے
بالک پن میں توڑی دھنوہی تو آپ کبھی نہیں گرمائے
کیا سنہہ تھا اس دھنو پر۔ جو اس قدر ہیں آپ جھنجلائے

دوہا لکھن لال جی کی سُنی، جوش بھری یہ بات
لال ہو گئے کرودھ سے سُرخ ہو گیا گات

بولے۔ اے دودھ مونہے بچے۔ کیا زبان چلائے جاتا ہے
او نالائق منہ کو سنبھال۔ کیوں بکتا سمجھ آتا ہے
جو دھنش شری بھوتیسور کا۔ جس کو سنسار جانتا ہے
دھنوسم اُس کے ٹکڑے کر دوں یہ من میرا نہیں مانتا ہے

دوہا ہنس کر لچھمن نے کہا، سنو شری مہاراج
دھنش ایک سم ہیں سبھی۔ لگا لیا اندراج

ٹوٹے سے اُس کے ہانی نہیں کیوں دھنش پرانا تھا
شاید یہ ہوگا کوئی نیا دھنش یہ ہی رگھوپتی نے جانا تھا!
اس میں کیا دوش ہے رگھوپتی کا وہ ہاتھ لگاتے ٹوٹ گیا
اب رونے سے کیا ہوتا ہے جب تمھی ہاتھ سے چھوٹ گیا
تم برہم روپ ہو مہاراج نہیں کرودھ میں آنا لازم ہے
کرودھ سے گہنا چھتری کا نہیں تمہیں سجانا لازم ہے

In Public Domain. Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

ہے مہاراج میں کہتا ہوں بن کہے، رہا نہیں جاتا ہے
ایک شانتی ہی بل کافی ہے برہمن کو یہی سُہاتا ہے
دوہا لکھمن لال نے جب کہے وچن مثال تیر
بھر گئے کرودھ گراں میں بھرگو پتی ہوئے ادھیر
کیا ہو گیا شٹھ تجھے صاف بتا جو باتیں بہت بناتا ہے
نیو تماری برہمن جان مجھے جو گال بجائے جاتا ہے
مت بھولا برہمن جان مجھے چھتریوں کا ناش کیا میں نے
کرودھی ہوں بال برہمچاری تج کل بسو لیش لیا میں نے
میرے اس خونی فرسے نے چھتریوں کا خون بہایا ہے
چھتری دیں اس فرسے نے دھرتی کو خوب بنایا ہے
بہتر با ہو گی بھی تو بس بچا سکا سے والا ہے
لے دیکھ تو بالک اب اس کو یہ تجھے چھاٹنے والا ہے
دوہا سنو بات منی رائے تم، کہا لکھمن ہرشائے
نظر اسے لگ جائے گی، جلدی لیو چھپائے
ہو گیا پرانا یہ فرسا۔ اب کیا کوشل دکھلائے گا
ہلدی کی ایک گانٹھ پاکر۔ پنساری چوہا کہائے گا
نہیں تیزی ہے اس فرسے میں کہوں کہ اس پر دھار نہیں
اس سے معلوم ہوتی ہے۔ پہنی تمہاری گفتار نہیں
کیا بار بار اس سے مجھے، فرسے کو دکھا ڈراتے ہو
کیا خوب بودلے کی بھانت۔ امبر لاتوں پر دلھاتے ہو
وہ پھول نہیں ہیں ہم نازک جو ہاتھ لگے کمہلاتا ہے
وہ چھوئی موئی کے پیڑ نہیں لگتے ہی ہاتھ مرجھاتا ہے
گانا

آپ پرسا دکھا کر ڈراتے ہیں کیا اس ڈرانے میں کیا سمجھ آتے ہیں ہم

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

تم تمک، شان۔ شیخی۔ دکھلاؤ نہ اب !
خوف ہرگز کسی سے نہ کھاتے ہیں ہم !
ہیں بہادر ببر رگھو بنس کے
اور دیا برہمنوں پہ ہی لاتے ہیں ہم
ہم بڑے کال کے بھی مہا کال ہیں
ہاتھ بے چین ہو کے ملاتے ہیں ہم

دوہا پرسرام کہنے لگے بڑھا نہ اب تکرار ۔۔۔۔!
ورنہ اس رگھو بنس کو ہے پرسے کی دھار

تو کیا ہنس ہنس باتیں کرتا ہے۔ ہیں تجھ کو ابھی بھلا دونگا
پرسے کی ہینی دھارسے ہیں اب تجھکو بھینٹ چڑھا دونگا
اس چھوٹی سی جھو اسے تو پر بتا کے پربت ڈھان لگا
جس منہ سے دودھ کی دھار بہے تو اس سے وِیَن سان لگا
من ہیں تو میرے آتا ہے، پرسے کی بھینٹ چڑھاوں یا
پھر خیال اوستھا کا آتا۔ کیا تجھ پر ہاتھ اٹھاوں میں
نادان تو ہوش سنبھال ذرا کیوں ناحق مرنا چاہتا ہے
مجھ سے نرموہی کے آگے تو کیوں بڑھ بڑھ کر آتا ہے

دوہا لکھن لال جی نے کہا۔ دھنیہ آپ کا بودھ
رہے مبارک آپ کو دیو، آپ کا کرودھ

ہم تو لڑکے ہیں سوامی جی۔ ہم ہیں نادانی لازم ہے
لڑکوں سے ناحق میں تم کو نہیں ہنسی کرانی لازم ہے
مجھ میں وہ دودھ کا نہیں بھان جو پانی سے دب جاتا ہے
بھے سمجھے آپ کے کرودھ کا ہے جو زیادہ دبتا جاتا ہے

دوہا گھسرت پڑنے سے جس طرح پاوک ہو پرچنڈ
اسی طرح منی ناتھ کے بھڑک اٹھے بھج ڈنڈ

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

تھی برج کر لکھن کو، اُٹھے شری رگھوناتھ
جیوں جل پا اگنی بجھے، کہی توں نہیں کر بات
کیا ناتھ بالکوں کی باتیں، باتیں کرنے کا گیان نہیں
جیوں گنگا تیوں ان کا منکھ ہے اچھائی بُرائی کا دھیان نہیں
ہو بہم دیوتم تو سوامی اور مورکھ مونڈھ گنوار ہے یہ
مل گیا بھید تم کو اس کا۔ انجان ہے یہ لاچار ہے یہ
تم بھیس میں آتے برہمن کے۔ تم سے کرتا گفتار نہ یہ
تم ویر بھیس میں آئے ہو۔ یوں ہوتا شرمسار نہ یہ
بے خطا ہے اس کی خطا نہیں بس میں خطا وار اکیلا ہوں
نردوش ہے اس کا دوش نہیں توڑن ہار امیں چاپ کا ہوں
دوہا پرسرام نے تب کہا۔ اپنا اٹھا کٹھار
خطا وار کے واسطے۔ اس کٹھار کی دھار
لکھن لال آگے بڑھے وکھن مٹالے تیر
کہہ سکتا ہے کون یہ، خطا وار رگھوبیر
بس خطا وار تو ہو تم ہی جو رس میں زہر ملاتے ہو!
بھائی نے گھرت سب کا رڑھ لیا تم چھاچ کو پینا چاہتے ہو
یہ دھنش پُرانا جنک کا تھا سو جنک نے یہ تڑوا ڈالا
پھر آپ کون ہیں خانخاں جو آن یہاں جھگڑا ڈالا
یا میرا سمجھے دھنش کو، تم آئے ہو رُنے دھونے کو
یا بھیڑ دیکھ کر ویروں کی۔ آئے ہو چپکی جھانے کو
دوہا پرسرام نے پھر کہا۔ اے شٹھ زباں سنبھال
اسی بھیتا کا دیوں سے انعام فی الحال!
جس ہاتھ نے ماتا کی بلی دی شری پتا کا قرض چکایا ہو
سو برن گرو دیوکا ونے چکا بس اسی لئے کھجلایا ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

یہ اوڑن ہونے کا دوسرا۔ رن ان کا آج چکاتا ہوں !!
اس تیز دھار سے پرسے کی تم کو ہم نوک سمجھتا ہوں

دوہا لکھن لال نے پھر کہا۔ لائے خوب کوٹھار
ڈر جاتی ہیں دیکھ کر، اس کو آ بلا نار

تم ہانک کال کو لائے ہو۔ یہ سمجھ میں میری آتا ہے
اس کو ہر بار بلاتے ہو وہ یہیں دیکھ ڈر جاتا ہے
باتیں ہی باتیں کرنے کو سنگ میں رکھتے ہو ساز بہت
جیوں تھوتھے چنے میں خاک نہ کچھ پر ہوتی ہے آواز بہت
ہے دھنیہ تمہارے پرسہ کو جس نے گھر والوں کو ہی مارا
اور دھنیہ آپ کے ہاتھوں کو جس سے ماتا کو سنہارا
باقی جو قرض گرو کا ہے وہ میں کر دوں بھگتان الگ
جلدی ہی ہنیم کو بلواؤ۔ لگ وادو سب میزان الگ

دوہا پرسرام کہنے لگے ارے موڑھ خاموش
روک سکے گا کون پھر میرا بڑھتا روش

آنکھیں دکھا کر تو مجھ کو، تھ آگ میں آگ لگائے جا
گھی ڈال ڈال کر پاوک میں، جاتے کو اور جلائے جا
برباد تو رگھو اس جوالا میں تو ہی جل کر مر جائے گا
تو تس گھمنڈ میں بنتا ہے یہ منشا تجھے رلائے گا
شیو دھنش توڑ کر ہی مورکھ تو پھولا نہیں سماتا ہے
نہیں یودھ بھومی کو دیکھا ہے یوں تر تر زبان چلاتا ہے

دوہا بات لکھن نے پھر کہی۔ پتھر کی لکیر
بات کہی جو آپ نے ہے قابل تحریر

کنتو یہ آپ جانتے ہیں، ہم بھی چھتری مردانے ہیں
ہم کال کے آگے اڑ جائیں نہیں پیچھے قدم ہٹاتے ہیں

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri
In Public Domain. Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

کوئی چھتری نہیں ملا تم کو، تب ہی تو بات بناتے ہو
دیوتا برہمن ایک سا ہو گھر میں ہی گال بجاتے ہو

دوہا پرسرام کہنے لگے۔ لے تو زبان سنبھال
بے ہودہ سی باتیں کرے۔ آیا تیرا کال

کیوں مان و مد کو بڑا کہے۔ کیوں ناداں ابھیمان میں ہو
میرے سبھاؤ کو سمجھ گیا پھر بھی راضی نقصان میں ہے
اپنے اس پرسے سے ناداں سب گماں ہیں تیرا جھاڑ دیگا
ہوئی سے میں لاچار ہوا ہوں اب کٹھارے سے ماروں گا
یدی دھیان نہ ہوتا دانی کا تو زبان چلانے دیتا کیوں
اس بھری سبھا میں مورکھ تجھے ہنسی اڑانے دیتا کیوں
بچپن کو تیرے دیکھ دیکھ، پرسا میں نہیں اٹھاتا ہوں
کڑوی باتیں تیری سنکر، میں سادہ ہان ہو جاتا ہوں

دوہا ہنس کر بولے لکھن جی، ہیں ہم تو ناداں!
بوڑھوں پر بھی ایک ہے تنستر ہی بڑی بان

بوڑھا پرسا جو آپ کا ہے۔ کیا اب بھی خون بہا دیگا
بے کار زد بار سے تھی کہیئے۔ کیا کچھ کر کے دکھلا دیگا
تم برہمن ہو ہیں چھتری ہوں بس یہ لحاظ ایک تھوڑا ہی
دہ ہاتھ پکڑتے ہیں میرے شیو چاپ جنہوں نے توڑا ہی

دوہا پرسرام جی نے کہا۔ بند کرو یہ ٹھاٹ
پرسا اب دکھلائے گا تجھ کو موت کا گھاٹ

لعنت ہے میرے پرسے پر جو تجھے مار کر دھرے نہیں
غصہ میرا بیکار سا ہے جو تجھ پر یہ وار کرے نہیں!
کیا اس میں خطا ہے پرسے کی وہ چلتے بھی رک جاتا ہو
دینا مت پھر دوش مجھے کوئی بالک ہی مرنا چاہتا ہو

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

آگے آ۔ اے شٹھ بالک تو، پرے رہ ہاتھ ہمارا ہے
جبے کار والے ہے ایک میرا۔ کانی بس ایک اشارا ہے

دوہا پرسرام کا کرودھ جب آگے پہنچے جلنے
کہا یوں وشوامتر نے۔ چھما کرو منی رلنے
گاگن

کر چھما لکھمن کو وہ بالک ہے یہ نادان ہے
دوش بچپن کا نہ گنیے کیوں کہ یہ اگیان ہے
داس ہے چرنوں کا یہ اسکو سمجھ کچھ ہے نہیں
کیا جلنے بل تمہارا۔ کیونکہ یہ انجان ہے
بالکوں پر کرو دیا۔ سوامی چھما کر دیجئے
دہرم شیلتا اور دیا میں ہی تمہاری شان ہے
اب او گن چت دھریں نہ دل بے چین کے
بال برہمچاری ہو یودھا۔ کیا اسے پہچان ہے

دوہا جب منی وشوامتر نے۔ بات کہی گمبھیر
جیسے جلتی آگ پر، گیر دیا ہو نیر

تم نے جو کری سفارش ہے۔ کر دیا معاف ہٹ جائے یہ
جو کیا کرودھ سو صاف کیا۔ اب ہٹ اپنے گھر جائے یہ
ہم کرودھ کو پھیرے لاتا ہوں سنکر لچھمن اتی مسکایا
دیکھا جب ہنستے لچھمن کو تو پھر گویں کو غصہ آیا
بولے وہ ہنس ہنس مورکھ یہ میرا جگر جلاتا ہے
زہری سو لیا ہنس ہنس کر یہ دُگنی آگ لگاتا ہے
کچھ تو ہٹ کو برجو اس کو کیوں مجھے روکے جاتے ہو
میری آنکھوں کے آگے سے کیوں اسکو نہیں ہٹاتے ہو

In Public Domain. Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا لچھمن بولے آپ کا ہے گر یہی وچار
تو بھر اپنی آنکھ ہی بند کرو سرکار

میری آنکھوں سے ڈرتے ہو تو اپنی آنکھ چھپا لو تم
جلتا دل اگر آپ کا ہے ٹھنڈا پانی ڈلوا لو تم
جیسے بن کھے ہے یہاں آئے۔ بن کھے یہاں سے جاؤ تم
پدی ٹوٹے دھنش ہیں پریم بنا تو اسے اُٹھا لیجاؤ تم
جو اس سے پریم بہت ہی ہے کاریگر سے جڑوا لو تم
پدی چھیڑ چھاڑ پر ہی خواہش ہو تو اور بھی کچھ کہلوا لو تم
کیوں زبان نہ تھکتی نہیں سوامی کی جو تیز تر زبان چلاتے ہو
کیا پر سے کر نہیں تھکتا جو پیچھے نہیں ٹکاتے ہو

دوہا لچھمن کے سن کٹو وچن پرسا لینا تان!
گھبرائے سب دیکھ کر ہوئے بہت حیران

اُٹھ رام چند لچھمن جی کو۔ پیچھے کو بھی ہٹاتے ہیں
آگے بڑھ کے پرسے کے تلے؛ سر اپنا رام جھکاتے ہیں!
اور ہاتھ جوڑ کر کہن لگے۔ کرپا کر مجھ پر وار کرو
یہ ہاتھ شرن ہے پرسے کی اب مار کے بیڑا پار کرو
جو سیوک ہیں اس پرسے کے اس پر رہا نہیں فرار کرے
پدی کھوٹ بنتی سرتے سیوک کا کیسے اُن کو بے کار کرے
کر یوا ہے اس کی چھایا یہ، سیوک کو انکار نہیں
ان چرنوں کے سرا رپن ہے تو مرنا ہے بیکار نہیں
ہم تو ہیں برہمنوں کے سیوک، سیوا ہی دھرم نبھائیں گے
یہ اُتم کرم ہمارا ہے برہمنوں کو سیس نوائیں گے
سر موڑ ہمارے برہمن ہیں ان کے بن سرکا کاج نہیں
یوں ڈرتے ہیں ہم برہمن سے بیکار ہے یہ انداج نہیں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

برہمنوں کے چرنوں کی کرپا ہونے سے ہم یش پاتے ہیں
ہے دیا برہمنوں کی ہم پر، جو نربھے دھنش چڑھاتے ہیں

گائن

ہے مہاراج مجھ پر دیا کیجئے گا
خطا جو ہوئی ہے عطا کیجئے گا
پرسرام جو نام کتنا ہے سندر
بڑا ہی سر شیٹ ہے آزما لیجئے گا
فقط رام ہی تو مجھے کہتے سوامی
میں چرنوں کا سیوک چھما کیجئے گا
نہیں ہر طور چھوٹا کرپا کیجئے گا
منی رام تم ہو دیا ندھ ہو سوامی
میں چرنوں کا سیوک چھما کیجئے گا
چھما کیجئے، دوش بچپن کے سب
پربھو دوش دل سے مٹا دیجئے گا

دوہا ست نت ہوئے بھرگو پتی، سن رگھوپتی کی بات
لچھمن جی نے پھر کہا۔ سکتی ہنسی کے ساتھ
مانے پل میں برہمن۔ بل میں جائے رسائے
ایسا سیدھا دیوتا، اور دوسرا نائے
اتنا کہہ کر ہنس پڑے۔ ایکدم لچھمن ویر
ہنستے ہی اُن کے لگا۔ ادھر کلیجے تیر

ہے رام آپ کے کہنے سے، مجھ کو دھیرج بندھ جاتی ہو
پر لچھمن جی کی یہی بات بس چھاتی مری جلاتی ہے
دیکھو تم اس کی باتوں کو یہ ہنس کر مجھے جلاتا ہے
اس کے ہنسنے سے ایک دم یہ دل میرا بھن جاتا ہے

In Public Domain. Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

میں پتھر کی مورتی بنا ساری بات سہہ جاتا ہوں
میں اسے مار ہی ڈالوں گا یہ تمہیں ستیہ بتلاتا ہوں
کیا تجھے ہو گیا اے پرسے جو ہاتھ ہوا بیکار میرا
جل کر تن خاک ہوا جاتا۔ نہیں اُٹھا قدم اِس بار میرا
دوہا کہا لکھن نے ہنس تبھی دھنیہ دھنیہ مہاراج
بھول آپ کی بات سے خوب جھپڑ رہے آج
دیکھو مہاراج جی ہوش کرو، کہیں مورتی مت بن جاؤ تم
مندر نہ بنانا پڑے یہیں مت اتنا دکھ ہو بجانا تم!!
سالگرہی نہیں ہے پوجن کی پھر کیا بلنبٹ چڑھائیں ہم
اُپہار میں یہ ہار لیجیے اس طرح تمہیں پرچائیں ہم
دوہا یہ سن پرسا اٹھائے کر۔ بڑھے منی رسیائے
کہا رام جی نے تبھی۔ چھما کرو منی رلائے
پرسرام کہنے لگے ٹھیک تمہاری بات
جان گیا ہوں خوب میں تم دونوں کی گھات
چھوٹے بھائی کے بول مری چھاتی میں کاٹ کر جاتے ہیں
اور بول تمہارے ہیں ملائم جو مرہم لگا دکھاتے ہیں
ہے ایک گرم اور ایک نرم دونوں چالاکی کرتے ہو
کیوں وشوامتر دیکھ کر بھی کچھ تم بھی سانس نہ بھرتے ہو
دوہا باتیں ساری چھوڑ کر۔ کرلے دو دو ہاتھ
رام کہا نا چھوڑ دے۔ مان انیتا بات
اتنا کہہ کر دودھ میں پرسا لیا اٹھائے
تبھی شری رگھوناتھ جی بولے سیس نوائے
جس طرح تمہارا کرودھ گھٹے وہی تدبیر کرو سوامی
اپرادھ چھما میرا کردو اور من میں دھیر دھرو سوامی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

سنگرام کیا سیوک سوامی کا یہ سوچ خطا کو عطا کرو
تم سب لائق ہم ہیں پاپاب پاپک پر سوامی دیا کرو
ہیں آپ برہم اور جیو ہیں ہم ہر طرح سے تم سے ہار گئے
اے دیو! اب ہمیں چھما کرو بیکار سب ہی ہتھیار گئے

دوہا پرسرام یہ بات سن، بول اٹھے للکار
کو را برہمن ہی مجھے جانو مت بے کار

ہے بان آہوتی دھنش سُروا اور یہ کرودھ میری جوالا ہے
معلوم مجھے یہ ہوتا ہے کوئی اس میں جلنے والا ہے
سمدھا چھتری اگنی سینا نے۔ راجا بہو پشو بنا ڈالے
پرسے کاٹ بہت راجا مارے اور بہت مٹا ڈالے
سنگرام یگیہ بس اس پرکار جگ میں کئی بار کیا میں نے
میرا پربھاؤ آپ کرم میرا سب اب تو جان لیا تم نے
تم جان کے برہمن سیدھا مجھے ترسکار ہمارا کرتے ہو
افسوس ہے میرے کرودھ سے تم اب بیش ماتر نہیں ڈرتے ہو

دوہا بولے سُتری رگھونا تھ جی دچن کہو دل تھام
کٹھوڑی سی اِس چوک پر نہر گیا کرودھ تمام

یدی ترسکار ہم کرتے ہیں تمہیں دیو برہمن مانتے ہیں
سنسار میں کون سا یودھا ہے جس کا ہم تجھے مانتے ہیں
سُرا سُرا اور بلوان کوئی۔ آکر آن لڑے ہم سے
ہم قدم نہ پیچھے رکھیں گے یدی کال بھی آن لڑے ہم سے
ہے سبھاؤ یہ رگھو بنش کا۔ تعریف نہ ہرگز کرتے ہیں
بھے کبھی کال کا نہیں ہمیں جی جان ہے جہاں جرتے ہیں
برہمنوں میں اتنی پربھوتا ہے دہشت ہم تم سے کھاتے ہیں
جو برہمنوں سے بھے کھاتے ہیں نشچت وہی سکھ پاتے ہیں

In Public Domain. Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا مردُل وچن گم بھیر جب بولے رام سجان
پرسرام پُلکت ہوئے، من میں اُپجا گیان
بولے رام رماپتی - آپ چڑھا دو چاپ
یدی تم اُوتار ہو، مٹا دیو سنتاپ
ہاتھ لگت ہی رام کا - آپ چاپ چڑھ جائے
دیکھ چکت من میں ہوئے پرسرام منی رائے
پرنام دیا پا بھگتی وِدھا منی تمام
پُلکت ہو کہنے لگے جے جے شری رام

چوپائی

جے رگھوبنس منی کُل جیسندا ! | بھنجت گنی ہی بہو جگت کا پھندا
جے رگھوناتھ پربھو سکھ دہام | جھپی لکھ کوٹ نجا ہیں کام
کو کوی کہی سکھ کر ہیں بڑائی | نام جپیت سب پاپ نشاہی
انوچت وچن کہے تمہیں سوامی | کرہو چھما پربھو انتریامی

دوہا جے جے کہہ شری بھر گو پتی، بار مبار پرنام
بن کو منی ور چل دیے جانے جیا پرگھونام

یہ دیکھ دیو رہے دُندبجا، اکاش سے پُشپ برسا ہیں
ابھیمانی راجا اُٹھ اُٹھ کر منہ چھپا چھپا گھر جاتے ہیں
ہرشت ہو کر سب پُرواسی ہرنے تی آنکھیں کھول اُٹھے
اَتی دھوم مچ گئی منڈپ میں جے رام لکھن کی بول اُٹھے

دوہا توڑ دھنش سکھ دے دیا سب کو ہی سکھ دین
پرسرام سمواد یہ کیا پورا "بے چین"

(بھاگ ۵ - پرسرام سمواد - سماپت)

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

رامائن بھاگ ۶)

رام وِواہ

دوہا بولے وِشوامتر سے۔ ہاتھ جوڑ مِتھل ایش
پورن پرن کیا رام نے مٹ گیا سکل کلیش

اب اُچِت آ گیا دو سوامی، سب حکم بجانا لازم ہے
ہم تو آدھین تمہارے ہیں آ گیا ہی سننا لازم ہے
بولے منی اے مِتھل ایش سنو سو بر آدھین تمہارے تھا
پرن پورا ہوا، دھنو ٹوٹ گیا سب بر آدھین تمہارے تھا
سب کی سمتی سے کرو کام، اور کُل کی ریت کراؤ تم!
تم دوت اَیودھیا کو بھیجو، دشرتھ نریپ کو بلواؤ تم!

دوہا پِتر جنک نے جب لکھا، دشرتھ کو ہرشائے
بات بتا سب دوت کو، دینا ترت پٹھائے
نگر منادی کر دیئی۔ دینا نگر سجائے
منگل گاویں کامنی، شوبھا کہی نہ جائے

اُت سِیلپ کار منڈپ میں لگے منڈپ بہو بھانت سجایا پھر
موتین کی جھالر دیئی تان، ہر کھمبہ پہ سر دون لگایا پھر
پتے ہرے منی کے ہیں ہے اور پدم کے پھول بنائے ہیں
پانوں کی بیل کا نچوں کی بنی جو ہیرے بھرے در شائے ہیں
سونے کے بانس نمنوں کے پات سارے ہی ساج سجائے ہیں
کانٹے ہیرے کی کنی کے ہیں موتین کے بند لگائے ہیں

In Public Domain. Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

ہے چھتر دھوج پھرائی ہوئی اور بندن وار لہراتی ہے
رہے چوک پور شری نشانند، گھر گھر مین ناری گاتی ہے
بہو وستر چنور دھوج سوہت ہیں اور کنک کے کلش سہاتے ہیں
نینوں کے دیپک منڈپ ہیں انند مگن ہو ہے جاتے ہیں

دوہا ادہر اودھ پور میں تبھی دوت جو پہنچا جائے
دیکھ کے شوبھا نگر کی ہرش نہ ہیئے سمائے

نرپ دشرتھ کے دوار پہ دیدیا سندھ سمواد
بلا لئے ہیں دوت سب بھیتر ہو کر شاد

دربار میں پہونچا دوت وہاں جھک جھک کر سیش نواتا ہی
پتر کا جنک کی دی نرپ کو، کچھ مکھ سے حال سناتا ہے
پتری پڑھ کر ہلکائے نرپ اور نینوں ہیں جل چھایا ہے
انی پریم بس چھاتی بھر گئی ہردے میں ہرش سمایا ہے
راجا نے کہا بھائی میرے۔ کہو کوشل تو راج دلارے ہیں
ہیں کیسے پرانوں کے پیارے کیسے آنکھوں کے تارے ہیں
سدھ آج ہی ہم نے پائی ہے جب سی منی سنگ سدہارے ہیں
متھل ایش نے کتنا دینے کے کیسے یہ بھاؤ وچارے ہیں
دوتوں نے کہا ہو دھنیہ تمہیں جو ایسے بھاگیہ لکھائے ہیں
ساری دنیا کہے دھنیہ دھنیہ ست رام لکھن سے پائے ہیں!
سدھی سیا سوئمبر کی پاکر، اگنت آئے بلوان وہاں
راون بانا سر سے کہہ شیو شیو چاپ نے ملے مان وہاں
شری رام چندر رگھو کل منی نے شیو دھنش سہج میں توڑ دیا
پھر گرو دھی پر سرام آئے اُن کا بھی ہی منہ موڑ دیا

دوہا وچن سنے جب دوت کے دشرتھ چتر سجان
اُن کو ٹھہرایا وہیں پہنچے گرو پر آن

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

ہے مہاراج ! مِیتھل پورسے مہتھل الیش نے دُوت پٹھائے ہیں
ہے شِشیہ تمہارا رام چندر۔ یہ سماچار سنگھ لائے ہیں
جب رامؔ و واہ کا حال سُنا من پھولے نہیں سماتے ہیں
گرو وشسٹ من آنند منا۔ سب دھنیہ ہی دھنیہ مناتے ہیں

دوہا گرو وشسٹ کے پاس سے، محل گئے بھوپال
رانی سب ہی بلا لئیں سُنا دیا سب حال

کیا حال سناؤں رانیوں کا من پھولی نہیں سماتی ہیں
جیوں سوانتی بندو کے پانے سے چاتک خوش ہو جاتی ہے
اب ہوئی بدھائی گھر گھر ہیں گھر گھر میں منگل چار ہوئے
شری مہاراج نرپ دشرتھ کے گرہ آنند اگم اپار ہوئے
رانیوں کے سنگ مل سب ناری، منگل گا کر ہرشاتی ہیں
سب باری باری جاتی ہیں پشپوں کی جھڑی لگاتی ہیں

دوہا آ گیا شُنکر تپا کی، بھرت لال گن دان
ہاتھی گھوڑے رتھ سبھی، سجا لئے سامان

چھبی کیا برات کی کہوں، بہو بھانت کے ساتھ ترنگ سجے
ان پر رگھو بنشی راج کنور سب بدل بدل کر رنگ سجے
بہو بھانت کے ہاتھی سجن لگے، سرون اماری دھروائے
بھیری نرسنگے شہنائی۔ گھن گھور گھٹا جمی گھر آئے
برہمنوں کی پالکی رتن جڑات شوبھا دشال بارات کی ہے
اونٹوں پر بندی جن آدک بارات یہ چھتیس ذات کی ہے
بھتے اونٹ بیل خچر گھوڑے۔ ہاتھی و پالکی اسواری
سامان گاڑیوں نیں لدا۔ بہنگی تھی کہاروں پر بھاری

دوہا رتن جڑات رتھ ایک تھا سُندر سُکھد وشال
گرو وشسٹ کے ساتھ میں بیٹھ گئے بھوپال

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا دیکھ دیکھ بارات کو سُر چڑھ گئے وِمان
ہونے لگے سُندر شگن پُشپ لگے ورشان
ندیوں کے پل جنک نے کروائے تیار
کوس کوس پر تنبوئے تانے بے شمار

اندراسن سے بھی سُکھ! غسلے۔ ڈیروں میں پایا جاتا تھا
اسنان دھیان یا کھان پان مارگ میں کرایا جاتا تھا
بھوکوں مرنا بھومیں سونا بھوجن ہیں آدھی رات سُنو
یہ بڑے لوگوں کا کہنا ہے، ہے یم کی بہن برات سُنو
پر ایسی نہیں برات تھی وہ جس میں دُکھ پایا جاتا ہے
من وانچھت دستو ملتی تھی بس یہ ہی بتلایا جاتا ہے
چلتے چلتے بارات سکل، جا پہونچی راجدھانی میں
جب راجا جنک نے خبر سُنی تیار ہوئے اگوانی میں

دوہا لینے کو بارات کے بھیجے رشتہ دار
اگوانی کے واسطے ہوئے ترت تیار

گج رتھ، گھوڑے اور کچھ پیادے، شبھ کا رتھ لیکر ساتھ چلے
تامبول ہار پھل پھول عطر سب ساتھ لئین بارات چلے
بارات سامنے آئی جب، تو سب نے ماتھ نوائے ہیں
گرو وششٹ اور اودھ ادھیش سبھی سُندر باجے بجوائے ہیں
یوں یکجا ہو گیہ سب ملتے ہیں اور ودھی وت سب پرنام کریں
ویوہار پریم کا ہوتا ہے اور سب ہی پریم سو کام کریں

دوہا ساری دستو بھینٹ دے کیا بہت ستکار
جن واسے بارات کو، لے جا دیا اُتار

سندیش پتا کے آنے کا۔ اُت رام لکھن نے پایا ہے
کب ملیں ہم پتا سے جا کر یہ من میں ہرش سمایا ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

جو بات تھی اِن کے ہردے میں، منی وشوامتر بھی جان لیتے
لے ساتھ منی دونوں کو چلے۔ ہردے کے بھاؤ پہچان گئے
دشرتھ نے دیکھا رام لکھن، اب ساتھ منی کے آتے ہیں
منی کے چرنوں میں نرپ دشرتھ پہلے اٹھ سیش نواتے ہیں
منی دونے اُن کو اٹھاتے ہی چھاتی سے لگایا راجا کو
پھر کوشل چھیم ساری پوچھی آسیش سنایا راجا کو
دوہا۔ پڑے پتا کے چرنوں میں لکھن اور شری رام
چھاتی سے چپٹا لئے لکھن سہت سکھ دھام
پھر گرو وشسٹ کے چرن لئے آسیش پائی ہے دونوں نے
ملتے ہیں سب سے ہنستا ہو گیا، گردنیں جھکائی دونوں نے
پھر بھرت شترگھن رگھوور سے جھک جھک پرنام کریں دونوں
پن ملے بھائی سے بھائی خوب وِدھ سب کام کریں دونوں
دشرتھ کے بیٹھے آس پاس چاروں بھائی بتلاتے ہیں
جیسے دھرم، ارتھ اور کام موکش چاروں پرگٹ ہو جاتے ہیں
اُت جنک راج نے گرہ اپنے سامان سب ہی تیار کیا!
پھر ستانند وپروں سے کہا سارا دودھان تیار کیا!
ستانند کی بو جا ودھی وت کی منڈپ میں ہون کرایا ہے
ویدوں کے منتر کتنا ابھی شباک وپروں نے خوب سنایا ہے
دے دان دوجوں گوکل کی ریتی منتھل ایش نے کروائی ہے
شری جنک نے جن واسے میں سب بیت یونہی بتائی ہے

چوپائی

سجی گائتری گرہا آئی ۔ سندر سکھ درپ بھی چھائی!
جنک بھون میں پھریں اٹھلاتی ۔ ہر سوتی آتی ہی ہر فالی!
نرپ منتھل ایش بھون کی ناری ۔ گرست کار آنن کا بھاری

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

باربار سب ان پر جاوہیں — پریم سہت آن پر پٹھاوہیں
رانی نے بلواکر نائن کو — کیسر اپٹادِک پسوا لئی!
نائن آکے اوبٹن کرکے — منگل ایش کماری نہلائی
پھر جنک پور للناؤں نے — وہ جنک نندنی بٹھائی
کل ریت کری اپنے کل کی — پھر شیل کماری پجوائی
شری جانکی کے منگل کرکے — کنگن بائیں کر بندھوائی
سب نر مل کے منگل گاویں — سب تیل مار بٹ کر ڈھوائی

دوہا نائن کو سمجھائے کر بھید یا منگل ایش!
اس نے شری اودھ ایش سے کہا سندیش

نرپ دشرتھ کو یہ خبر دی کچھ ناری یہاں پر آتی ہیں
دولہا کو مانگر تیل چڑھا کر کنگنا باندھن چاہتی ہیں
ناریاں جنک پور کی مل کر تب جنواسے میں آئی ہیں
جب رام چندر جی کو دیکھا پلکت ہو کر ہرشائی ہیں
سب نیتر سپھل اپنے کر میں من ہی من ونتی کرتی ہیں
ہٹا چوکی پر پربھو جی کو، کل کل کی ریت کرتی ہیں
کنگنا باندھا رگھورائی کے، گر یحا گنیش پجوا کر کے
پھر چڑھا تیل مر دوٹ کا ڈھا منگل سب نے گا گا کر کے

دوہا کری آرتی رام کی منگل گاویں نار
منگل گاتی کامنی گئی جنک کے دوار
پھیر دن کی آدھی لیتا جب شبھ ہو نجی گئے
لینے تب ہی بارات کو نائی دیا پٹھائے

نائی جنواسے میں آیا، دشرتھ کو شیش نوایا ہے
کر جوڑ کے سیش نوایا ہے نرپ کا سندیش سنایا ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

چرنوں ہیں سیس نوایا ہے، کر جوڑ کے وچن سنایا ہے
چل کر وواہ ودھی ریت کریں شبھ سمے پھیروں کا آیا ہے
یہ سن دشرتھ نے آگیا دی۔ اب جلدی باجے بجوا ؤ
سب چلو برات پھیروں پر ساری برات کو سجوا ؤ
شری وشوامتر وسشٹ گرو۔ کل رگھوبنسی تیار ہوئے
باجے تب سندر بجن لگے۔ دیدوں کے منتر اُوچار ہوئے

دوہا
شام کرن برباج پر بیٹھ گئے شری رام
آگے پیچھے رام کے بڑھے ہر خاص و عام

چھبی دیکھ شری رگھورائی کی، سب نر ناری ہرشان لگے
سُر گن سب بیٹھ ومانوں پر پشپوں کی جھڑی لگان لگے
مِتھل ایش کے دوار جب پہونچے رگھوکل گائی مرگ نینی
درشن کر باری جاتی ہیں سب سکھ پاتی ہیں مرگ نینی

دوہا
ہنی دھن دینے دوار پر دشرتھ لے شمار
رگھوونش کے کرتا نک۔ ہار دئیے اپہار

ادر اُدھر سہاگن ناری مل، رانی کے سنگ میں آئی ہیں
کر آرتی شری رگھونندن کی منڈپ میں لیکر دہائی ہیں

دوہا
بھون جنک کے پہنچ گئے سب رگھوبنسی ویر
تبھی بھنورے دیکھنے ہوئی بہت سی بھیڑ

یہ منگسر ماس کی بھاری تھی شبھ گھڑی وہی آئی ہے
تیتھی یوگ نکچھتر اور بار شُدھ جو برہما لگن ٹھہرائی ہے
کوشک وسشٹ منی شتانند اور نا ہی نے ودھی کروائی ہے
برہما گوپرا اور اندر شُرتی نے گائی ستھی بدھائی ہے

دوہا
گرو وسشٹ شتانند، کہن لگے سمجھائے
سیتا جی کو لیجئے، مہاراج بلوائے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

تب اپنی سکھیوں کے سمیت آئی وہاں جنک کماری ہے
شری اُوما۔ شاردا سچی اور ساوتری سنگ ہیں ساری ہے
متھلا پتی گورانی سمیت، گرو وشسٹ نے بلوا کرکے
وہی جوڑ گرنتھا ان دونوں کی منڈپ میں دیئے بٹھا کرکے
دوہا پاگ دھوے شری رام کے دونوں نے ہرشائے
بیٹھ گئے دونوں وہیں شری ہری گُن گائے
پھر ہون کرانے سے پہلے۔ نوگرہ کا پوجن کروایا
دھرا اگنی روپ گرد آئے وہاں پوجن کی اہوت چڑھایا
شری جنک سونینا رانی نے۔ کنیا کے پیلے ہاتھ کئے
گدگد ہو سُدھ بُدھ بسر گئی سب تن کے پلکت گات ہوئے
ہچکی بندھ گئی ہے رانی کی، نینوں میں جل بھر لائی ہے
اب سیا پرائی ہوتی ہے رانی منکر اکولائی ہے
سب تریاں بھی اس سنگ رہیں متھل یش بھی نیر بہاتے ہیں
سیتا کو دیکھ دیکھ کرکے سکھیوں کے نین بھر آتے ہیں
کر رام کے کر میں سیتا کا۔ دے کر سب ریت کرائی ہے
شری گرو وشسٹ وستانند مل شاکھا چار سنائی ہے
دوہا لکھش دھینو شری رام سے دینا دان کرائے
نردھن ہوئے دھن وان سب بیانیگ چکائے
دولہا دلہن کی گرنتھ جوڑ پھیرے منی دیو کران لگے
اس شاخل گو رشری یگل کو پھیرو میں پھروان لگے
چلتے ہیں دونوں مند مند اور ناری منگل گاتی ہیں
آگے آگے شری رام چند پیچھے شری سیتا آتی ہیں
آنند اُمنگ سے دونوں ہیں ور بدھو من میں ہرشائے ہیں
منڈپ کے منی کھمبھ میں جب دونوں کے بمب لکھاتے ہیں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

گرو وشسٹ نے پھیرے پھروائے رگھوور کو کچھ ٹھہرایا ہے
شری رام چندر جی کے مستک پر رولی کا تلک لگایا ہے

دوہا شوبھا سیتا رام کی۔ ہم سے ورنی نہ جائے
بہت سب ہی پریوار کے جنک لاج بل جائے

گائن

پیارے دولہا پہ سب ہی جان نثار کرتے ہیں
دولہا دلہن کی بلائیں لے پیار کرتے ہیں
برہما انوکول رہیں اور رہے یہ خوش جوڑی
پربھو سے ونتی مل ایک بار کرتے ہیں
ناریاں گاتی ہیں دونوں پہ واری جاتی ہیں
ریت کل کی جو ہے۔ سیا سنگھار کرتے ہیں
آج رگھو ویر کو رل مل کے چھیڑتی سکھیاں
ہم بھی بے چین ہوئے انتظار کرتے ہیں

کش کیتو بھائی مہتل ایش کے تھے اور مانڈوی ایک سکماری تھی
شری بھرت لال سے بیاہ ہوا۔ شبھ گھڑی یہ آئی پیاری تھی
شری تی کیرتی اور سلا کے سنگ ہیں، لچھمن شترگھن تھے بیاہے گئے
دشرتھ کے وہ چاروں بیٹے، بس اس پرکار بنائے گئے

دوہا چاروں سُت بیاہے گئے۔ دیکھ ہوا انوکول
دشرتھ کے من ہرش تھا، برس رہے تھے پھول

اتی مان اور سنمان کیا، دشرتھ نے شری مہتل ایش کا
پرستھان کیا جنواسے کو، سمرن کر نارائن ہر کا
دولہا دلہن کے آئی پاس، متھلا پور کی نرناری سبھی
محلوں میں لے جا چاروں کو کرتی ہیں منگل چار سبھی
تھے پلنگ رتنوں سے جڑے ہوئے پلنگ پر وہ بٹھلائے ہیں
ہرشت ہو کر اتی پریم بہت۔ کل دیو سبھی پجوائے ہیں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا بھوجن لائی کامنی، بھر کنچن کے تھال!
دُولہا بھانت جیمیئے، شری دشرتھ کے لال
سب ناری جڑ گئی محلوں میں ور بدھو کو یوں سمجھاتی ہیں
یہ تمہیں کھلائیں تم ان کو۔ یہ ریت مانی جاتی ہیں
نہ دلہن کھلائے دولہا کو یہ آپس میں شرماتے ہیں
اپہاس کا ٹھاٹ تھا محلوں میں سب ہی ہے ہرشاتے ہیں
جھوم جھوم تریاں بولیں یہ کل کی ریت کہاتی ہے
بر بدھو جیمنے لگیں تبھی، تریاں ساری مسکاتی ہے
دوہا باتی جل میں ڈوب کر لے آئیں سب نار
کہن لگیں شری رام سے اس کو دیو نچار
جو ایک باپ کے بیٹے ہو، تو باتی ابھی جلاؤ تم!
جو جلے نہیں باتی تم سے تو ساتھ اسے لے جاؤ تم
اس کو لے جا کر کے گھر میں۔ نج ماتا سے کہوا لینا
یہ نہیں نمٹنے پائے گی۔ کتنا ہی زور لگا لینا
رگھوور بولے ہمرے گھر پہ ہم کس سے کار کروائیں گے
ہم ساتھ جنہیں لے جاتے ہیں سب ان سے ہی کہوائیں گے
دوہا اتنی سنکر کامنی، سبھی گئی شرمائے
جوتی دلہن کی سبھی وستر لئی لپٹائے
بولی پوجا ان کی کیجے یہ ریت سدا سے آتی ہے
مت دیر کرو تم پوجن کی، نہیں گھڑی یہ ٹلی جاتی ہے
رگھوور بولے سیش میں دھر لاتیں تو ہم نہیں پر لگاتے ہیں
تو جا کرنے کے یوگیہ ہوتی تو سب کے دچن نبھاتے ہیں
اب انہیں پر سے ٹھکرا کر دیتے ہیں پھینک ٹھکراتے ہیں
جو پوجنے والی ہیں ان کی ہم ساتھ انہیں لے جاتے ہیں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا ناری سب شرماتیں سُن بانی گم بھیر
کنچن منی کے تھال میں بھر کر لائیں نیر

بولی سیتا سے ناریاں سب، بہنی مت دیر لگاؤ اب
کنگن پتی کا کھولو پیاری، ناحق من مت شرماؤ اب
رگھوور کا کنگنا کھولنے کو، سیتا نے ہاتھ بڑھایا ہے
وہ گانٹھ نرکھوں سے کھولتی ہیں تو کنگن کھلنے نہیں پایا ہے
یہ دیکھ ہنسے شری رگھورائی سب ناری من سمجھاتی ہیں
تب سیتا جی کو بہلا کر، پربھو کا کنگنا کھلواتی ہیں

دوہا کرپا کری رگھوراج نے مسکا کر ان بول
کرپا سے بھگوان کی۔ کنگنا سیا دیا کھول

شری رام سے ہرشا کر ناری کہتی ہیں آگے کو آؤ
اب جنک دلاری کا کنگنا تم بھی تو کھول دکھلاؤ
تب لگے کھولنے رگھورائی وہ گانٹھ نہ کھلنے پاتی ہے
تب دیکھ کے رگھوور کو گالی۔ رگھوور کی ہنسی اڑاتی ہے
بولی یہ نہیں تاڑ کا ہے، جس کو کے مار گرایا ہے
یہ یگیہ نہ وشوامتر کا ہے جو بیچ میں جائے گرایا ہے
کیکئی، کوشلیا، سمترا، وہ سوتن لگت ہماری ہیں
اُن سے ہی کھلواؤ ان کو جو ماتا لگیں تمہاری ہیں
یا کرو خوشامد ہم سب کی ہے رام ذرا ہاہا کھاؤ
آدھین بنا اور دِنتی کر یہ کنگنا ہم سے کھلواؤ
سن بھرت شترو گھن۔ لچھمن لال رسیان لگے کھسیان لگے
ناراض بھائیوں کو دیکھا پربھو مند مند مسکان لگے
رگھونا تھ نے سیتا کا کنگنا پھر ہنستے ہنستے کھول دیا
مردو منگل گان ہون لگا سب نے جیکارا بول دیا

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

پھر بھی جیتے شری رگھورائی۔ متھلا پور کی نار سبھی ہار یں!
نے کر کے کنگن ہاتھوں میں مل کر کہ کھلاتی ہیں ساری
دوہا کنگن لئے اٹھائے کر جو ن تیسری بار
جیتو وہ ہی ہم جاتی ہیں کہن لگی سب نار
جھیٹا جھپٹی تو بہت ہوتی و نجت رہ گئے شری رگھورائی
وہ بھائی جل کی الٹ ہاتھ گئی تو ہنسی نارآتی مسکائے
بس ہاتھ ایک کنگنا آیا، سب ناری ہنسی اڑاتی ہیں
ہشیار رہیا ہو شباری کریں نج چترائی دکھلاتی ہیں
دوہا دولاں کنگنے رام نے، لئے تیسری بار
ادل بدل دیئے باندھ پھر کنگن وپو سمبھار
ہنس کر رام کی ساس یوں لگی تبھی سمجھان
آؤ کنور جی آؤ اب برات کلیوا کھان
مل کر سکماری کو جماں۔ متھل ایشور کے کل کی ناری
درشن کر کے رگھورائی کے اپنے کو دھنیہ کہیں ساری
دوہا اٹھے کنور جب جیم کر، ناری کھلائیں پان
جنواسے میں وہ سب ہی اب تو پہنچے آن
پھر سکل باراتی بلوائے جیمن کے ہیتو جنک جی نے
مشٹھان کئے کو نٹے کھلوائے جیمن کے ہیتو جنک جی نے
نانا ودھی سے سواگت کیا سب آدر سے بٹھائے ہیں
سب جیم رہے ہیں خوش ہو کر امرت سم بھوجن پائے ہیں
اور ادھر کامنی مل مل کر، منگل کے گان گائے رہی
لے لے کر نام بام ساری۔ گاریاں بنائے سنائے رہی
دوہا بھوجن بمت جیم کر، جب دم سکل بارات!
پان الائچی بھینٹ دی دھلا دھلا کر ہات

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا اس پرکار سمان پا۔ سبھی چلے ہرشائے
من میں خوشی اپار ہے گئے جنواسے آئے

ہوگیا سمے سندھیا کا جب، شبھ اوسر ایسا آیا ہے
دِوِج بنک اور گرو بھائی سبھو سب کو مِتھل ایش بلوایا ہے

دوہا دستر وِبھوشن رتن سب میوے اور پکوان
لے کر جنواسے چلے نیوتنی کا سامان!

اِت پہونچے یہ جنواسے میں اور اُٹھے براتی سارے سب
کر کے پرنام سب بیٹھ گئے ہرشت ہیں سب ہی پیارے سب
پرنام جنک نے تبھی کیا اور تلک پربھو نے دھارا ہے
منی شتانند اور وِپروں نے شری شرُتی کا منتر اچارا ہے

دوہا کری بھینٹ پربھو کو تبھی شری مِتھل ایش سجان
پھر دشرتھ جی سے کہا ہاتھ جوڑ گن وان

اودھ ایشور جی مجھ دین کے گرہ سندھیا کو کرپا کیجے گا
یدُ رج سے ہے سوامی اپنی مجھ دین پہ دیا کیجئے گا!

دوہا یہ بڑھا رکا نمنترن۔ کر تبھی سویکار
یہ کہہ کر وہاں سے چلے آئے اپنے دوار

بھوجن چھتیس پرکار کے اب، مِتھل ایش نے تیار کرائے ہیں
نائی کو بھیجا راجہ نے، باراتی سکل بلوائے ہیں
جب آئے باراتی دوار پر شری جنک نے آتی ستکار کیا
اودھ ایش نے سیش نوا کر کے جو ہوتا ہے بیوہار کیا
خاطر داری کرا جنک نے، اب ان کے ہاتھ دھلوائے ہیں
آنند سے من اتی مگن ہوا۔ پُن آسن پر بٹھلائے ہیں
چندن کی چوکیاں بچھی ہوئی، کنچن کے تھال سجائے ہیں
تعریف کروں کیا اُس دم کی لکھنی لکھت شرمائے ہیں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اندادک برہما اور مہیش سب بھیس بدل کر آئے ہیں
بھتے سات مٹی پکوان اور مشٹان سے تھال سجائے ہیں
رس گلّے بالوشاہی خرمی اور نیسو پاک بنایا ہے
آہار بنائے بھتے سارے چاندی کا ورق لگایا ہے
کھاتے ہیں مٹھائی اور نمکین رُچ رُچ کر بھوگ لگاتے ہیں
بس اس کو ہی بڑھار جا لو یہ بڑے لوگ بتلاتے ہیں

دوہا بھوجن سب ہی جیمتے آنی انند منگلئے
جیم جام کر کے سب ہی گئے جنواسے آئے
دشرتھ نے شری جنک سے کہی بات سمجھائے
وداکرادو شیگرہ ہی اب نہ دیر سہائے
ہاتھ جوڑ سکوچائے کر بولے جنک سجان
سو تم نہیں ادھیکار ہے تم ہو گن کی کھان

بس آج تو اور بھی بادن۔ گھر اپنے چرنوں سے کر دیکھے گا
کچھ ساگ پات کا کر بھوجن۔ بس آج یہی کر پا کیجئے گا
مانی یہ بات جنک جی کی دشرتھ نے نہیں انکار کیا
ہو گیا سمے جب بھوجن کا۔ سامان سبھی تیار کیا
پھر بلا براتی لئے سبھی دھلوائے ہاتھ بٹھائے سبھی
سونے کے تھال میں بھانت بھانت کے سامان سجائے جبھی
سب جیم براتی ہاتھ دھوئے۔ پالن کے بیڑے کھائے ہیں
بس اسی طرح سے کئی روز باراتی سبھی ٹکائے ہیں
مانگی ودا پھر جنک جی سے دشرتھ نے ہٹ سے کہا تبھی
آتی ہٹ کر کے نرپ دشرتھ نے دن ودا کا ٹھہرا لیا تبھی
سکو چاکر کے متھل ایشور نے تب ودا کا سب سامان کیا
آدیش مان کر دشرتھ کا پربندھ بھی اس آن کیا

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا　گرنھی جوڑی منی نے، اِدھر سیا اُت رام
اب کنگن کے پلنگ پر، بیٹھے سکھدام

رانی نے دیکھا وہ ادا کا ڈھنگ سکوچائی نین جل چھایا ہے
سیتا کے اور رگھورائی کے مستک پر تلک لگایا ہے
سندر رتھ کو سجوا کر کے، نرپ دشرتھ نے منگوایا ہے
سارتھی سجا کر کے جلدی، دوار پر جنک کے لایا ہے
تج ہو سوار باہن پر سب، رگھو ونشی من ہرسان لگے
تیاری کی اودھ کے جانے کی بس ہونے نہیں کمان لگے
رگھورائی سمیت بھائیوں کے رانی کو وے سناتے ہیں
کر جوڑ کہا ماتا آگیا۔ سیٹھی یا نی بتلاتے ہیں
رانی نے کہا جگ جگ جیو۔ پر من میں بندھتی دھیر نہیں
ہے پریم میرا بہو سیتا سے۔ دل سے مٹتی تصویر نہیں
ہے نیم یہی اس دنیا کا۔ بس یوں من کو سمجھائی ہو
بیٹی جب سیانی ہوتی ہے تو ایک دن اوش پرائی ہو
یہ کہہ ماں بیٹی رونے لگیں۔ گل مل مل کر سمجھانی ہے
اب تک تو بیٹی بھی بچ گھر اب دوسرے کے گھر جاتی ہے
وہاں رہیو ادب قاعدے سے مت ہم کو کبھی لگا یو تو
کہیں ساس سسر جو پتی تیرے بس اُن کا حکم بجا یو تو
پھر کہا رام جی سے بیٹا۔ سیتا یہ راج دلاری ہے
بہت چت سے اس کو رکھنا تم یہ اب سی ہوئی تمہاری ہے

دوہا　سیتا بھی رو کر بھئی، آرت وچن سنائے
ماتا جی کردی الگ دل سو دور ہٹائے

ہے ماتا تم نے بچپن سے جو اب تک لاڈ لڈایا تھا
ہے ماتا بچپن سے تم نے اتی بہت کمنا دکھ پایا تھا

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اچھی ماتا بھولی ماتا۔ اب دل سے متی بھولا یو تم!
اب ویاگ بی میری سدھ لیجو جلدی سے مجھے بلا یو تم
سب متھلا پور کے نر ناری۔ سیتا کے وِرہ میں گھبراتے
بیخود، ویاکل بے چین ہوئے نینوں سے آنسو ڈھرکاتے!
پھر سب سیتا جی سے ملتی۔ کہتی ہے آنند کر یو تو
جو کہا ہو بھول چوک، ہے سیتا مت چت دھریو تو
سیتا بولی پیاری بہنوں اب چھوٹتی ہیں پیاری متا
سب ہاٹ حویلی گھر اور سب چھوٹتی ہیں پیاری سکھیاں
پھر متھل ایش نے آگے بڑھ، سیتا کو کنٹھ لگایا ہے
بے چین ہوئے بھر آئے نین ہو وِکل یہ وچن سنایا ہے
بیٹی بیٹی پتری پرانوں سے بھی پیاری بیٹی
نہیں میں نے کبھی تمھی کرنی ہلے نینوں سے تو نیاری بیٹی

دوہا
سکھی سہیلی کل تریا بندھو جنا سبر شلئے
دھیان گن ہی کا کیا۔ پالکی دئی چڑھائے

شبھ سگن ہوئے بارات چلی باجے انیتا دی بجتے تھے
منزل در منزل طے کر کے سب چھیلا بانکے سجتے تھے
بس اسی پرکار اودھ پور میں بارات سبھ سمے آئی ہے
آنند ہوا سب نگری میں، جنتا درشن کو چھائی ہے
دوار پہ کوشلیا، سمترہ۔ کیکئی آرتی کرتی ہیں
دوار کے پانی پیتی ہیں سب دلوی دلو سمرتی ہیں

دوہا
نیگ جوگ سارے کریں سمرتی سکھ دین
رام چندر کا دھیان دھر تہیں بھگت بچین

(رامائن بھاگ ۶۔ رام وِواہ سماپت)

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اوم

رامائن بھاگ ۷

دشرتھ پرتگیہ

دوہا وِواہ کرا شری رام جی گئے جنک پور آئے
اودھ پوری میں تب ہی سے آتی آنند رہا چھائے
ایک بار سیتا سہت۔ بیٹھے اپنے آئین
کچھ سیتا سے کہہ رہے تھے۔ رگھوپتی سکھدین

ہری گُن گان کرتے، شری نارد منی وہاں آئے ہیں
کاریہ سرون کا سِدھ کرن ودھی کا سندیشہ لائے ہیں
ان کو آتے لکھ اُٹھے رام، پرنام کیا بٹھائے ہیں
پھر چرن پکھارے سیتا نے، من میں اتی ہرش منائے ہیں
رگھو رائی نے ہاتھ جوڑ پوچھا۔ کارن آنے کا بتلاؤ
ہو گیا چرن رج سے پاوَن یہ بھون لو آ گیا فرماؤ!
سوامی کی جو کچھ آ گیا ہو، کرپا کر مجھے بتلا دیجے
سیوک ہوں سُر گئوں برہمن کا کچھ سیوا پربھو کرا لیجے

دوہا منی بولے مایا اگم۔ آپ کی شری سکھ دہام
بھید نہ پایا کسی نے۔ ہے رگھوپتی شری رام

میں برہم لوک میں کچھ دن تو شری برہم سو دھیان لگا تا تھا
برہما نے یہ سندیش کہا جب کہ میں بہاں یہ آتا تھا
وہ کاریہ کیجیے گا سوامی جس لئے کہ ہی اوتار لیا
اب تک نہیں بھار ہرا بھو کا نشچروں کا نہیں سنہار کیا

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا جاکر منی ان سے کہو ۔ بولے یوں شری رام
اوسر آنے پر ابھی ہوئے سپھل سب کام
یہ سنکر نارد چلے، ہردے سمر رگھورائے
اُت منتری گن راؤ نے لئے سبھی بلوائے

دربار بھرا تھا دشرتھ کا۔ سامنت گن سارے آئے تھے
درپن راجا نے کر دیکھا تو بال سویت کچھ پائے تھے
آرام سے سونے والوں کو، جیسے کوئی بیدار کرے
ایسے ہی بال سپیدوں نے راجا دشرتھ ہشیار کرے
یہ گیات ہوا نرپ دشرتھ کو مانو کوئی اُن سے کہتا ہے
الو بہو ہونے لگا راجا کو، کوئی سدا نہ جگ میں رہتا ہے
سوچا کہ سورن سمے ہے یہ، یوراج رام ہونا چاہیئے
اور اپنے جیون کا میلا کچھ بھجن سے بھی دھونا چاہیئے
میرا میرا کہتے سب سمے بدلتا جاتا ہے
چہرے پہ سپیدی آ پہنچی، وہ سمے نکلتا جاتا ہے
اب خاک ڈال ان کاموں پر کچھ تو ایشور کا دھیان کروں
دے راج پاٹ اب رگھوور کو نارائن کا گن گان کروں

دوہا ایک دن اوسر پائے کر جو من رکھا دھار
گرو وششٹھ جی سے تبھی پرگٹ یہ کیا وچار
گرو بولے نرپ دھنیہ ہے ٹھیک تمہاری رائے
رام راجیہ آدیشک ہے او تم سمجھ میں آئے

دے سونپ پتر کو راج کاج جو پتا بھجن میں لگ جائے
ہے دھرم نیتی یہ بتلاتی، نرپ وہی پرم پد کو پائے

دوہا سو کار منی نے جب کیا۔ راجا کا پرستاؤ
عام کیا دربار ایک، بھرا ہوا تھا چاؤ

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

چوتھا پن میرا آیا ہے راجا نے سب کو بتا دیا
سب لائق میرا رگھو ور ہے سب کو دشرتھ نے سنا دیا
سمتی سے گرو وشسٹ جی کی یہ راجیہ انہیں پردان کرو
سب کی سمتی یدی ایک ہی ہو، تو میں ایشور کا دھیان کروں
دوہا ایک سور ہو سب نے کہا دھنیہ آپ کی رائے
ادتم من کا بھاؤ ہے گیا سمجھ میں آئے
سماچار سب نے سنا۔ راجہ ہوں گے رام
دھوم مچی کل اودھ میں بات ہو گئی عام
اب دھوج پتاکا تورن سے۔ کل نگر سجایا جاتا ہے
گھر در دوارے کوچے و گلی میں رنگ کرایا جاتا ہے
سب سجا بجا جگ مگا رہا۔ چھڑکا کرائے جاتے ہیں
اطلس مخمل کے گلیوں میں اب فرش بچھائے جاتے ہیں
ہیرے و جواہرات نیلم میں دوار سنائے جاتے ہیں
سو الگت منیوں کے بنا بنا دوارے ٹنگوائے جاتے ہیں
ہر جگہ یہ نوبت بجتی تھی۔ گھر گھر میں کامنی گاتی تھیں
سب کو اُمنگ تھی مستی میں اور گائی بدھائی جاتی تھیں
یہ دیکھ کے خوشی ایودھیا میں دیوتا سرگ میں روتے تھے!
بیچین یہ باجے سن سن کر، من میں ادھیراتی ہوتے تھے
دوہا اندر سبھا میں ہو کھڑے کہنے تھے کرونا بین
کرن پرارتھنا سب لگے ہو کر کے بے چین
گائن
نمو شاردا تارنی ترنی ماتا
نمو بھگوتی کشٹ کو ہرنی ماتا کرو کرپا اودھ کو سدھارو
کیکئی کی جا کر متی کو بگاڑو ماتا

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

کرو کاج اتنا کہ پربھون کو جائیں
ہریں بھار بھو کا کھلوں کو مٹائیں
یہ پاتی ہے شنکٹ دہارا دہرتی ماتا ۔ ۔ ۔ ۔ نمو
اودھ کا بھرت جی کو راجا بناؤ
کرو کام اتنا نہ دیری لگاؤ
یہ بچین سرہیں دیا کرنی ماتا ۔ ۔ ۔ نمو

دوہا بانی برہما تی نبھی ۔ پرگٹ بہی ہے آن !
کہا سروں نے جو وہاں سب لی پاتی مان
بانی رتی ہر ش منا کرکے ۔ آئی ہے چلی اودھیا میں
منھترا کی بدھی الٹ گئی ۔ اس کو جب ملی اودھیا میں
جب محل سے چل کرکے داسی ، بازار بیچ میں آئی ہے
تھا سجا بجا جگمگا رہا ۔ نگری میں شوبھا پائی ہے
منھترا نے پوچھا لوگوں سے کیوں نگری سکل سجائی ہے
کیا خوشی ہوئی ایسی اس دم ہر جگہ یہ بجے بدھائی ہے

دوہا کہا یوں لوگوں نے یہاں ، مچ رہی دھوم تمام
تجھے نہیں معلوم کیا ۔ راجہ ہوں گے رام
یہ بات سنی جب داسی نے ، چھاتی میں مانو تیر لگا !
اب راجیہ تلک ہو رگھوور کو ۔ یہ تیر کلیجہ چیر لگا !
مارگ میں ہی اس کلٹا کے ۔ آنکھوں کے ڈورے لال کئے
جا پہونچی راج محل میں وِکرال روپ چنڈال کئے

دوہا کیکئی تب کہنے لگی ۔ لال ہوئے کیوں نین
کیوں داسی کس کارنے ہے اتنی بیچین
گھبراؤ سب نے چوٹی ہے کیوں تو نے حال بیحال کیا
آنکھوں میں کیوں لالی چھائی کیوں روپ بہاو کرال کیا

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

تو آج اُنگل کیوں کرتی ، گھر گھر ہیں منگل چار ہوئے
کیا چوٹ لگی یا درد ہوا - جو نینا لال انگارے ہوئے
ہے کشل سے میرے پران ایشور ہیں کشل لکھن و رگھورائی
اور بھرت شترو گھن کیسے ہیں کیا خبر تو ایسی سن آئی

دوہا یہ سنتے ہی کرودھ میں اور ہوئی بے چین
لال سُرخ دونوں ہوئے اس داسی کے نین

ایک چھوڑ فقط رگھورائی کو ، باقی کس کی کشلتا کہوں
کل رام بنے یوراج سنو ، بس یہ اچرج کی بات کہوں !
کُھل چکے ہیں بھاگ کوشلیا کے ، کچھ تم کو آتا نظر نہیں
کس گھمنڈ میں کیا ہوگا - اس بات کی تم کو خبر نہیں
تم تو کہتی تھی مہاراج ، میرا دم ہر دم بھرتے ہیں
میرے اس پُتر بھرت کو ہی - بس پیار ہمیشہ کرتے ہیں
یوراج بنایا رگھوور کو وہ پریم وہ پریت کہاں گئی
نہیں نام ماتر بھی بھرت کو لیں وہ پیار کی ریت کہاں گئی

دوہا منھ چڑا کر جب کہی ، داسی نے یہ بات
کیکئی نے رسائے کر ماری اس کے لات

بولی ، چل نکل یہاں سے تو کس ظالم نے بھڑکائی ہے
گھر میں ہی پھوٹ ڈالنے کا تو منتر سیکھ کر آئی ہے
من کاتی پرسن ہوا میرا ، جب خبر یہ میں نے پائی ہے
اس راجا رام کے سواگت کو منیوں کی مال بنائی ہے

دوہا کیکئی نے نج مال وہ دی داسی کے ہاتھ
کہاں تمہارا خیال ہے داسی بولی بات

مالا یہ تم کو شوبھا دے ، پر مالا مجھے نہ بھاتی ہے
راجا تو رام بنیں گے ہی ، بس بھرت کی مشکل آتی ہے

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

ہو پتر تمہارا ہی راجا۔ یہ وچن دیا تھا راجہ نے
کچھ دھیان نہیں مہاراج بھرے جو قول کیا تھا راجہ نے
کیا چال چلی مہاراج نے ہے یہ کیسی چال چلائی ہے
دیئے بھرت لال ننہال بھیج یہ کیسی کی ہے من چاہی ہے

دوہا رانی تب کہنے لگی۔ او کبڑی بدذات
مہاراج کچھ بھی کریں دن کر دیں یا رات

ہے بھرت سے بڑھ کر رام مجھے وہ دونوں بھرات برابر ہیں
دائیں بائیں کا خیال نہیں دونوں ہی ہاتھ برابر ہیں!
اُس رام کا شیل سبھاؤ دیکھ، اُس کی سب بات برابر ہیں!
کوشلیا ہو یا کیکئی ہو، اسے دونو ہی مات برابر ہیں!

دوہا کرودھ نہ ناحق کیجئے۔ داسی کہا سنائے
بھلا کرن میں جانتی اوشہ بُرائی آئے

کیا لابھ ہانی اس میں مجھ کو، کوئی بھی راجا ہو جائے
داسی تو داسی رہے سدا۔ کوئی بھی راج چاہے پائے
ہے پریم بھرت سے بہت مجھے، اس لئے کیا ہیدار تمہیں!
تم مانو یا مت مانو۔ آگے ہیں اب اختیار تمہیں!
کوشلیا اور کیکئی کی، باڑی پر باڑی پائی ہے
دونوں میں اب تو وہ جیسے خس پر جگدیش سہائی ہے
تم اور بھرت تب رہو بہال، سیوا دنرا ت بجاؤ گے
یدی سیوا سے انکار کیا، تو الگ کر دیئے جاؤ گے
رانی یدی داسی بنکر رہے۔ دھتکار ہے ایسے رہنے پر
یدی صلاح بھلی کوئی نہیں مانے دھتکار ہے ایسے کہنے پر

دوہا داسی نے دی سیکھ جب بدھی دینا کھوے
ہونہار ہو کر رہے میٹ سکے نہیں کوے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayū Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اس سیکھ نے کیکئی رانی کی، بدھی کو اُلٹ دکھایا ہے
اور اُت برہمانی بانی نے بدھی پر دخل جمایا ہے
کیکئی نے کہا منتھرا سے، تو نے جو بات بتائی ہے
دہنی میری آنکھ پھڑکتی ہے یہ اشگن دیا دکھائی ہے
کئی روز سے رات کو بُرے سُپن اب مجھے دکھائی دیتے ہیں
میں تجھ سے ذکر نہ کرتی ہوں بدشگن دکھائی دیتے ہیں
اب دھیان مجھے بھی آیا ہے، جب تو نے آ سمجھایا ہے
اپنا اپنا ہی ہوتا ہے، بس آج سمجھ میں آیا ہے
راجا نہ رام ہونے پائیں، داسی ایسی تدبیر بتا
راجا ہو میرا بھرت لال۔ ایسی بوٹی اکسیر بتا
داسی نے کہا مہارانی جی، جلدی تدبیر چلاؤ تم
راجا کو بس میں کرنے کا، کوئی ایسا جال بچھاؤ تم
دو ور راجا نے تمہیں دیے اس بات کا تم کچھ دھیان کرو
یہ کام کسی ودھی ہو جائے پورا دل کا ارمان کرو
بر دان مانگنا راجہ سے، نہیں خالی وار جانے دینا
کٹ جائے عدو معلوم نہ ہو، ہرگز نہ دھار جانے دینا
راجا آ جائیں باتوں میں، کچھ ایسی بات بنانا تم
بس لینا پھنسا نہ بھول ہوئے وہ تریا جال بچھانا تم
جب قسم رام کی لے راجا، تب اپنا کام بتانا تم
پہلے بس یہی مانگ لینا شری بھرت کو راج دلانا تم
اور دوسرے چودہ ورشوں کو بن کو جائیں شری رگھو رائی
تب ملن کرکے کیکئی بولی یہ بات خوب ہی بتلائی
اُس کوشلیا کا من چاہا۔ اب کبھی نہ ہونے پائے گا
یہ راج بھرت کا ہی ہوگا ہوگا جو میرا من چاہے گا

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

کیا ہے طاقت راجا جی کی جو اس میں کچھ انکار کریں
ہاں ایک بات تو ہے بیشک شاید وہ یہ اصرار کریں
کیا کھوٹ کیا رگھو رائی نے جو چودہ ورش کو بن جائیں
ہاں یہ بیشک ہو سکتا ہے رہ کر کے کچھ دن لوٹ آئیں

دوہا   داسی کو بھائی نہیں یہ کیکئی کی بات
کرودھ سے ہاتھا پیٹ کر بول اٹھی اکیاتھ

تم سارا کام بگاڑتی ہو، کچھ خیال نہ من میں لاتی ہو!
یہ ہرا بھرا گلشن ناحق، تم آپ لٹائے جاتی ہو!
مہاراج نے اودھ ادھر سر کی۔ بس چودہ روز کی لائی ہے
ہو چودہ ورش روے کوشلیا بس یہ ہی سمجھ میں آئی ہے
بدلا لو اس کوشلیا سے، جس نے یہ جال بچھایا ہے
ادھیکار نہ رہے رام کا کچھ، یہ ہی بن کو جائے ٹھٹایا ہے
تم جان بوجھ کر کیکئی رانی، انجان بنی جاتی ہو کیوں!
ہونی شام بڑھتی آتے ہوں گے نادان بنی جاتی ہو کیوں

دوہا   کیکئی اس کی بات کو سنکر گئی رسائے
من تلین کر کے تبھی، کوپ بھون میں جائے

دیا دکھنی چیر بھی پھینک امول وستر سب پھاڑے ہیں
موتی بکھیر سب لٹ گئے دیئے سر کے سب بال بگاڑے ہیں
سارا سنگار ہوا پھیکا اور سارا حال بے حال ہوا
سیاہی آنکھوں کی منہ پہ آئی کالا منہ عجب کمال ہوا
ہو گئی بھینکر ایک پل میں، جو صورت عجب سوہنت تھی
داسی نے کر دیا قہر غضب جو ابھی تک غضب سہنت تھی

دوہا   سندیسا ہونے پر وہاں، آئے جب مہاراج
ہوا اچنبھا دیکھ کر، تھا بگڑا سب ساج

جب سنا یہ راجہ دشرتھ نے - کیکئی تو کوپ بھون میں ہے
راجا ہر سے وچار کریں اور بیکلی بڑھی بدن میں ہے
جس نے رنج بھج بل کے بل سے سُر پتی سورگ میں تھا دیا
دنیا کے سب راجاؤں پر، سکہ ہر ایک پہ جما دیا
سو کر دودھ دیکھ کر استری کا - بے چین ہوا گھبرایا ہے
ایسے ویر دل یودھاؤں کو بھی کام نے مات کرایا ہے
پہنچے چپ پاس پھر کیکئی کے ۔ اور بولے کیسا حال ہوا
کیا حالت تیری ہوئی پیاری کیا دل پہ تیرے ملال ہوا
کیوں کوپ بھون میں آن پڑی، کیوں رنگ تو نے بدرنگ کیا
آخر کس نے یہ حال کیا - آخر کس نے یہ ڈھنگ کیا
میں زبان کاٹ ڈالوں اُسکی جس نے زبان چلائی ہے
میں آنکھ نکلوا دوں اُس کی - جس نے تجھ آنکھ اٹھائی ہے
دوہا راجہ کی یہ بات سن، کر گھونگھٹ کی اوٹ
بولی رانی کیکئی، کری نظر کی چوٹ
میں آپ کی کیا لگتی ہوں بھلا، کیوں میرا ہردے جلاتے ہو
ہے مطلب اور تمہارا کچھ، اُوپر سے مجھے مناتے ہو
ہے کون کسی کا دنیا میں، سب منہ دیکھے کی پریتی کریں
دولت تم جیسے بخشتے ہو، اس سے پریت کی ریتی کریں
ور مانگ مانگ کہتے ہو روز، پر دینے کا کچھ کام نہیں
دو ور جو مجھے دینے کو کہے، اُن کے دینے کا نام نہیں
جب وہی اب تک دیئے نہیں تو اور دیئے کیا جائینگے
پھر کیا مانگوں تم کیا دوگے - کیا مانگنے والے پائینگے
دوہا سنو پریتے چیت لائے کر - کہن لگے مہاراج
جو مانگو سو پاؤگی، مانگ دیکھ لو آج

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اچھا جو اچھا ہے مانگو۔ دینے سے مجھے انکار نہیں!
جو کہو آج سو پاؤ گی، اس بات میں کچھ انکار نہیں!
پرانوں کے رہتے پرن سے گریں چھتریوں کا الساکرم نہیں
یہ جائے جان پہ پر وچن رہیں رگھو ونشی کا دھرم یہی
اب اُٹھو شوک کو دور کرو مت من میں اب گھبراؤ تم
اتنی سی بات پر پران پریئے آنسو مت آنکھیں لاؤ تم

دوہا
سنی بات مہاراج کی، کر پینی شمشیر
اُٹھ کر بولی کیکئی، تان کے ترچھا تیر

بڑی پریم سے مجھ سے مہاراج بڑی پرتی کی ریتی نبھاتے ہو
بڑی ست وکتا ہو رگھو ونشی جو کہو سو دکھلاتے ہو
پرشوں کا دھرم ہے مہاراج گرتے ہیں اور سنبھلتے ہیں
چاہے پھر پران چلے جائیں نہیں دیکر قول بدلتے ہیں
بردان جو دینے گئے مجھے سو آج وہی بردان دیو
ہے پران پتی، ہے پران ایشور، اتنا ہی مجھے اب آن دیو
منہ مانگا ور بڑی دینا ہے، کچھ اور کہنا لازم ہے
ہے ستیہ پرتگیہ آپ کی یہ، تو مون نہ رہنا لازم ہے

دوہا
قسم کھائے کر نا تھ مو ہے کرادو وشواس
تب راجا کہنے لگے ہوگی پورن آس

گائن

ساکشی ہیں میرے چاند سورج نیچے پرتھوی اوپر آکاش ہے
میں تو کھاتا ہوں سوگند پر یہ رام کی جن کی آنکھیں میرے نئے پرکاش ہے
آن پر جان ہے شان ہے مان سب ہے مجھکو دیکھتے جلن سی لگی آس ہے
جو تو مانگے گی پائے گی نشچے وہی اب تو آیا پیاری تجھے وشواس ہے

دوہا
رانی نے تب ہی کہا، ہوا مجھے وشواس
اب مجھ کو درمن کی ہوگئی پوری آس

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

شری بھرت لال جی کو راجیہ تلک دیجئے پہلا بردان مجھے
من میں مت گھبرانا جانا اب جب آپ نے ہی جیتے زبان مجھے
ہے مہاراج اس داسی کی ونتی پر دھیان ذرا لائیے
بردان دوسرا رام چندر چودہ ورشوں کا بن جائیے

دوہا
وچن نہیں سکتے ٹال، تھے کر گئے اپنا وار
رانی نے مہاراج کے کر سے ہر لئے ہتھیار

یہ بات سنی مہاراجہ نے جب تو چندر سا مکھ کمہلایا ہے
اس بھولے بھالے دشرتھ کا سنتے ہی جی گھبرایا ہے
آنکھیں مند گئیں چکر آیا۔ بس مورچھا آنے والی تھی
دے گیان نے دھیرج پکڑ لیا۔ ہمت نے بانہہ سنبھالی تھی

دوہا
چپکے بیٹھے تو رہے، مہاراج خاموش
سن کر یہ تیلا دل میں، کہاں گئے کے ہوش

یہ پتا کی آنکھیں پران پریہ بیٹی اور سار سمجھتی ہیں
چاروں بیٹوں کی کھاؤں قسم بالکل اکسار سمجھتی ہیں
پہلے ور کے دینے میں پریہ مجھے لیش ماتر انکار نہیں
میں راجیہ بھرت کو دے دونگا۔ اس بات میں کچھ تکرار نہیں
پر رام چندر بیٹا میرا، کیسے وہ بن میں جائے گا!
یدی چودہ ورش وہ بن میں رہا تو ہاتھ ترے کیا آئے گا
تو سکھ سے راجیہ بھرت کو دے ہر دے کھوٹ مت کر پیاری
نردوش رام سادھو میرا مت برائی سر یہ دھر پیاری
اس دکھی پتی پر پران پریہ کر ترس ونتی منظور کرو
سر دھر دھرتی میں مانگو بھیک مت اتنا مجھے رنجور کرو
وہ رام مورتی آنکھوں سے یدی ذرا دور ہو جائے گی
تو ہری بھری من کی نگری آباد نہ رہنے پائے گی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا مہاراج کی بات کا۔ بڑا پربھاو وشیش
پر ہونی کے سامنے ایک چلے نہ پیش

اس پر کچھ زور نہ چلتا ہے۔ ہونی بلوان بتائی ہے
اور دوسرے یتن چلائے پر کُبڑی نہ ہٹی ہٹائی ہے
راجہ دشرتھ کی باتوں پر، کچھ دیا ہونی مہارانی کو
پرے کو سمے نے آگر کے تب، بدھی ناب سمجھائی رانی کو
مانی کیکئی تو جاتی تھی، پر ہونی ہو کر رہتی ہے
پر دور سامنے کھڑی ہوئی۔ مانو کچھ منتھرا کہتی ہے
اِن کے کہنے میں آ کر کے مت اوسر کبھی گنوانا تم!
اپنی ہٹ پر نِشچے رہنا، اِن کی نہ بات میں آنا تم!
دوہا مَتی پلٹ گئی نار کی۔ بول اُٹھی للکار
آج مانگ ور جب لیے، ہو بیٹھے لاچار

بردان جو میں نے مانگے ہیں ٹالوں گی اب دینہار نہیں
جو ڈھونگ مچایا آپ نے ہے میں ماننے کو تیار نہیں
یدی ساہس چھوڑ دیا تم نے تو واپس وچن ہٹاؤ تم
رہے رام آپ کے پاس سدا ہی کر کے دکھلاؤ تم
یا تو ستیہ سے ہٹ جاؤ۔ یا موہ تجو رگھورائی کا
دے سکتے یدی بردان نہیں تو موڑو وچن سچائی کا
دوہا رانی کیکئی کے وچن، سن بھوگے ایک ساتھ
ہونی ہو کر ہی رہے، منھ سنبھال کر بات

اے مت ہینی نار کمینی تو۔ کیا مایا آج رچان لگی تو
ہے پرن بھلا جس کے ستیہ میں اُس کا ہی ستیہ ڈگان لگی تو
اس سوریہ ونش کی شان کو میں ہرگز نہ کلنک لگاؤں گا
میں پرن کو کبھی نہ چھوڑوں گا پرن پر میں پران گنواؤں گا

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

یدی دوں گا میں بردان نہیں تو ہرن یہ میرا جائے گا
یدی رام چندر بن جائیں گے تو پران نہ بچنے پائے گا
یدی پران جائیں تو جانے دو پر اپنا دھرم نبھاؤں گا
جیون کی مجھ کو چاہ نہیں رگھو کل کو کلنک نہ لاؤں گا
ہے دھرم دھرندر تو دشرتھ تو بہتر ہے اب تو پیار نہ کر
اے موہ دور دل سے ہو جا۔ اس من کو میرے بیزار نہ کر
ممتا ممتا تو من میں نہ آ، اے من ممتا کو مار لے تو
آشا نینوں کے پاس نہ آ، نرموہی بانا دھار لے تو
ہے دھرم پہ نربھر یہ دنیا۔ اس دھرم سے منہ نہ موڑونگا
میں مرنے کو مر جاؤں گا پہ دھرم نہ ہرگز چھوڑوں گا
رانی لے بچ بر دانوں کو اور آنند خوشی منا لے تو
لے راج اور بنواس بھی لے اور پران بھی میرے چھوڑے تو
بے چین ہو گئے اور ویاکل، شری رام لیتے لیتے
بے پر پکشی گر پرتھوی پر، گرتا ہے پران دیتے دیتے
دوہا   ادھر ادے ہوئے بھاسکر، ٹھاٹ راجسی دھار
باجے بجتے شہر میں، سجا ہوا دربار
منتری ادھیکاری موکھیہ تھے جو حاضر ہوئے دربار میں آ
کنتو محلوں سے مہاراج ابھی۔ حاضر نہ ہوئے سرکار میں آ
مہاراج تو پچھلے پہر سدا، سنتے ہیں جاگا کرتے ہیں
اس سمے سے تو آپ ہی پہلے دربار میں آیا کرتے تھے
منتری جی آپ خبر لائیں۔ کیا کارن ہے نہ آنے کا
محلوں میں جاکر کے دیکھا سمجھا نہ کارن آنے کا
دیکھا تو درشیہ بھیانک تھا دیکھا تو تھا اندھیارا تھا
تھے مہاراج پرتھوی پہ پڑے بڑا خوفناک نظارا تھا

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

جیسے مین جل بن تڑپے ، ایسے مہاراج تڑپتے ہیں
ہائے رام کہتے نہ تھکتے۔ اُٹھتے ہیں پران پھٹکتے ہیں
کہیں موکٹ پڑا ہے راجا کا، سب وستر پھٹے بیحال ہوا
گیا ٹوٹ گلے کا ہار بکھر، چہرے کا ڈھنگ نڈھال ہوا
جیوں بھو کی سنگھنی مارے سانس۔ کیکئی یوں کھڑی سرہانے ہے
بے بھیت سکل وہ ہوئے مونشیہ جو کوئی ڈر اُس کو بہانے ہے
منتری سومنت گھبرایا ہے۔ گھٹنا یہ گھٹی نظر آئی
راجا کو دیکھ سکے بھی نہیں آتی طبیعت چکر ہے کھائی
کیکئی کو ماتا ماتا کہہ، پوچھا یہ کیا تجھ بات ہوئی
ہے باہر تو آنند چھایا، اور بھیتر کیسی گھات ہوئی

دوہا کہا کیکئی نے تبھی، منتری کر دو بلائے
بھید یہ تب کھل جائے گا۔ لاؤ رام کو جائے
جو آ گیا کہہ کر چلا، منتری چتر سجان!
من ہی من میں سوچتا۔ رچی یہ کیا بھگوان!

منتری نے جا کر کہا حال۔ سب شری رامچندر رگھورائی سے
سن حال چلے شری رام چندر محلوں میں آ گئے مائی کے
بیچین پتا کو دیکھ ہوئے۔ ماتا دیوی خونخوار ہوئی
ہے کرودھ میں حالت ماتا کی اور آنکھیں لال انگار ہوئی
پرنام کیا پہلے ماں کو، جھک جھک کر سیس نوایا ہے
پھر پاس پتا جی کے پہونچے چرنوں میں شیش نوایا ہے
ہے ماتا کہو بات کیا ہے جو پتا بہت گھبرائے ہیں
ایسا کیا کشٹ ہوا، ان کو جس سے اتنا دکھ پائے ہیں

دوہا کیکئی بولی رام سن، ستیہ بتلاؤں بات
پریم ہے تم سے نرپ کو یوں بے کل رہو رات

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

بس اسی نے مہاراج کی آج یہ گتی بنائی ہے
اس کے اتی رکت بات کوئی نہیں دھیان میں میرے آئی ہے
مدت سے وچن دیا تھا مجھے مہاراج نے دو ور دینے کا
من کا چاہا ور مانگ لیا۔ بس سمے یہی تھا دینے کا
سنکر یہ بات دکھی یوں ہوئے۔ اتی شوک ہردے پہ چھایا ہے
مانگا یہ راجیہ بھرت کے لئے تم کو بن واس دلایا ہے
تم چودہ ورش بن میں رہنا۔ یہ پاس سے دور یہ کرتے ہیں
بوڑھی آنکھوں کے سکھ رہو۔ بس اس دکھ میں دکھ بھرتے ہیں
تم سچے آگیاکاری ہو، تو یہ کرتبیہ تمہارا ہے
یدی لائق ہو تو چودہ ورش، بن میں رہنا گوارا ہے

دوہا: منتری نے جس دم سنے۔ یہ کیکئی کے بین
ایک دم سے گرا بھومی پر ہو کر کے بے چین
مگن ہوئے اتی من ہی من کروں سدھ رگھوبیر
ماتا سے کر جوڑ کر، کہی بات گمبھیر

وہ بڑبھاگی ہے ست ماتا۔ ماں باپ کا کہنا مانے جو
نربھاگیہ وہ بیٹا ہوتا ہے نہیں مات پتا کو جانے جو
جننی آگیا تیری پا کر، جیون کو سپھل مانتا ہوں
سمان کیا جو ماتا نے، میں اسے ہی بہتر جانتا ہوں
کریں یہ راجیہ بھرت لال یہ رام خوشی اس بات میں ہے
سمپدا اکھل سنسار کی سب، جب آگیا تمہاری ساتھ میں ہے
کیول دکھ ہے تو یہی مجھے۔ کہ پتا میرے دکھ پاتے ہیں
ہے شوک کی اتنی بات یہی ناحق اتنے اکولاتے ہیں
ماتا ان کے دکھ کا کارن، بس یہی سمجھ میں آتا ہے
شاید کوئی اپرادھ ہوا۔ یوں ہردے میرا دکھ پاتا ہے

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا کیکئی تب کہنے لگی، سن بیٹا رگھو ناتھ
قسم تیری اور بھرت کی اور نہ کوئی بات

کوئی اور دوسرا نہیں کارن، کارن سب تہیں بتایا ہے
تم سے کوئی اپرادھ ہوئے یہ نہیں سمجھ میں آیا ہے
سُت رام چندر سب طرح سے تم، اب پتا کو اپنے سمجھاؤ
یہ وچن نبھائے اپنے وہ، یہ بات صاف کر بتلاؤ

دوہا ادھر لیا مہاراج نے، مکھ سے رام کا نام
کر پرنام تب سومنت نے لیا ہے اُن کو تھام

اُن کو اٹھائے بٹھایا ہے منتری نے دیا سہارا ہے
چرنوں میں پڑا نظر آیا۔ راجا کو آنکھوں کا تارا ہے
بے چین سنیہہ پریم ہو، شری رام لگائے چھاتی سے
جیوں منی کو پایا سرپ نے ہے ایسے لپٹائے چھاتی سے

دوہا کر دنڈوت بنائی سب کتھا، بول اٹھے یہ رام
دیووں کو سنسار میں، کٹھن کون سا کام

اتنی سی بات پر مہاراج، نہیں دکھ کا پانا لازم ہے
کارن اس کا بتلا کر کے، بس وچن نبھانا لازم ہے
آ گیا دو بن کے جانے کی، کچھ خیال نہ لانا لازم ہے
رگھوکل کی شان اسی میں ہے ہر وچن نبھانا لازم ہے
میں ماتا جی کو کر پرنام، اور آ گیا پا بن جاتا ہوں!
میں آپ کی آگیا کر پالن، رگھوکل کا وچن نبھاتا ہوں

دوہا یہ کہہ مسکاتے ہوئے۔ اُٹھے شری سکھ دین
ہوا بیاں سمواد یہ، پورن من بے چین

(رامائن بھاگ ۷۔ دشرتھ پرتگیہ سمپورن)

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اوم

رامائن بھاگ (۸)

شری رام بن گمن

دوہا چلی کیکئی بھون سے، شری رگھوکل منی چندر
کچھ سر پ بولے منہ نہیں تھا سوچ وش بند

شری رام چندر بن جائیں گے، یہ سب نے سن پایا ہے
آئیں گے چودہ ورش بعد۔ کیکئی نے حکم سنایا ہے
سب شوک کی اگنی میں جلتے۔ سن وِکل سبھی نر نار ہوئے
بے چین ہوئے کر ملتے ہیں، سر دھنیں پڑے بیزار ہوئے
خوش بختی کے سمے یہ ودھاتا نے، کیسا رنج دکھلایا ہے
اس سمے کیکئی ناگن نے، گھر ہی میں ڈنک چلایا ہے
پرانوں سے پیارا رام مجھے، کل تک تو یہی بتلاتی تھی
سب پتروں سے پیارے ہیں رام یہ کہہ کر واری جاتی تھی
کل تک تو اتنے پیارے تھے اور آج ظلم کیا ڈھاتی ہے
یہ لکھن ستیہ ہے لوگوں کا، تریا وِش بیل کہلاتی ہے

دوہا راجیہ تلک اُتسو سبھی، ہو گئے ختم تمام
دکھ کا ساگر بن گیا، یہی اودھ پور دھام
جن سکھیوں کو تھا بہت اس کیکئی سے پیار
کیکئی کو سمجھاونے۔ پہنچی اُس کے دوار

مہارانی بھرت سے کبھی پیارا، رگھورائی کو بتلاتی تھیں
اب کیا اُن سے اپرادھ ہوا تم جن پر واری جاتی تھیں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

کوشلیا رانی ہے جیسی یہ سارا جہاں جانتا ہے ... !
ہے پریم نیم ہیں چتر بہت یہ جگ سارا پہچانتا ہو
کیا خطا ہوئی کوشلیا سے، جو ایسا بیر لٹا تی ہو
بجر ہا دکھ گھور آپ، کیوں، اودھ پوری پر ڈہاتی ہو
دوہا راجیہ کرے آتی ہرش سے اودھ بھرت سُکمار
بن جائیں گے کس لئے۔ کہیے رام اُدار
ہو خیال بہتیں گھر پر رہ کر، اُت پات کریں گے رگھورائی
تو گرو کے گرہ رہ جائیں گے تم دور یہ خیال کرو بھائی
یہ چندر بدن شیامل شریر، نہیں بن کو بھیجنا لازم ہے
شری رام چندر کو بھیج کے بن نہیں دکھ پہونچانا لازم ہے
آتی کرودھ بھرا تھا کیکئی میں تھا اُسے سُہاتا رام نہیں
صُورت تکتی تھی سکھیوں کی، اُتر دینے کا کام نہیں
دیکھی حالت یہ سکھیوں نے کیکئی کو آتی دھکارتی ہیں
کلہاری نر بھاگن پاپن کہہ گھر جاتی پھٹکارتی ہیں
یہ راجیہ کے مد میں بھول گئی سب عقل آج گنوادی ہے
کیا کہتی تھی کیا کر بیٹھی، بدھنا نے سیاہی لگادی ہے
دوہا روتے پرواسی گئے، اپنے اپنے دھام
اِت ماتا کے محل میں، پہونچ گئے شری رام
ہیہ ہرشت آنند میں، لیش نہ کشٹ دکھات
جان نہ ماتا دیں مجھے یہ بھی دکھ کی بات
راجیہ رو نپ نجیر ہے تپ گیند سکھ دھام
بندھا چرن ہے چھوٹتا یہ بھی دکھ کی بات
کیکئی ماتا کے درشنوں میں، آنند پربھو کا آیا ہے
کوشلیا ماتا کا آ کر، خوش ہو کے شیش نوایا ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

ہوئی پرسن رام کو لکھ ماتا، ہرشت ہو، اٹھایا ماتا نے
مُکھ چوما اور پچکار لیا، پھر گلے لگایا ماتا نے
لگی دہار کو نیتوں سے بہنے کو، جب لاڈ لڈایا ماتا نے
لگی رام چندر جی سے کہنے، اور پاس بٹھایا ماتا نے
کب آئے گا وہ شُبھ اوسر جب راجیہ تلک تم پاؤ گے
پریم بھاؤ اور جنم لابھ، پا کر راجیہ ہو جاؤ گے
لیتیق دن گن گن کر نر ناری دن کاٹتے ہیں ہرشاتے ہیں
جیوں ایک بوند سوات کے لیتے چاتک پاگل ہو جاتی ہیں
اب اشنان دھیان کر کے بیٹا۔ یہ وچن اُچکانا بہتر ہے
سندھیا اپاسنا نِتیہ نیم، کر بھوجن پانا بہتر ہے
کہنا یہ مانو ماتا کا، شری پتا یہ جانا بہتر ہے
شُبھ سمے یہ پایا بھاگیہ سے ہے نہیں دیر لگانا بہتر ہے
دوہا مدھور سمان یہ سن وچن، ماتا کے سکھ دھام
لپٹ ورشٹی سم بانی ہیں کہنے لگے شری رام
ہے ماتا مجھے پتا جی نے، اب بن کا راجا بنا دیا
اُتساہ تھا جس کے پانے کا اس کو دگنا ہی بڑھا دیا
آگیا دے خوش ہو کر ماتا۔ جو پتو آگیا پر دھاروں میں
درشن کر کے رشی منیوں کے پتو وچن سی جنم دھاروں میں
اس تن پر بھسم رما کر کے، ہے ماتا ون کو جانے دو
پُنہ پاؤں گا تمہارے درشن۔ پتو آگیا پر تم بجانے دو
جب وچن سنے رگھورائی کے، کوشلیا من گھبرائی ہے
جیوں کڑک کے بجلی بنجھ سے گرے تیسے ہی گتی بنائی ہے
جمی شکے سنگھ گرجنا کو، مرگنی اتی ہی اکولائی ہے
تیسے ہی رام کے سن کے وچن ماتا اتی ہی دکھ پائی ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دیاکل اتی من ہوئی کوشلیا دکھ ساگر میں غوطے کھاتی
شری رام چندر سے کہنے لگی نہیں مکھ سے بات کہی جاتی
کیسے وِن کشٹ سہو گے تم یہ آ کر آج سنایا کیا
تم چھوڑ مجھے بن کو جاتے کو سمے یہ ایسا آیا کیا
وہ پیار تمہیں نت کرتے تھے پرانوں سے زیادہ چاہتے تھے
آ جرن دیکھ تمہارا نتیہ ، ہرشاتے گلے لگاتے تھے
شبھ سمے تلک ہونے کا سُت راجا نے خود ٹھیرایا ہے
ایسی کیا خطا ہوئی تم سے جو دل سے الگ ہٹایا ہے
اس کا کارن کیا ہے بیٹا - اب سبھی ہی بتلاؤ تم
اگنی روپ ہو گئے کیسے سب گن اوگن سمجھاؤ تم
بردان جو مانگے کیکئی نے شری پتا سے وچن بھرائے ہیں
بن مجھے بھرت کو راجیہ تلک دے وچن پتا پچھتائے ہیں
اس میں بھی ہت میرا ہے - پتو آ گیا ہے بن جاؤں گا
نج سوچ تو آ گیا دے ماتا - پتو بات کا وچن نبھاؤں گا
دوہا وچن سنت ہی رام کے دیاکل ہوا شریر
مون رہی کچھ دیر تک بولیں پھر دھر دھیر
بیدی رام کو بن جانے نہ دوں تو دھرم میرا گھٹ جائے گا
نتیہ بیر رہے بھرا تاؤں میں یہ بیر بُرا رنگ لائے گا
سر دھار کے حکم پتا جی کا - بن کو ہی جانا اچھا ہے
کیکئی بھی ماتا ماتا ہے یہ گیاہی سجانا لازم ہے
بن کو ہی اودھ سمجھنا تم - بن دیو پتا جانو تم
بن دیوی کو ماتا جانو ، پکشیوں کو سیوک جانو تم
ہاں ہے خیال تو اتنا ہے بالی عمر ناداں ہو تم
دِچرو گے چودہ ورش کیسے کیوں کہ بن سے انجان ہو تم

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

ہے ایشور اپنی چھاتی پر۔ کیسے و لوگ ڈھ با ؤں گی
ہے رام چندر، ہے رام چند، ہیں کہہ کر کسنے بلاؤں گی
دوہا کہہ کر رانی گر پڑی، ہو ماتا بے چین
دیا سہارا ہاتھ کا، رام چند ر سکھ دین
حال دیکھ کر ساس کا دوڑی سیا گھبرائے
جہاں پر شری رگھوناتھ تھے پہنچی وہاں پر آئے
سیتا کی دیکھی صورت سوچت اور پچھتات
اُدھر چیت میں جب ہوئی شری کو سنائیا بات
رگھوبیر آج بن جاتے ہیں، سیتا کو ماتا نے بتلایا!
اس اودھ سیتا جی سے توڑا ناطہ یہ سمجھایا!
بردان دو مانگے کیکئی نے، یہ راجیہ بھرت جی پائینگے
چودہ ورشوں کا بن، باس کرنے کو رام جی جائیں گے
یہ سنکر سوچا سیتا نے، یہ من میں بات سمائی ہے
میرا بھی دھرم یہ کہتا ہے وہاں رہوں جہاں گھورائی ہے
اُت سیتا جی کے پیروں ہیں انوٹا یہ صاف بتاتے ہیں
ہے پربھو چلیں گے ہم بھی ساتھ ایسی دھونی صاف سناتے ہیں
دوہا سیتا کے من کی سُن، ماتا نے آواز
رام چندر جی سے کہا۔ سمجھ سیا کا راز
ہے بالی عمر نادان سیا۔ من ہیں بیٹا کچھ دھیان کرو
اس کا کیا ہردے کہتا ہے اس بات کا کچھ دھیان کرو
یہ ساس سسر کی پیاری ہے پیں بھی رکھتی ہوں ہاتھوں میں
جانا سنگ یہ بھی چاہتی ہے کہتی ہیں جو کچھ باتوں میں!
دوہا پتا جنک اور سسر ہیں شری دشرتھ سکھ دھام
جن کے رگھوکل تلک، اتی گن شری رام

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

جو جھولی مناک ہنڈولے ہیں، پلنگے سے پیر نہ تارا ہو
جس کو اس کٹھور پرتھوی پر رکھنا نہیں قدم گوارا ہو
وہ رہے گی کیسے بن کھنڈروں میں کبھی چیتر دیکھ ڈر جاتی ہے
کیسے دکھ بن کے سہن کرے جو سپن میں دکھ نہیں پاتی ہے

دوہا ماتا کے سن کر وچن، کہن لگے شری رام
کہنا مانو تم پریہ، لیو نہ بن کا نام
ہوگے وچن پرمان کر، کچھ دن دلو بتائے
چودہ ورش بتائے کر پھر گھر پہنچوں آئے

کش کنٹک ترن ہیں وہاں بہت اور بیابان بن بھاری ہے
کنکر پہاڑ اور جھاڑ بہت گزرا گزران دکھاری ہے
سنگھ اور گج بھالو، کپی ہرکٹ بے بھیت گرجنا کرتے ہیں
سنکر ان کی آوازوں کو اتی ویر بھینکر ڈرتے ہیں
سونا ہو کنکر پتھروں پر، نہیں ریشم سیج پیاری ہو
کچھ بھی آرام نہیں بن میں نانا ودھی سنکٹ بھاری ہو
اتی گنت جیو، جنتو بن میں جو منوشیہ بھکشن کرتے ہیں
رج کپٹ نشیچر پھرتے جو ہٹ اسی ودھی بھرتے ہیں
یہ بدن کا پتا ہے تھر تھر یدی برت جل لگ جاتا ہے
وہ بیاں وپن کا لکھے کوئی تو لکھ نہ سکتے پاتا ہے

دوہا اسی واسطے بن گمن، کرو نہ من کو مار!
وچن ستیہ مم مان کر رہو محل سکمار!
یہ سن کہنے لگی، تب ہی کوشلیا مات
تم بن مت جاؤ سیا، ستیہ رام کی بات

وہ کتنا کول گراتوں کی، کتنا بن میں اپجائی ہے
وہ سدا نشے رس روکھی ہیں یوں ہی دنیا میں آئی ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

تن اُن کا ہے پتھر سمان ہے کو ملتا کا نام نہیں
اس کارن ان کے لئے وہاں بالکل کلیش کا نام نہیں
یہ تپسویوں کی شکتی ہے جو تپ میں دھیان لگاتے ہیں
جن کو دنیا سے کام نہیں جو ہری ہری گن گاتے ہیں

دوہا
یہ سنتے ہی سیا کے بھر آئے ہیں نین
سیتا تب کہنے لگی، ہو کر کے بے چین
گھر لائق ہیں، آپ ہیں بن لائق سکھ دین
تم تو بن میں دکھ بھرو اور میں پاؤں چین

جو کچھ بھی آپ کریں سوامی بس آپ کے اختیار میں ہو
پتی دیو کے چرنوں سے اچھا، استری کو کیا سنسار میں ہو
وہ بن ہے اجودھیا کے سمان، پکشی ہی کٹمبی سارے ہیں
وہ پرم کٹی پتوں کا گھر، پالو بے کنٹھ کے دوارے ہیں

دوہا
بن دیوی بن دیوتا، پتر بدھو ٹھیرائے!
پربھو آپ کے ساتھ میں کری ہیں سوا گت آئے

اور سیج جو کومل کش کی ہو سرہانے جو ہو دھیلوں کے
آنند سیج کا آئے گا۔ سکھ ہوں مخملی گددل کے
وہ کند، مول پھل کا بھوجن، امرت سمان ہو جائے گا
بن اودھ اور پربت ہوں بھون وہی محل بنجائے گا
جیسے چکور یا چندر کرن، آنند میں منگل گاتی ہیں
اس طرح آپ کی سیوا میں یہ داسی رہنا چاہتی ہیں
پد کمل تھکان نہ مانوں گی، سیوا سب طرح بجاؤں گی
جب دھوپ و گرمی پڑے وہاں انچل سی بیار ہکاؤں گی
بھلا! آپ کے ہوتے پربھو پھر مجھکو کون ستائے گا
یہ شیرنی شیر کے ساتھ رہے تو گیدڑ کیا ڈرپائے گا

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا چودہ ورش کے بعد میں جو جیتی لوپائے
تو تم جاؤ چھوڑ کر، مجھے عذر کچھ نا ئے

چرنوں کی داسی کو بھگون مت چھوڑ کے یہاں جانا تم
بس ایک ہی روز میں ہی سوامی مت مجھکو جیوت پانا تم
اب ساتھ مجھے بھی لے چلئے، بدی وہاں پر جاتے ہو
بن آپ کے سونا جگ مجھکو کیوں چھوڑ کے جانا چاہتے ہو
ہیں چرن دباؤں گی سوامی۔ بدی آپ وہاں تھک جائیں گے
جیون میرا آرام میں ہو، جب آپ سامنے آئیں گے
ہر سمے کروں گی میں سیوا تن من تم پر بلی بار کروں
دکھ مجھے نہ کچھ بھی دیا ہے گا سوامی درشن جس بار کروں
کل ایک پل تم بن نہ مجھ کو کل یہ ستیہ ستیہ سکھدیں کہوں
اچھا ہے یہ میری سوامی، ہر سمے تمہارے ساتھ رہوں

دوہا ٹھان یہی من ٹھان لی، اب تو سوامی ناتھ
دیا کل ہو کہنے لگی، ناتھ جاؤں گی ساتھ
رگھورائی نے بھی لیا یہی ستا اپائے
تن سمان اب جانکی دگی پران گنوائے

اچھا سیتے بے چین نہ ہو، تم ساتھ چلو دھیرج دھرو
گن پتی کا دھیان دھرو من میں تج شوک نہیں من کمار و
پہلے سیتا کو سمجھایا، پھر ماتا سے پرنام کیا!
آشیرواد دیا ماتا نے، ہردے کو اپنے تھام لیا
بولی بیٹا اچھا جاؤ، پتو وچن نبھانا بہتر ہے
اس اپنی بوڑھی ماتا کو، نہیں دل سے بھلانا بہتر ہے
ہے رام جدائی میں تیری روز دن رین گزاروں گی
شبھ گھڑی وہ کس دن آئے گی پھر چندر سی صورت نہاروں گی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

بیٹا، بیٹا۔ آؤ بیٹا۔ کہہ کر کے کیسے بلاؤں گی!
بیٹا تیری بھولی صورت، میں کیسے اسے بھلاؤں گی

دوہا
جب تک گنگا بہنا ہے اور پرتھوی آکاش
جب تک اس سنسار میں سورج کا ہے پرکاش
تب تک اٹل ہو جگت میں سیتا تیرا سہاگ
لے کر کے آسیش اب چلی دو بے لاگ

یہ خبر پائی جب لچھمن نے، ویاکلتا اُر میں لائے ہیں
رگھو ویر کے ڈھیرے آئے ہیں من ہی من آتی گھبرائے ہیں
شری رام چندر جی کے چرنوں میں لچھمن جی نے ماتھ نوایا ہے
لکھ رام کو چکت ہوئے لچھمن، دیاکل ہو وچن سنایا ہے
آ گیا کچھ مجھ کو دیجئے گا کس اب سوچ میں سکھ دین ہوئے
کہاں جاتے ہو کہاں جاتے ہو اتنے پربھو کیوں بےچین ہوئے

دوہا
بات لکھن کی جب سنی بولے یوں سکھ دہام
کہنا بھائی مان کر، کرو ایک یہ کام

جو مات پتا اور سوامی کی نت دن ہی ٹہل بجاتے ہیں
ہیں بڑ بھاگی سنسار میں وہ یہ وید شاستر بتلاتے ہیں
اس لئے تمہارا کرتبیہ ہے، تم کو میں جو سمجھاتا ہوں
تم مات پتا سیوا کرنا، یہ جیون سکھ بتلاتا ہوں

دوہا
سیوک چرنوں کا ہوں میں بولے لچھمن ویر
آپ میری اس بات پر کرتے ہو بحریر

میری ہی بھلائی ہے اس میں جو مجھے ناتھ سمجھایا ہے
پر اس میں بھلا نہیں میرا جو کچھ تم نے بتلایا ہے
ہے پریم میرا تو تم سے ہی جب سے یہ جنم لیا میں نے
ہیں کون پتا ماتا میرے، یہ کبھی نہیں سوچا میں نے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

میرے تو تات تم ہی تم ہو، نہیں اور کسی کو مانتا ہوں
ہو یو جیہ ناتھ اور پتا مات سروسو تمہیں پہچانتا ہوں
کچھ موہ جیسے گھر بار سے ہوئے ناتھ اسے سمجھانا تم
جو سیوک نہیں تمہارا ہو، اس کو یہ بات بتانا تم

دوہا — لچھمن کا کہتے ہوئے، تھکا چرنوں میں ناتھ
پن سمجھانے یوں لگے، کر یا مندھور رگھوناتھ

بھائی یہاں بھرت لال ہیں نہیں شتروگھن بھی ہاں ہائے ہیں
ہیں دکھت پتا نج دکھ دکھی، پھر پرجا بھی دکھ پائے ہیں
یہ پرجا دکھی ہو گی بھیا۔ یدی ساتھ تمہیں لے جاؤں گا
ہو سب ہی اودھ میں اندھیارا تو کل میں کیسے پاؤں گا
ہے تات سنو جس راجا کی یہ پرجا مہا دکھ پاتی ہے
وہ راجا نرک کا بھاگی ہے، سنتان نشٹ ہو جاتی ہے

دوہا — یہ سن چرنوں میں گرے، لکھن لال ہرشائے
ہیں سیوک ہو سوامی تم، پار نہ میری بسائے
تن من کرم ودچن سے، جپتوں تمہارا نام
اب کیوں مجھے بسراتے ہو سوامی سکھ دھام

مجھ کو سنگ میں لے جانا پربھو، یدی آپ پربھو نہیں جائیں گے
تو اس میں میرا زور نہیں، دھیرج ہم کیسے پائیں گے
یہ سیوک چرنوں کا سوامی، بس ساتھ ہی جانا چاہتا ہے
یدی آپ چھوڑ کر جائیں گے تو پران گنوانا چاہتا ہے

گانا

سیوک کو اپنے سوامی چرنوں کا داس رکھیے
میں آپ کا ہوں بھگون بس اپنے پاس رکھیے
سیوک ہوں میں یہ ونتی، اتنی دیا کرو تم
چرنوں کی رج میں مجھکو ہر بارہ ماس رکھیے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

بدی ساتھ ہیں میں جاؤں، سیوا پربھو بجاؤں
ایک پہر بیدار ہر دم سوامی جی خاص رکھئے
پھل پھول لاؤں چن کر کھانے کے وقت سوامی
سیوک کو اپنے بھگون۔ یوں مت اداس رکھئے
بے چین کو ابھی اپنے چرنوں کی سیوا دیجے
اپنی شرن میں مجکو، رگھوکل پر کاش رکھو
دوہا کہا تبھی رگھوناتھ نے، سنو بھائی مم تات
جاؤ ساتھ ہیں لے چلوں، گر آ گیا دے مات
سن لچھمن سنے جائے کر، کہا مات سے بول
آ گیا دے میں جاؤں بن، ماتا ہرئے کھول
ماتا کیکئی نے کیا۔ آج سرد س ناش
چودہ ورشوں کے لئے، دیا رام بنواس
ماتا پاپن کیکئی مات، اب بھاری پاپ کمائے رہی
رگھو راج جو ہو گیہ راج کے بھئے ان کو وہ بن بھجوائے رہی
تب مات سومترا کہن لگی، یہ رگھورائی بن جاتے ہیں
تو تم کو کیسے راج بھون کے سکھ بولو یہ بھاتے ہیں
ہیں پتا تمہارے رگھورائی۔ ماتا سم جنک دلاری ہیں
بن اودھ محل ہو پرم گتی، رگھوور کے سنگ سکھ بھاری ہیں
لچھمن بولے ہیں پرن میرا، میں بھی ساتھ ہیں جاؤں گا
وہ کیکئی وچن نبھائیں گے، میں سیوک دھرم نبھاؤں گا
رگھوناتھ و مات جانکی کی، سیوا کر جنم سدھاروں گا
بدی آ گیا مات تمہاری ہو، تو سیوا دھرم وچاروں گا
دوہا بڑ بھاگی تم پتر ہو، جاؤ پربھو کے پاس
مجھ نربھاگن ماتا کو، اونچا ہوا ناتھ

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

وہ ماتا دھنیہ ہے دنیا میں جس کا سُت رام کا پیارا رہا ہو
ہے سورگ ہو کُش کا وہ بھاگی جو رام نام آدھارا رہا ہو
جو رام و یمکھ ہو کر جیتا۔ کیا جیتا اور کیا جینا ہے
وہ کل کلنک نربھاگ پُتر اور نیچ و کُٹل کمینہ ہے
ہے سُت اب تیرے بھاگیہ سے ہی شری رام بجاتے ہیں
مانو سیوا کا اوسر ہے، تب جیون سپھل بناتے ہیں
اُوسر یہ سندر اُوسر ہے، شبھ سمے ہے دھیان لگانے کا
سیوا کر کے رگھورائی کی، بس جیون سپھل بنانے کا
سُکھ ہی سکھ ہے بیٹا تم کو، کیا کیا تم کو سمجھاؤں میں
ہے سیتا رام پتا ماتا، پُن پُن یہ بات بتلاؤں میں
سنکٹ جو پڑے سہہ لینا۔ من بہلانا رگھورائی کا
وہ تیر نتیہ سیوا کرنا، بس دھرم یہی ہے بھائی کا
چاہے دُکھ کا پربت ٹوٹے، پرانوں کی مت چنتا کرنا
پدی رکت ہے چھتری کا تم میں، پیچھے کو مت قدم دھرنا
چنتا مت کرنا پرانوں کی، پر دھرم نبھانا لازم ہے
نہیں رام جانکی دُکھ پائیں گے، مم کہن نبھانا لازم ہے
وہاں کشٹ نہ پانے پائے بن، شری سیتا اور رام

اس وچار کر ہرشے میں بجو اودھ پوربدھام
کر پرنام پنج ماتا کو، چلے سیش اوتار
شنگر دور پہونچے وہاں جہاں تھے رام اُدار

رگھوناتھ کو سیش نوا کر کے بولے پربھو آگیا پائی ہے
بس کہا یہ مجھ سے ماتا نے ہر دم سو تیرے رگھورائی ہے
تب لکشمن، جانکی کے سمیت چلے رگھوکل بھانو ودا کر ہیں
جہاں نربادنتر تھے جین پڑنے اس بھون میں پہنچ آکر ہیں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

تب ہی نرپ کو منتری سومنت پیٹھ سے اٹھا بیٹھاتے ہیں
اِت رام چندر سیا لکھن سہت، چرنوں میں ماتھ نواتے ہیں
ہے تات مجھے آگیا دیجئے، کر جوڑ کہا رگھورائی نے
ہے سمے یہ خوش ہونے کا پتا۔ نہہ چھوڑ کہا رگھورائی نے
اِس اوسر پر یدی موہ کیا۔ تو دنیا بُرا بتائے گی
یدی دھرم یہ قائم آپ رہے تو کیرتی دنیا گائے گی

دوہا
وچن سنت رگھوناتھ کے نرپ آئی ہوئے ادھیر
ہاتھ پکڑ نرپ نے تبھی ہردے لگئے ویر

ساری دنیا ہے رام تمہیں چر اچر پتی بتلاتی ہے
پرمی، ہنمی، دھرمی، کرمی، انتریامی لکھ پاتی ہے
جیسی کرنی ویسی بھرنی، یہ ہی دستور بتایا ہے
پر کرتا تو کوئی اور ہی ہے، پھر دکھ کیوں ہیں نے پایا ہے
پھر گھبرا کر بیزار ہوئے اور سیتا کو سمجھاتے ہیں
جو دکھ ہوتے مہا بن میں، ہر بار زبان پر لاتے ہیں!
وہ کیسے رام بنا رہتی، سیتا تو رام کی پیاری تھی
پر اتر بھی دے سکتی نہیں۔ کیوں کر گن دیتی ناری تھی
سمجھاتی ناریاں اور سیا۔ تم کو نہیں آگیا دن کی ہے
ساس اور سسر کا مان کہا یہ پہلی بات دھرم کی ہے
جب سمجھاتیں تھیں سب سکھیاں، سیتا کو بات نہ بھاتی تھی
حالت تھی جلتی بکشی کی، نہیں رات چاندنی چاہتی تھی

دوہا
سُن کر سکھیوں کے سخن، جنک سُتا گھبرائے
تبھی کیکئی تمک کر، اٹھ کر چلی رسائے
وستر دیے کیکئی، لائی سب سامان
رگھو ور سے رسیائے کر بولی بھر کٹی تان

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

ہے رام تمہیں تو مہاراج، پرالوں سے ادیک چاہتے ہیں
یہ موہ ممتا میں پھنسے ہوئے نہیں دور ہٹانا چاہتے ہیں
چاہے پرلوک بگڑ جائے، لیش کو آپ اشٹ کر ڈالیں گے
ہم کیا نہیں جانے کی دینگے۔ مرتیو کو بھی اپنا لیں گے

اس لئے میرا کہنا مانو، ان کا نہ اشارا پانا ہے
منی پٹ بھوشن یہ حاضر ہیں بدی تم کو بن کو جانا ہے

دوہا وچن نہیں کہہ سکی کے، وش کے بجھے بان
سن کر کے مہاراج کے، کھنچنے لگے پران

افسوس وچن یہ سنکر بھی، دشرتھ تو بیٹھا جیتا ہے
جگدیش چھڑا ان پرالوں کو یہ کیسا بڑا فضیحتہ ہے
آکاش ٹوٹ پڑ اوپر سے، نیچے بس مجھے دبا دے تو
پرتھوی تو پھٹ جو سما جاؤں جلدی سے مجھے جگہ دے تو

اس اور شری مہاراج جی بس پڑے پڑے دم بھرتے ہیں
اور ادھر رام لچھمن، سیتا، منی بھیش کو دھارن کرتے ہیں
اس سمے یہاں برہمن منتری بیٹھے تھے، محل میں آئے ہوئے
کچھ پڑواسی گرو وشسٹ جی بیٹھے تھے نار جھکائے ہوئے
سب مون دھار کر بیٹھے تھے، جب وستر اتارے رگھوبر نے
سب رونے لگے منی بھیس دھار جب بال بکھیرے رگھوبر نے
سیتا نے وستر تو اٹھا لیتے، پر من میں کچھ شرمانے لگی
جانے نہ پہننا آپ سویم، رگھوناتھ کو بات سنانے لگی

دوہا منی بھیش کیسے پربھو پہنا جائے!
وستر پہننے یہ مجھے، ہے پربھو آتے نائے

تب رام چندر، سیتا جی کو، منی وستر سویم ہی پہناتے ہیں
بے چین ہوئے کل نرناری آنکھوں سے آنسو بہاتے ہیں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا	تب وششٹ جی نے کہا، سنو بات رگھو رائی
بنواسی بھوشن ہنس، انہیں پہنا و نائے
بھیس راجسی چھوڑ کر لکھن اور رگھو ویر
چلے نرپ کو پرنام کر، تینوں دھر کر دھیر
آگے آگے رام تھے، پیچھے لکھن سوجان
مدھیہ چلیں تھیں جانکی، پہونچے گرو استھان
ہاتھ جوڑ کر گرو سے یوں بولے سکھ دھام
بھار آپ پر ہے سبھی، کہن لگے شری رام

ہے رشی راج اُس پرجا کا، پالن اور دھیان ہے کرنا تم
ہے دُکھی پتا سمجھا کر کے، اُن کے بھی دُکھ کو ہرنا تم
سب راج کا بھار سونپ گورو کو، شری رام چندر بن جاتے ہیں
پُر کے نرناری ویاکل تھے، اَتی ہاہا کار مچاتے ہیں

دوہا	نرپ دشرتھ اَتی سوچ میں غوطے رہے تھے کھائے
منتری سومنت بلا لیا۔ کہن لگے سمجھائے

یہ پران کیوں نہ گئے میرے جب گئے پران ہمارے تینوں
تن نہیں کیا پران یہ سکھ پادیں گئے آنکھوں کے تارے تینوں
کیا دکھ ہوگا اس سے بڑھ کر، آنکھوں کے تارے چلے گئے
کومل شریر ہے تینوں کا، جیون کے سہارے چلے گئے
رگھو ویر جدائی کا تن میں ایک تیر سا مار چلے گئے
پرتھوی کٹھور پہ کیسے چلیں یہ بنا وچارے چلے گئے
اس لئے ابھی رتھ جڑوا دو، لے جاؤ انہیں ہٹا کر کے
دو چار روز بن دکھلا کر، لے آنا پھر سمجھا کر کے
یدی رام اور لچھمن نہیں لوٹیں کیونکہ یہ دونوں ہٹ دھاری ہیں
تو سمجھا سیتا کو لانا، وہ آتی کومل سکماری ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

بن دیکھ وِکٹ آ تی جناک سُتا۔ گھبرائے گی ڈر جائے گی
تب ہی سمجھانے سے آ ئے، جب دُکھ پاگیا کو لائے گی
یدی سیتا ہی آ جائے گی، تو پران مرے بچ جائیں گے
ورنہ آدھار نہیں ہوگا، وہ کیسے بچنے پائیں گے
دوہا
کہتے کہتے گرے، دھرتی پر اس بار
منتری چتر سجان نے رتھ کو کیا تیار
نارو سنگھ بے چین دہلوی نے یہ کتھا بنائی ہے
شری تلسی کرت راماین کے ہی سار پر کی کویتائی ہے
بے چین نے ہو لو نین کھولے شری پرم پربھو کا دھیان کرو
اس شبھ او سر پر سروتا گن، شری رام نام گن گان کرو
آرتی

جے شری رام ہرے، پربھو جے شری رام ہرے
سکھ سمپتی وہ پاوے، جو کوئی دھیان دھرے
سُر نر، منی جن دھاویں، بھید نہیں پاویں
چاروں وید ذیا ندھی، نیتی نیتی گاویں۔ جے شری
کرپا کرو جس جن پر، اس کے کشٹ ہرے
اجامیل سے کامی تم نے پار کرے۔ جے شری
رام لکھن اور سیتا، تینوں روپ دھرے
من بے چین پربھو جی، تم پرمان کرو۔ جے شری

(راماین دھاگ ۸، شری رام گمن سماپت)

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اوم

(اُتّر رامائن بھاگ ۹)

کیوٹ سمواد

دوہا چلے جو رتھ میں بیٹھ کر، سیتا، لچھمن، رام
ویاکل ایک دم ہو گیا پربھو بن اودھ تمام
نرناری، پربھو شوک میں باکل ہوئے ادھیر
اُن کو سمجھانے لگے، سیتا پتی رگھو بیر
رگھوناتھ جی نے سمجھانے سے کچھ لوگ لوٹ گھر آئے ہیں
پر پریم ویش ہو کر کے پھر، لوٹ کے پربھو پر دھائے ہیں
پربھو بنا اودھ نہیں بھاتا ہے جیوں یم کا بھیانک دوارا ہو
یم راج کی سینا نظر آئے، جیوں اودھ اُجڑ گیا سارا ہو
نہیں ایک ایک کو پہچانے، سب ایک ایک سے ڈرتا ہے
نہیں پوت پتا کو دیکھتا ہے، اندھا کل اودھ وچرتا ہے
سب بھائی بندھو بھی بھوت جیسے، گھر مرگھٹ سم دکھلاتا ہے
سب پریجن، متر ہیں اپنے، بھے ایک ایک سے کھاتا ہے
باغوں میں پت جھڑ آئی مانو، سب ورکش بیل کمہلان لگے
بن دکٹ تال وکوپ سبھی، سب نگر بھیانک آن لگے

چوپائی

ٹنک، سارک، سارس، پک، مورا۔ چکئی، ہنس، گج، ترنگ، چکورا
اتی دیوگ کر مارہی ماتھا۔ بھئو اُداس چلے رگھوناتھا

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

بھئے بے چین چین کھونا ہی، بار بار اُتی من پچھتا ہیں
رام بنا اُتی بھئے دکھارے جاوت جب گھوناتھ نہلے

دوہا   بال وِردھ اور تَرُن سب، رام ڈھنگ آئے
تمسا تیر لواس پربھو، پرتھم لیا ہر شلئے

بھگوان نے دکھ اپار سہا۔ اُتی نیہہ پرجا کا پاکر کے
دھر دھیر بول سب کو سمجھائے، سب کو پاس بلا کر کے
تم کہاں سب بھائی جاتے ہو، یہ تو آگیا ہے ہم جاتے ہیں
ناحق تم کشٹ اٹھاتے ہو، ہم ماتا کے وچن نبھاتے ہیں
ہم پرات کال بن جائیں گے۔ تم بھی نج نج گھر کو جاؤ
ہم لوٹ کے آئیں اودھ بعد تم دھیر دھر دو من سمجھاؤ
نہیں لوگ پریم وش مانتے ہیں پربھو بار بار سمجھاتے ہیں
نہیں چھوٹتا پریم پربھو جی کا، کہہ چرنوں میں گر جاتے ہیں

دوہا   اودھ پوری کے لوگ سب سوئے پاؤں پسار
پریرت مایا کو پربھو، کیا ہے رام اُدار

ہری گتی مایا ہے ہو موہت، سب سوئے شدھ بسرائی ہے
منتری سے رام نے کہا بھی، اب گھڑی چلن کی آئی ہے
ہے یہ وچار میرا سُنیئے، منتری جی رتھ تیار کرو
ان کو سوتے ہی چھوڑ چلو، ناحق مت ابھی اوار کرو
مارگ کو بدل اے منتری جی رتھ جلدی آج ہنکاؤ اب
پربھات ہوتے نہ چھوڑے پرجا، بس چلو نہ بلمبھ لگاؤ اب

دوہا   سنت وچن رگھوناتھ کے، اٹھا سومنت ایک سنگ
رتھ میں شری رگھوناتھ کے جوڑے عجب ترنگ
رام لچھمن، جانکی، بیٹھے رتھ میں جائے
رتھ کو سچیو نے ہانک کر، دنیا پون بنائے

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

لنش بیت لگی پربھات ہوا ، اُٹھ کر پور واسی چکیت ہوئے
بن ناتھ آنا تھ بھئے سارے ، دوڑے بھاگے تھکت ہوئے
بھاگے بھاگے چھوں دشا پھرتے . ہا رام ہی رام پکارتے ہیں
کہیں رتھ کا پتہ نہ پا کر گئے ، پرتھوی میں سر کو مارتے ہیں
دُر بھاگیہ ہمارا ہے بھائی . آپس میں سب یوں کہتے ہیں
ہم بھاگیہ ہین سوتے ہی رہے پربھو گئے یوں دکھ سہتے ہیں
دوہا اودھ پوری کو چل دیئے ، کرتے لوگ ولاپ
کون کہے جو کچھ سہا . پربھو ویوگ سنتاپ
پھر چودہ ورش بعد ، آئیں گے اودھ یہ رگھوبر یہاں
جیون آشا میں ڈولیں گے . ایک بار اور بھی نیر بہا یاں
اب او رسنور نگ بیر پور میں ، رگھورائی نے آ باس کیا
سُر سری کو جا پرنام کیا . اسنان دھیان ابھیاس کیا
سُر سری تھام وشرام کریں ، کہیں رام تو نرمل دھار لہے
منگل کرنی سنکٹ ہرنی . کرنی جگ کا نستار رہے
شری گنگا جی کی پربھوتا کو ، رگھورائی سوئم سناتے ہیں
وہ کتھا شری گنگا جی کی پربھو سیتا جی کو سمجھاتے ہیں
دوہا مارگ شرم سب مٹ گیا ، کرن لگے آرام
پھر سیتا لچھمن سہت ، سیوسنگ شری رام
خبر سنی گہہ راج نے . آئے یہاں رگھوناتھ
بھائی بندھو سب لے لئے آئے وہاں کے ساتھ
لے کند مول پھل ساتھ ہو سب ، ملنے کو چلے رگھورائی سے
من میں اُمنگ چلے ایک سنگ کرنے کو بھینٹ سکھدائی سے
پہونچے تو دیکھا دھنش بان لئے لچھمن گشت لگاتے ہیں
چھپی دیکھ رام سیا لچھمن کی آئی آنند ہرش مناتے ہیں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دھر بھینٹ پر بھوجی کے آگے، چرنوں میں گرے پرنام کیا
پھر بھگتی اور انوراگ سہت، ورنن گن رام تمام کیا

دوہا نت دسے رگھوناتھ نے پوچھی سب کُشلات
پُلکت ہوئے نشادنے، کہی جوڑ کر ہات

اُس کو تو کُشل ہمیشہ ہے، جس پر کرپا سُکھدھام کی ہو
آنند اُسے ہی ہوتا ہے، جس پر کہ دیا شری رام کی ہو
ہو گئے دھنیہ ہم آج پربھو، جب درشن آپ کے پائے ہیں
جنہیں سُر نر مُنی کھوجے بن بن وہ آج سہج یہاں آئے ہیں
اچھا اب ساتھ چلو میرے، پُر میں اتنی کرپا کیجئے
کر گھر پوتر پد کی رج سے، بھوجن کیجے سنکٹ ہر لیجئے
بیشک مِن رُنی تمہارا ہوا، ہے سکھا نہ من میں خیال کرو
پتو وچن ٹال نہیں سکتا میں اس لیئے نہ کوئی ملال کرو
ہے ماتا جی کی آگیا یہ، بن چودہ درش بنواس کریں
بس کند مول پھل کھائیں گے نہیں پُر میں جاکر واس کریں

دوہا وچن سُنت رگھوناتھ کے، ہرُدے اَتی اکولات
پُر ناری کرنے لگیں، دیکھ انہیں یوں بات

جن ایسے لال نکال دیئے، کیا مات پتا کا جینا ہے
جن کے پرکاش سے بن روشن سُکھی کا ہے انہیں دُکھ دینا ہے
مدھان مرنے والے ہیں سنگ ناری اور دونوں بھائی
یہ تینوں ناز کے پالے ہیں کیوں سختی ان پر ہے ڈھائی

گانا

سُندر چھبی متوالے نینا۔ ترگن روپ اُجارے ترگن رُوپ اُجارے
سُندر چھبی جو مُنی من موہے، مُنی دروسن تھون پر سوہے
آج دیکھ من مودت بھیئے ہم، جاگے بھاگ ہمارے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

شیام سُندر چھبی پیاری پیاری لیلا جن کی جگ سے نیاری
سو بے چین بھیے لکھ سجنی، سارے جگ سے نیارے

دوہا آئی سمان نش دنیے، کینا من ہرشلیے
نکٹ دِپٹ ایک شِشتو یا تامیں دیکھ نکلیے
پُر واسی لوٹے تبھی، کر پر نام دھر دھیر
سندھیا کرنے کے لیئے گئے لکھن رگھو ویر

پربھو کاج نشا دلنے اِت خوش ہو کُش کی ساتھری بنائی ہے
کومل نوتن کِشلے کی سیج، ہاتھوں سے لاگ بچھائی ہے
پھل کند مول سب لے آئے پربھو جی کے بھوگ لگانے کو
تب رام لکھن سنگ جنک سُتا، بیٹھی ہیں بھوجن پانے کو

دوہا نِش آدھی سون لگے۔ سچدانند پربھو رام
چرن دباون تب لگے لکھن لال سکھ دھام
لکھن لال اُٹھے تبھی، سوئے سیا رگھو بیر
کہا سومنت سے سوئیے دھر کر من میں دھیر

سیوک نشادنے بلوا کر، پہرے ہر جگہ لگائے ہیں
ہو گئے کھڑے پہرے پر وہ شستر سب ہاتھ اُٹھائے ہیں
اور آس پاس دیر آسن پر، پہرے پر لچھمن آن اڑے
لچھمن سے گوہ تب کہن لگا۔ پرتھوی پر ہیں بھگوان پڑے
وہ گھر وشال شری لچھمن جی اُپما کیا دیں دو چند ا ہو
جس کے آگے شری اندر لوک کی اُپما بھی شرمندا ہو
اُت ینت سُگندھی اُٹھتی ہو پھولوں کی سیج بچھائی ہو
اُن اُونچے اُونچے محلوں میں منیوں کی روشنی چھائی ہو
شری جنک سُتا کے سہت سوتے ہوں جس پر رگھو رائی
مدمدن رتی کا ہرتے ہوں، اپنی اپار چھبی دکھلائی!

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

دہی سکھ دھام سیا کے سہت، پتوں کی سیج بچھائے ہیں
ویاکل بن بسن پڑے بھو پر، ہم دیکھ مہاں دکھ پائے ہیں
دوہا شری ویدیہی جی پتا ہیں سسر ہیں اودھ ادھیش
آج پتی کے سنگ ہیں پاتی مہاں کلیش
بن کھنڈ میں یہ دکھ پانے کو۔ کیا رہ گئے سیتا رام بھلا
مشہور بات کیوں دور جاؤ، ہونی پہ زور کہیں نہ چلا!
کیکئی پاپن ہتیاری نے دربانگ کے پاپ کمایا ہے
کومل شریر سیتا و رام، کیا ان کو کشٹ دکھایا ہے
دوہا سن نکھادپتی کے وچن بولے لچھمن ویر
کرم لیکھ مٹتے نہیں کرو کوٹ تدبیر
کوئی نہیں دکھ دیتا ہے کبھی، کوئی نہیں سکھ کا کام کرے
نہیں لیکھ ودھاتا کے مٹتے، کوئی کیسا انتظام کرے
راجا و رنک قسمت کے آنک سب سوپن جیسی مایا ہے
جب آنکھ کھلی تو کچھ بھی نہیں، نہیں نظر تمہیں کچھ بھی آیا ہے
دوہا یہ وچار کر روش تم، کرو نہ من میں تات
سمجھ دیو اچھا اسے، کہو نہ کھوٹی بات
سو بھائی سمجھ کرموں کا لیکھ، سب من کے جھوٹے خیال تجو
ہے موکش کا کیول سادھن یہ کرو رام بھجن یہ ملال تجو
بس اس پرکار باتیں کرتے، نش غنمی اور پربھات ہوا
سوتے سے اٹھ شری رگھورائی یہ خیال انہیں کیا تھا ہو
پھر اشنان دھیان کر پربھو جی نے سندھیا اپاسنا کر لینی
ونتی شری گنگا جی کی کر، من ہی من آتما سمر لینی
دوہا برگد دودھ منگائے کر، باندھ لئے پربھو کیش
انوج سہت رگھوناتھ نے کیا منن کا بھیش

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

کہا سومنت جی نے سبھی، نین نیر بہائے
مہاراج جی نے جو کہا سنو شری رگھورائے
مہاراج نے یہ فرمایا تھا جب مجھ کو ساتھ بٹھایا تھا
تم ساتھ جاؤ رگھورائی کے اور حکم یہی فرمایا تھا
پہلے تو یہاں سے لے جا کر سرسری بن کو نہلانا
دو چار روز رہ کر بن میں پھر ساتھ ہی اپنے لے آنا
اب جو آ گیا مہاراج کی تھی سو تم کو میں نے سنائی ہے
اب کیا منہ لے کر اودھ جاؤں بس میری مصیبت آئی ہے

دوہا — کرپا کر ور گھوناتھ جی سوچ سمجھ من ماہیں!
سونی کرنا اُچت ہے اودھ اناتھ ہو جاہیں

تم جانتے ہو پہچانتے ہو، یوں رام چندر بولے بانی
جو مارگ کھلا بس دھرم کا ہے ہر ایک سمجھتا ہے پرانی
شیو، دھدیچ - بلی اور ہرلیشچندر یہ سارے ہی تھے ست دھاری
نہیں دھرم سے اپنے منہ موڑا، سنکٹ تن پہ جھیلا بھاری
کبھی ستیہ کو اپنے تجا نہیں، لیش اور کیرتی پائی ہے
بس اس مریادا کا قائل، تن من سے یہ رگھورائی ہے
سمجھا دینا مہاراج کو تم، اب لوٹ الودھیا کو جاؤ
اور عرض یہ میری ہاتھ جوڑ مہاراج کو جا کر سمجھاؤ

دوہا — سمجھانا مہاراج کو، تات ہر ایک پرکار
جس سے درہ یوگ میں جائیں نہ ہوئیں چھار
سمجھا کر یوں کہہ رہے رام چند سکھ دین
سنت وچن رگھوناتھ کے سچیو ہوئے چین

کر و وصت ہونے لکھن لال پہلے تو بن میں بٹھا دیا
اب لوگ دکھاوے کو ملوا، سب گلا ہمارا بھلا دیا

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

جو ہم سے کہا سو ہن کیا۔ پرکھو آگیا مجھے سُنا دیجے
تو اپنے دھنش بان سے ہم بھسم اودھ کو کر آتے
ایک اپاپ من میں یہ آتی ہے۔ سکل اودھ کو آگ لگا دوں میں
جس کیکئی کا کہنا مانا، محلوں میں آگ لگا دوں میں
لچھمن کے وچن کٹھور سُنے تب کہن لگے یوں گھورا تی
بالک ہے لکھن جنکے رستا مت کہنا سو گندھ دلوا ئی
دوہا منتری تب بھنے لگا۔ کہاہے یوں اودھ ایش
جنک سُتا کو بھیج دو، نرپ کا یہ سندیش
یدی رام لکھن نہیں آویں تو، سیتا کو لانا لازم ہے
سیتا کو دیکھ کر جیتا رہوں مم پران بچانا لازم ہے
اچھا ہو رہو سا سرے میں اچھا ہو پتا کے گھر جائیں
یوں چودہ ورش بیت جائیں پھر رام چندر جی مل جائیں
جو کہا منتری مہاراج نے ہے ناتھ سناؤں کیا تم کو
ہو وکھی وو یاکل وچن کہے کیسے میں بتلاؤں کیا تم کو
دوہا سیچیو وچن سن سیا سے، کہن لگے رگھوناتھ
مانو کہنا جانکی، جاؤ سیچیو کے ساتھ

گگانن

یہ آگیا ہے پتا جی کی۔ سومنت کے ساتھ جاؤ تم
کہنا اور جو کچھ پتا جی سنے۔ وچن اُن کے نبھاؤ تم
کہنا مانو میرا اُن میں، نہ چلنا ہی مناسب ہے
ہیں بھالو شیر کئی بن میں۔ دیکھ اُن کو ڈر او تم
ہیں وِش دھر کالے کالے اور خونی ہاتھی متوالے
وہاں کیا ہاتھ آئے گا ناحق دکھ مت اُٹھاؤ تم
تپے گا جب زمین اور آسماں گرمی کے موسم میں
وہاں دکھ ہی تو دُکھ ہے۔ سکھ کہاں سے کیسے پاؤ تم

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

وہاں سیوا پتا ماتا کی، کرکے موج اُڑانا تم
دِل بے چین بنئے چین سیوا کر دکھلاؤ تم

دوہا
بولی سیتا اُس سمے، سنو دنے رگھو ویر
ساتھ آپ کے ہی میرا من دھرے گا دھیر

جیسے اِس دہ کی پرچھائی، بس ساتھ وہ کے رہتی ہے
جیوں چندر بنا نہیں چاندنی ہو یوں ساری دنیا کہتی ہے
بس اسی طرح ہے پران ناتھ تم بن نہیں میرا گزارا ہے
میرے سروسو تو آپ ہی ہیں، چرنوں کا مجھے سہارا ہے
ہے منتری شیو شنکر ہو تم اور پتا تلیہ گن وان ہو تم
اودھیش راجیہ کے منتر بھی ہو بھگوان سے بڑھ کے بھگوان ہو تم
بس اور کہوں کیا میں تم سے کچھ اور نہ کہنا لازم ہے
استری کی گتی پتی سنگ ہے۔ بس سنگ ہی رہنا لازم ہے

دوہا
ادہر اُدہر سب جہاں میں رشتے ہیں اَنوکول
لیکن رگھو ور کے بنا۔ مجھ کو سب جگ دھول

سُنت وچن شری سیا کے سچیو ہوا بے چین
الٹ بچھاڑے کھائے کر گرا بہائے نین

بیکل، ویاکل، بے خود، بے سدھ بےچین عقل حیران ہوئی
مچھلی بن پانی کے ویاکل، طبیعت تن کی حیران ہوئی
اکولاتا ہے، گھبراتا ہے، رگھوویر اسے سمجھاتے ہیں
نینوں سے آنسو جھرنے لگی، رگھو رائی اسے اٹھاتے ہیں
اَت بنت آپائے کرے پربھو نے وہ تب بھی چین نہ پاتا ہے
پربھو آگیا بھی نہیں ٹال سکے نہیں جدا بھی ہونا چاہتا ہے
آخر رگھوناتھ لکھن جی کے سیتا کے چرن سرنوایا ہے
پھر دھیان کیا ان چرنوں کا بے بس ہو رتھ لوٹایا ہے

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا رگھوناتھ جب پچھونے مُڑ مُڑ اَشو لکھلائے
لکھ لکھ کر شری رام کو وہ ترنگ کی جائے

پُنتو پکشی بھی جن کے وِیوگ میں روتے ہیں دُکھ پاتے ہیں
ماتا و پتا و پُر واسی پھر کہو کیسے رہ جاتے ہیں
جب ہٹ کر کے شری رگھورائی نے سومنت کو الٹا لوٹایا
سُرسری گنگ کے تیر سے پھر سیا لکھن سہت چلے رگھورایا
کیوٹ سے بولے کرپا ناتھ، تم ناؤ یہاں لانا بھیا
اُس پار ہمیں لے چلنا ہے اب شنکر ہی پہونچانا بھیا
رگھوناتھ کی بات کو سنتے ہی کیوٹ نے مکتی چلائی ہے
وہ کہن لگا نہیں لاؤں ناؤ، چرنوں میں جا دُر گھورائی ہے
ہے پربھو، ناؤ کے لانے میں من میرا دھوکا کھاتا ہے
جادو ہے آپ کے چرنوں میں چھو منتر سا ہو جاتا ہے
پتھر کی شلا اِن چرنوں سے چھوتے ہی سُرگ سدھاری ہے
پتھر بھی اُڑ جاتے ہیں، تو کاٹھ کی ناؤ ہماری ہے
یہاں آنے جانے والوں کو میں اِس سے پار کروں بھگوان
یدی اڑ گئی ناؤ تو پیٹ کا میں کیسے اُدھار کروں بھگوان
بالک میرے چھوٹے چھوٹے نہیں ناؤ کے بنا گزارا ہو
پشتوں سے یہی کام میرا، پھر دوجا نہیں سہارا ہو
گوتم ناری کے سم اُڑ گئی، تو ناتھ میں کہاں بناؤں گا
میں پہلے بھرم مٹا لوں گا، تب نوکا میں بٹھا لوں گا
اِس سے میرا پریوار پلے، نہیں دوسرا اور سہارا ہے
تم میرا کہنا کر دو گے، کہنا کر دو تمہارا ہے

دوہا پار تمہیں جانا یدی، سانچی دوں سُنائے
تو جانے سے پیشتر، لیجئے پیر دُھلائے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

پہلے میں چرن پکھاروں گا، تب پیچھے نیا لاؤں گا
بھرم ڈور نہ ہو میرے من کا نہیں نوکا میں بٹھاؤں گا
ہے مجھے شپتھ دشرتھ کی، پہلے میں چرن پکھاروں گا
میں پار اُتاروں گا تب ہی، پہلے نج جنم سدھاروں گا

دوہا
کیوٹ کے سن وچن، کرپا سندھو سکھدھام
لکھن سیا کی اُور لکھ، مسکائے شری رام
یکتی دیکھ رگھورائی کی بولے شری گمبھیر
سُو اُپائے کر لیجئے، جیسے ہو تدبیر

جن کے سمرن سے ہی کیول، بھو بادھا سب مِٹ جاتی ہے
واہی وشال کرپالو مورتی سندر سی یہاں کہاتی ہے
چرنوں کی رج پانے کے لیے ہرشاتی سُرسری آئی ہے
کیوٹ کے وچن سن پھر جائیں، بس یہی سوچ دکھلائی ہے
بھگوان نہ نوکے میں بیٹھیں ہیں جیوں کی تیوں رہ جاؤں گی
یہ ہی لوٹ گئے شری رگھورائی تو کیسے چرن رج پاؤں گی
اِت جل کی کٹھوتی بھر لایا، جب کیوٹ نے آگیا پائی
لگا چرن پکھارن رگھوور کے ہردے میں اُمنگ سی بھر آئی
دیکھا جب دیوتاؤں نے جب یہ رگھونندن چرن دھلاتے ہیں
ہیں کیوٹ بڑبھاگی جگ میں یہ کہہ کر پُشپ برساتے ہیں
سادھارن کیوٹ نے اپنی، بدھی اپنی کیسی دوڑائی ہے
تدبیر سے بھگتی پا کر کے، کیا سہج ہی مکتی پائی ہے

دوہا
لیا آچمن دھو چرن سہت سکل پریوار
وِپر ترپت کر پریم سے کر لیتے ناؤ سوار
اُترے سُرسری پار تب سیا لکھن سکھدھام
راج گھاٹ پر اُتر کر، تین لوک پر رام

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

تب کیوٹ نے پرنام کیا درشن سے بھرا نہ اُس کا ہیا
رگھورا ئی من میں سوچتے ہیں اترا ئی ہیں کچھ نہیں دیا
مت چنتا کریئے پران ناتھ کر جوڑ دے نے کرتی سیتا
یہ لیجئے اسے انعام دو ، پتی کا من یوں بھرتی سیتا
تب مُندریکا دینے لگے ، پربھو مند مند مُسکاتے ہیں
یہ لے لو اپنی اُترا ئی ، پربھو کیوٹ کو سمجھاتے ہیں

دوہا کیوٹ سُن بلکت ہوا ، کر پا سندھو کے بین
ہاتھ جوڑ شکھ دہام سے کہا ہو یوں بیچین

ہے کون سی وستو ناتھ بھلا ، جو آج نہ میں نے پائی ہے
ہے ناتھ تمہارے درشن سے تربھون کی سمپتی آئی ہے
محنت جو تھی آج تلک ، تربھون پتی نے نبٹائی ہے
خوش ہو کر تم نے سب دیدی جیون کی سپھل کمائی ہے

دوہا اتنی کہہ ناتھی بنتی ، بار بار سرنائے
ناتھ نہ مجھ کو بھول دو گدگد ہو لپٹائے

جب ذات تمہاری اور میری پربھو ایک ہی پائی جاتی ہے
تب بھید بھاؤ نہیں رہا ناتھ کیوں بھول بھلائی جاتی ہے
جب چھیپی چھیپی کا کام کرے تو کبھی چھپائی نہیں لیتا
درزی درزی کے وستر سیئے تو کبھی سلائی نہیں لیتا
کاٹے کسان کا کھیت بھی جو وہ کبھی کٹائی نہیں لیتا
پیشے ور پیشے ور سے کبھی کچھ کام کرائی نہیں لیتا
ہیں کیوٹ سُر سری دھار کا ہوں تم کیوٹ آدھم دھارے کے ہو
میں سُر سری پار اُتارتا ہوں تم بھو سے پار لگاتے ہو
میں نے تم کو یہاں پار کیا تب اُترائی بھر پاؤں گا
تم مجھ کو پار لگا دینا ، جب گھاٹ تمہارے آؤں گا

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اُترائی لی نہیں کیوٹ نے، پربھو جی نے بہت سمجھایا ہے
بردان دیا جب کیوٹ کو، تب جنک سُتا فرمایا ہے
دوہا سیتا نے کر جوڑ کر، گنگا کو سر نائے
جوا چھا ماتا میری پورن سب ہو جائے
پدی پتی اور دیور کے سہت، ہیں لوٹ جوبن سے آؤں گی
تب سنتیہ یہ کہتی ہوں ماتا، ہیں بھینٹ چڑھا کر جاؤں گی
پدی یہ مرتل من میرا ہے تو یہی منورتھ پاؤں میں
کر کر پا شری ماتیشور یہ، پتی چرنوں ہیں چت لاؤں میں
دوہا اُٹھی ترنگ جل سے تبھی سنت سیا کی بات
بانی مدھورا سر لیٹ تب بولی گنگے بات
سن وچن سیا مہارانی تو، سن یہ بات جنک لاری تو
تجھے جانتی ہے سرشٹی ساری پرتاپ ودت کماری تو
تیری درشٹی سے پتت ہرے پاون ہو پدوی پا جائیں
سُر نر مُنی دھیان لگاتے ہیں یار دسدھ من ہرشائیں
تم پریم بھری ونتی اہی، کیا مجھ کو آج سُنا تی ہو
تم سویم مکتی کی داتا ہو، اور میرا مان بڑھاتی ہو
تم رام لکھن اور سیتا جی، گھر کوشل سہت بن سے جاؤ
سب سدھ منورتھ من کے ہوں آ کی کیرتی لش سیتا پاؤ
دوہا مدھر وچن سُن گنگ کے، سیا من آتی ہرشائے
لکھن سہت آ کی پریم بس کہن لگے رگھو رائے
ہم اِت بن کو جاوتے، تو اپنے گھر جائے
کہن لگے نشاد سے شری رگھو ور ہرشائے
رام وچن سن بھگت کا پلکت ہوا سشریر
ہاتھ جوڑ کہنے لگا۔ وِنے شنو رگھو ویر

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

لو ساتھ مجھے بھی اپنے ناتھ، تیار ہوں میں ساتھ جانے کو
سیوا چرنوں کی کرنے کو اور بن کا مارگ بتانے کو
تیہوں کی کٹیا تیار کروں جس بن میں ٹھیرے رگھورائی
جیون کو سپھل بناؤں گا چرنوں کی کرکے سیوا کائی
آگیا دی سنگ میں چلنے کی شری رام چندر رگھورائی نے
پریوار کو اپنے گھر بھیجا پھر گیا چرن سکھدائی نے

دوہا
سیتا لچھمن رام نے، پرتھم گنیش منائے
پوج پارتھوی نام سر چلے شری رگھورائے
اُس دن کیا وشرام جا وٹ تلے رگھوبیر
پراتہ کال پریاگ میں پہونچے گنگا تیر

اسنان دھیان کچھ روز کیا۔ پھر آ گئے تگلن لگا کرکے
مُنی بھاردواج کے آشرم میں سیا رام لکھن گئے آ کر کے
مُنی بھاردواج پلکت شریر؛ درشن پاکر ہرشائے ہیں
پھر کوشل پوچھ پربھو ٹھیرائے مُنی ورند آ درشن پاتے ہیں
کچھ شِشیہ لائے ہیں کند مول پھل رگھورائی کے کھانے کو
شری جنک سُتا اور رام لکھن بیٹھے ہیں بھوگ لگانے کو
سُنا اُدھر پریاگ واسیوں نے آئے ہیں یہاں شری رگھورائی
مُنی بھاردوج کے آشرم میں کل نگری درشن کو آئی

دوہا
کر درشن رگھوناتھ کے ہرشت ہوئے اپار
اپنے اپنے گرہ گئے رام روپ ہیئے دھار
راتری میں وشرام کر، پرات کیا اسنان
منیوں کو سر ناتے کے آگے کیا پرستھان

آگیا مُنی راج کی پاکر کے آگے کو چلے شری رگھورائی
نر نار مارگ میں درش کریں جمنا جل میں غوطے لائی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

پرنام کیا منیوں کو تبھی آگے کا دھیان لگاتے ہیں
گرمی مارگ میں دیکھی بھاری سب چھایا کرتے جاتے ہیں

دوہا سیر کرن بن کو چلے۔ سیا لکھن گوہ رام
بالمیک کی کٹی پر پہونچ گئے سکھ دھام
کر پرنام لچھمن سہت رام چندر رگھو رائے
وے آسیش سیتا سہت منی نے لئے بٹھلے

سیہ سہت لکھن پربھو کو دیکھا۔ منی کو کا نی آنند چھایا ہے
کیسے آئے شری رگھورائی منی بالمیک فرمایا ہے
سنگ میں سیتا سکماری ہے۔ کومل شریر دو بھائی ہو
اس وکٹ بھینکر کانن میں، کیسے آئے کبار بلائی ہو
بن بن میں جو تم پھرتے ہو، منیوں کا بھیس بناکر کے
شری رام چندر جی بتلاؤ۔ کیوں ہے یہ پہنچا آ کر کے
ترکال درشی ہو منی ناتھ تم سے کیا حال چھپائیں ہم
پورن برہم گیانی ہو پوچھو سب جانو کیا بتلائیں ہم
شوبھات وچن کو مان منی۔ آنا یوں ہوا ہمارا ہے
ہم بڑ بھاگی ہیں منی ناتھ جو درشن کیا تمہارا ہے
مم ہت کے کارن ماتا نے مجکو بن واس دلایا ہے
پا یوں کیسے سو بھاگیہ میرے جو تم سے آن ملایا ہے
جس میں نہ کوئی دکھ پاوے اب ایسی بھومی بتلاؤ ہمیں
سب ہی سکھ پائیں رہنے سے کوئی ایسا مارگ دکھاؤ ہمیں
جا کر کے اے منی ناتھ پتوں کی کٹی بنائیں گے
کچھ دن وہاں پہ گزراں کر یوں جو درشن بتائیں گے

دوہا کہا منی نے کیوں نہیں مایا الکھ اپار
بنتے ہو انجان تم، جگ کے جانن ہار

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

سر نر منیوں کے ہت کارن، اوتار دھار کر آئے ہو
پھر مونشہ کی بھانتی پوچھتے ہو کیا من سنبھال بھرائے ہو
اچھا میں جگہ بتلاتا ہوں رگھوناتھ بڑا استھان ہے وہ
وہ چترکوٹ جہاں جیو بہت مانو لبس سورگ سمان ہو وہ
اس جگہ میں شری اتری آدی نش دن پربھو دھیان لگائے ہیں
تپ کرتے تت پر رہتے ہیں اور رام نام گن گاتے ہیں
ایسا کہہ کر منی بالمیک اس جگہ پربھو کو لائے ہیں
اور ادھر پربھو کے درشن کو سُر روپ بدل کر آئے ہیں
جب روپ کراتوں کا دھر سب دیکھ وہاں پر آتے ہیں
پتوں کو پرم کٹی بن میں پربھو جی کے لئے بناتے ہیں
دو سندر کٹیاں کری تیار، اور ان پر بیل چڑھائی ہے
بھونروں کی ٹولی جھوم جھوم پشپوں کے اوپر آئی ہے

دوہا پورن کٹی میں سیا سہت راج رہے شری رام
رتی یوگ شوبھا پایو ریتو بسنت میں کام

دگپال ناگ، کنر آدی، سب چترکوٹ میں آئے ہیں
شری رام لکھن اور سیتا کے ہرشت ہیے درشن پائے ہیں
ہو گئے سناتھ ہے ناتھ آج سب کہتے ہیں یوں آ آ کر
ہرشت ہوں یوں اتی آنند سہت سے ان پر پشپ یون ساکر

دوہا چترکوٹ میں باس جب کرن لگے شری رام
پاس پربھو کے آوتے رشی اور منی تمام
ودعا کیا رگھوناتھ نے اسی سے گوہ راج
ہاتھ جوڑ سر نائے کر بھگت چل پڑا آج

(راتی راماین بھاگ ۹، کیوٹ سمواد سمپورن)

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

(ادم)

(اُتّر رامائن بھاگ ۱۰)

دشرتھ مرن

دوہا چترکوٹ میں بس گئے رگھوکل منی بھگوان
ادہر سومنت جی نے کیا اودھ پوری پرستھان
ادہر بچھڑ رگھوناتھ سے ہو لشادر تی موَن
بلا مارگ میں سچیو کو، حال سناوے کون
دکھشن ہی میں تکی رہے تھے گھوڑے نین
پربھو کے ہی سنتاپ میں تھے چاروں بےچین

دُکھ بھار رگھوناتھ سے بچھڑن کا ناچلتے پیتے کھاتے تھے
بس پیچھے ہی کو گھوم گھوم کے وہ چاروں ہنہناتے جاتے تھے
دیکھی جو حالت گھوڑوں کی من نشادکا بھر آیا ہے
پھر روک تھام کر من اپنا، منتری جی کو سمجھایا ہے
کیوں منتری جی ناحق روتے اب رونے سے کیا ہوتا ہے
دھیرج کر جاؤ اودھ پور کو وہ پاتا ہے جو کھوتا ہے

دوہا بولے سچیو سومنت جی پر نہیں بولا جائے
کیا منھ اودھ دکھلاؤں گا ہائے ودہا ہائے
اودھ پوری کے نر ناری مجھ سے پوچھیں گے
کیا جواب دوں گا انہیں جب یوں کہے سنائے

رتھ دیکھ کے پُرواسی آئے وہ سمجھیں آئے رگھورائی
پاکر کے پھر خالی ہی رتھ کو کیا کہیں گے وہ مجھ کو بھائی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

وہ دین دکھی ہوں ماتا ہیں، جب مجھ سے پوچھنے آئیں گی
کیا اُتر اُن کا دوں گا میں وہ شانتی کیسے پائیں گی
وہ مات سومترا لچھمن کی، پوچھیں گی کیا بتاؤں گا
کوئی اتنا تو بتلا دو، میں کیسے اُن کو سمجھاؤں گا
پھر رام چندر جی کی ماتا، یہ سنے گی کہ رتھ آیا ہے
تب خالی رتھ کو پا کر کے پوچھے گی کہاں گھوما لیکے ہے
اِن مکھ سے کیسے کہوں گا میں تم من ہی میں دھیر دھرو ماتا
ہیں کوشل سے رام سیا لچھمن چنتا سب دور کرو ماتا
بن جانا اپنے پتروں کا، کیسے یہ سہن کریں ماتا
افسوس یہ خبر سنتے ہی، جیوت نہ بچیں مریں ماتا

دوہا
اسی طرح سے سوچتا، منتری ہوا اَدھیر
رتھ لے کر پہونچا تبھی، تمسا ندی کے تیر
گا تن

تمسا ندی کے تیر پر رتھ جب کہ پہونچا آئے کر
بن پٹھایا نشاد کو، اچھی طرح سمجھائے کر
سمرائے کر ہرشائے کر یہ تو ادھر بن کو گیا
پہونچا ملک پور اودھ کے منتری وکل اتی ہو گیا۔
دن دیکھ پور میں نہیں جانا منتری گیا سکوچائے کر
اک ورکش کے نیچے بیٹھی سویا وہ دن بتائے کر
جس دم اندھیرا ہو گیا، وہ پُر میں پہنچا آن ہے
پہونچا محل بے چین نرپ کا دیکھ کر حیران ہے

دوہا
آنا منتری کا سنا، خوش ہوا نگر تمام
دیکھن آئے سوچ کر، آئے ہیں سکھ دھام

رتھ خالی دیکھ رگھورائی کا، گھوڑوں پر مردنی چھائی
روتے تھے گھوڑے چاروں ہی نا کوئی چوٹ زبر کھائی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

یہ دیکھ اَودھ کے نر ناری مور چھت ہو جان کو کھوتے ہیں
اور کو سے ہیں کیکئی کو، سب ہزار بجا لے رو تے ہیں

دوہا نرپ وسشٹھ کے محل میں گیا سچو گن وان!
جمی جل بن ہو مین آ تی نیتوں نہی نرپ حیران..

کبھی ہوش کبھی رہے بے ہوشی یہ حالت نرپ کو پائی ہے
سُت رام کیوں نہیں آتے ہو رٹ رام ہی رام لگائی ہے
لاؤ لاؤ سکماروں کو مکھ اُن کا دیکھنا چاہیے ہیں!
ہے پرانوں بھیر و سمتری جی رکھ ہیں اُلٹے ہی اُلٹے ہیں!
دیکھو کیسے سکمار ہیں یہ، ہم کب سے نہیں بلاتے ہیں!
اس بوڑھے باپ کے آگے وہ بالکل نہیں آنا چاہتے ہیں
ہا سیتا رام رام لکھمن۔ کہہ کہہ کر رٹن لگاتے ہیں
دیا کلتا بڑھتی جاتی ہے۔ نینوں سے نیر بہاتے ہیں

دوہا سمتری تب آگے بڑھا۔ جھکا لو اپنا ماتھ
راجا نے سوچا جبھی، آ سے گئے رگھو ناتھ
اُٹھا بٹھائے سمجھانے ہوئی ہے من کو دھیر
کہا کیا آ گئے ساتھ میں سا لکھن گھو ویر
گئے جو سُت بن کو چلے رام لکھن سے ویر
ہیں پاپی جیوت رہا۔ چھوٹا نہیں شریر
سُن کر سمتری نے تبھی ہاتھے مالیے ہاتھ
پن من اپنا روگ کر، کہن لگے یوں بات

گن وان سجان ہو نرپ مہان اور دھرم کے پالن ہار ہو
گیانی۔ دھیانی و گیانی ہو۔ دے وان سنبھالن ہارے ہو
دُکھ سکھ جگ میں آنا جانا۔ نقصان نفع سب جانتے ہیں
ہے راجن سنتوں کی سیوا، کرنا نج دھرم ہی مانتے ہیں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

سب گیان تم تو جانتے ہو، دُکھ دیکھ نہ گھبرانا چاہیئے
ہو دھرم وان اور سمجھدار، سکھ دیکھ نہ ہرشانا چاہیئے
منتری کی بات آگھات ہوئی سارا شریر مرجھایا ہے
ہا رام کہتے، پرتھوی پر گرے غش کھا لیے ہے
یہ دیکھ دُشا تڑپ دشرتھ کی، رانی آنکھیں بھر لائی ہے
نر ناری اودھ کے وِیاکل تھے ساری ناری چلائی ہے
دُکھ کو بھی تو دکھ ہوتا تھا، جب سب رو کے فریاد کریں
دھیرج کا دھیرج چھوٹتا تھا۔ وِلاپ رام کو یاد کریں
دوہا دُشا دیکھ کر نرپتی کی، کوشلیا من ہار
ہاتھ جوڑ کہنے لگی: روئے زار بزار
رگھوناتھ کی ورہ ویدنا کا، ساگر اتھاہ ہے پار نہیں
اودھی ہے چودہ ورشوں کی کوئی بیچ میں ہر اب بار نہیں
اُس پر بیٹھے ہیں سبھی پربھو اور بھری ہوئی یہ نیا ہے
دیں جنتا تو تم کشلیا کا۔ اب تم بن کون رکھوالا ہے
یہ گھڑی بُری ٹل جائے گی اتنے ہو ئیں رنجور نہیں
شت رام لکھن سیتا کے سہت آئیں گے وہ دن دور نہیں
دوہا کوشلیا کی بات سُن بولے نرپتی سجان
رانی بن رگھوناتھ کے جیون مرتیو سمان
پران میرے بچنے نہیں۔ کہوں تمہیں سمجھائے
یہ اندھے کا سراپ ہے ورتھا نہ جانے پائے
ایک سمے من میں میرے رانی گئی سمائے
میں شکار کے واسطے بن میں پہنچا جائے
میں بن میں جا کر پہنچ گیا۔ اِت نیت و کنت بن بھاری تھا
بن کی جھاڑی کے سمیپ ایک نرمل چشمہ جاری تھا

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

تھک گیا پھرتے پھرتے، نہیں مجکو کوئی شکار ملا
جب شام ہو گئی بالکل ہی تب من ہی من نے کیا گلا
میں نے یہ من میں سوچ لیا، نہیں خالی ہاتھوں جاؤں گا
ہیں رگھوکُل بنشی چھتری ہوں چھتری پن نہیں گھٹاؤنگا
یدی آج نہیں پایا شکار تو صبح اوشیہ ہی پاؤں گا
بس شکار لے کر جاؤں گا، ہرگز نہیں قدم ہٹاؤں گا
یہ سوچ سمجھ کر ورکش تلے، گھوڑے کو باندھ آرام کیا
بس بان دھنش پر چڑھا بھی ہونی نے اپنا کام کیا
ایک مات پتا کا داس بڑا جو شرون نام کہا یا تھا
ماتا و پتا کو کاوڑ میں، بیٹھا تیرتھ پر آیا تھا
برہمن کل میں تھا اتی سر لشٹ شرون کمار گیانی تھا
تھا مات پتا کا بھگت بڑا ستیہ وادی پورا دانی تھا
دوہا کابڑے پتو مات کی۔ آیا شرون کمار
مات پتا کے کارن، پھر من کیا سنسار
اندھے تھے مات پتا دونوں وہ اُن کا حکم بجاتا تھا
کاندھے پر رکھ کر کاوڑ کو بس ہر ایک تیرتھ پر جاتا تھا
اُس سمے یاترا دور کی کر، شرون کمار آت نکلا
پیاسے تھے مات پتا دونوں وہ اُن کی آگیا پا نکلا
وہ پانی بھرنے کو آیا۔ پتو مات کی آگیا پا کر کے
جھک کر کے پانی بھرن لگا۔ بس اسی جگہ پر آ کر کے
ساگر کو ڈوبانے سے ڈب ڈب، آواز کان میں آئی ہے
میں بھی بیٹھا تھا اُسی جگہ، من میں تب ہیرے سمائی ہے
سنکر آواز یہ بات جچی، کوئی ہرن و چیتا آیا ہے
وہ پیا سا ایسا مرتا ہے۔ پانی کی آشا لایا ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا دھنش پہ میرے اُس سے کھنچا ہوا تھا تیر
جو ودھنا کے لیکھ تھے ہوئے وہی آخیر

شر نکل گیا خشکی سے میری ادھر بھی بہت کرارا تھا
پہلے تو ہاہاکار کیا، پھر رام ہی رام پکارا تھا
جب رام نام کا شبد سُنا۔ میں دوڑ وہاں پر آیا تھا
جہاں بنا نشان بان کا تھا۔ بس بڑے بھگت کو پایا تھا
دیکھا وہ تیر جو مجھ سے چھوٹا۔ اُس کی چھاتی سے پار رہوا
بس دیکھ مجھے غش آن لگا یوں کہنے کو لاچار ہوا
نردوش ہوں میرا دوش نہیں افسوس میں دھوکا کھا بیٹھا
ہو خطا عطا میری بھائی، بھولے میں بان چلا بیٹھا

دوہا سن کرکے میرے وچن شرون بھگت سجان
بولا مت چنتا کرو، ہونہار بلوان

شنش و پنج رنج غم دُور کرو ہونی کو کون مٹاتا ہے
جس ودھی ہوں انک ودھاتا کے بانات ہی پنچا تلکے
مرنے سے اب کیا ڈرنا ہے اور ڈرنا بھی بیکار الگ
دنیا کے ناطے جھوٹے ہیں ہم الگ اور سنسار الگ
اپنے مرنے کا سوچ نہیں ہے سوچ پتا اور ماتا کا
اندھے ہیں اُن کے نین نہیں ہے سوچ پتا اور ماتا کا
وہ پیاسے تھے پانی لینے۔ آیا تھا تال کنارے پہ
پر موت کا ایک بہانا تھا۔ انکت بس تیر تمہارے پہ
یہ تیر لگا آ چھاتی میں، مت اس کا پچھتاپ کرو
ہاں اتنا میرا کہنا ہے، منظور یہ راجن آپ کرو
ہیں پیاسے مات اور پتا میرے، بس پانی لے کر جاؤ تم
بس اتنا میرا کہا کرو، زیادہ مت دیر لگاؤ تم

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اب کشٹ سہا نہیں جاتا ہے یہ بان نکالو چھاتی سے
یہ پران نکلنا چاہتے ہیں و یاکل ہوں سنبھالو چھاتی سے

دوہا بات پتا اندھے میرے ہوں گے بہت اُدھیر
راجن اُن کو جائے کر، پلاؤ نیر

ماتا و پتا کو پانی پلا۔ یہ کام میرا نبٹا دینا
جب پلا چکو اُن کو پانی پھر میرا حال سمجھا دینا

دوہا رانی اس کے ہر دے سے کھینچ لیا وہ تیر
اوم شانتی کہہ تبھی اُس نے تجا شریر

جب پران پکھیرو نکل گئے، تب ہی جل لے گئے دہا یا
جہاں اندھے اندھی بیٹھے تھے بس جل لے کر وہاں پہنچایا
ہاتھوں پہ گڑوا ہیں نے دھرا، نہیں بول نکالنے پایا تھا
اُس اندھے نے آئی دکھ پا کر مکھ سے یہ وچن سنایا تھا
ہے پتر بولتے نہیں مکھ سے کارن اس کا بتلاؤ تم
کیا مون برت دھارن کینا یہ بھید ہمیں سمجھاؤ تم
بڑے ہی آج پر گیہ تم نے تھی تو ہم بھی پرن نبھائیں گے
ہم مرنے کو مر جائیں بھیجے پر جل کو ہاتھ نہ لگائیں گے

دوہا سُن کر ان کی بات ہیں ہوا بہت حیران
چھاتی پر دھر ہاتھ کو، کر دیا شروع بیان
پتر نہیں تیرو ن پر بھو، میں ہوں دُھ نریش
شردن کا احوال سب، آیا کرنے پیش
دو نش نہیں ہے بھول ہیں ہوئی بڑی تقصیر
چھوٹ گیا تھا بھول میں لگا وہ اس کے تیر
سن کر یہ گھبرا گئے۔ گرے دھرن غش کھائے
بولے ہائے یہ کیا ہوا۔ ہم کو کیا دئی رچائے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

کیوں مار دیا شروَن کو ہائے، یہ کب کا بیر نکالا ہے
ہے مہاراج بے خطا آپ نے۔ ظلم بڑا کر ڈالا ہے
ہم تو دونوں اندھے راجن شروَن کے سہارے جیتے تھے
وہ مات پتا کا سیوک تھا، ہم بار کے پانی پیتے تھے
جس ست نے ہمارے ہی کارن۔ کل تیاگ دیئے دنیا ساری
افسوس بنا شروَن کے اب دنیا میں ہے ہماری خواری
ہم بن بیٹے کے جئیں نہیں اب رو رو کر مر جائیں گے
پر مرنے سے پہلے ہی ہم، تم کو بھی سراپ دے جائیں گے

دوہا   وہ دونوں کہنے لگے بانی یہ گمبھیر
ہم دونوں کو لے چلو، تم شروَن کے تیر

یہ سن کر کا بڑا اٹھا ہیں نے، شروَن کے پاس پہنچا دیں
چھاتی سے لگا کر شروَن کو وہ دونوں آتی ڈکرانے ہیں
ہا لال لال بیٹا شروَن، پرانوں سے زیادہ پیارا ہے
تو اتنا ہمیں بتا بیٹا۔ کس خطا پہ تجھکو مارا ہے
ہے بیٹا تو تو پار ہوا، اور کر کرم ہمارے چھوڑ چلا
پر اتنا تو کہہ جا بیٹا، تو ہم کو کس پر چھوڑ چلا
نستی لبتی میں آنکھ جگا، تیر تھا اب ہمیں کرائے کون
جنگل میں پڑے ہوئے ہیں ہم بستی میں ہمیں پہنچائے کون
تیرے بن ہائے میرے بیٹا۔ اب میرا نام چلائے کون
پھر کہا ہے نرپ کر چتا تیار صدمہ نہیں اٹھتا بھاری ہے
یہ سن کر چتا تیار کری شروَن کی لاش سنبھالی ہے

دوہا   گودی میں رکھ لاش کو، بیٹھے چتا میں جائے
کشٹ بہت سا پائے کر کہن لگے سمجھائے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

ہم اُسی جگہ کو جاتے ہیں جہاں شروَن کمار سدھارا ہے
اب دھیان لگا کر راجن سن تجھکو یہ شراپ ہمارا ہے
جیسے اَب ہم دُکھ پاتے ہیں تم بھی یوں ہی دُکھ پاؤ گے
جیون پتر وِیوگ میں ہم مرتے تم بھی یوں ہی مر جاؤ گے

دوہا شراپ اس طرح دے مجھے دینے پران گنوائے
وہی دن اب ہے پریہ نشچے پہونچا آئے

جب دونوں چتا میں بھسم ہوئے میں گھر اپنے آ پہنچا
جب دھیان کیا اُن باتوں پر اندازا یہی لگا پہنچا
کوئی پتر ہمارے ہیں ہی نہیں یہ کیا شراپ دے ڈالا ہے
پتر کے شوک میں پاگل تھے، کچھ بھی نہیں دیکھا بھالا ہے
گھر میں میں اپنے آ پہنچا، سارا ہی شوک بھلایا ہے
یہ چھپا تھا کارن مرتیو کا۔ بس سب سے اسے چھپایا ہے

دوہا رانی بے تاب ہو گیا۔ آج اُدے وہی پاپ
ستیہ ہی اندھوں کا ہوا پورا دیا شراپ

دوہا
ہارے بن میں پھرتے ہوں گے میرے وہ رام لچھمن لو
پرانوں کو پیارا اُن سے تھا جیسے سورج چندر بدن دونوں
دھرتی جلتی ہے گرمی میں گرمی کیسے سہتے ہوں گے
جو سوتے تھے نت سیجوں پر کیسے بن میں رہتے ہوں گے

دوہا یہ کہتے ویاکل ہوئے بھر آئے درگ نیر
دھک دھک جیون ہے پریہ ہائے بنا رگھوویر

ہے آنکھ کے تارے رگھورائی ہے پران کے پیارے رگھورائی
جینا کیا جینا ہے تم بن جیون کے سہارے رگھورائی
سیتا سیتا لچھمن لچھمن ہا دین بندھو ہے رگھورائی
پتو ہت ہو جاؤ رام پرکٹ ہو دیا سندھو ہے رگھورائی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا رام رام ہا رام ہا۔ رام رام اُور دہار
رام رام کہتے ہوئے نرپ گئے سورگ سدہار

کرونا چھائی محل میں چیخ اُٹھا رنواس
رونے نرناری لگے ہوگیا اودھ اداس

ہے ناتھ آپ تو بھومیں پلنگ اس داسی سے منھ موڑ گئے
تم تو چلے ہو سور پور میں میرے سہاگ چھن چھوڑ گئے

دوہا بھومی پتی پرجا پتی ہے رگھوکل منی چند
داسی کو بھی ساتھ میں لیجئے ناتھ مکند

بار مبار ولاپ کر روتے داسی داس
گھر گھر ہاہاکار تھا روتے کل رنواس

اس پرکار روتے ہوئے بیت گئی سب رین
بھور خبر پا کر وہاں آئے وششٹ سکھدین

شری گورو نے سب کو سمجھایا اِتہاس کتھا سنا کر کے
بھروا کر تیل ناؤ میں پھر نرپ کا شریر رکھوا کر کے
دھیرج دیا ساری رانیوں کو کچھ گیان دھیان سمجھا کر کے
بلوا کر کہا دو دوتوں سے بولے اُن کو سمجھا کر کے
جلدی کیکئی پور جاؤ تم، بھائی مت دیر لگاؤ تم
شترگھن اور بھرت جی کو جلدی سے بلا کر لاؤ تم
مت نرپ کا حال بیان کرنا کوئی یہاں کی بات نہ کہنا تم
بس گورو بلاتے ہیں تم کو کہہ کر سنگ میں لے آنا تم!

دوہا منی آگیا سر دھار کر، دھاون چلے سدھار
کیکئی پور میں جا گھسے ذرا کری نہ بار

جب سے بن کو دھائے تینوں، لچھمن، سیتا اور رگھورائی
اپ شگن بھرت جی کو ہوتے یہ دیکھ کے طبیعت گھبرائی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

نشی کو جب شین گرہ میں جا شری بھرت شترو گھن سوتے تھے
وہ سپن بھیانک دیکھتے تھے تو دیکھ دکھی آتی ہوتے تھے
اٹھتے نہ چین بیٹھتے ہیں، من کہیں کہیں اڑ جاتا تھا
ہے پربھو کو شل کرنا کہتے اور دھیان سنبھو کا آتا تھا

دوہا دوتوں نے وہاں جاتے کر دینا ماتھ نوائے
اودھ چلو شکمار تم، گورو جی ہے بلائے
دوت وچن سکر چلے بھرت شترو گھن ویر
ماتا سے کر ودا چلے سو مرگھو ویر

شری بھرت نے آگیا دی اپنی سارتھی رتھو بگ ہنکاؤ تم
شر شیل دین پیچھے چھوڑے جلدی سے اودھ پہنچاؤ تم
اشگن ہی بہت دکھاتے تھے جیوں آگے قدم بڑھاتے تھے
شر گال بھیانک رودن کرتے اور آگے کمت دکھلاتے تھے
کھگ مرگ جنتی بے چین ہوئے شنوں سو بلنے نیر لگے
یہ حال دیکھ کر مارگ میں گھبرانے بھرت گمبھیر لگے

دوہا پرواسی سنکوچ بس کہت نہ کرت اظہار
کوشل نہ دیکھی اودھ میں کینا بھرت وچار

جب خبر یہ پائی کیسلی نے آرتی کے تھال سجائے ہیں
لیتے ساتھ بھرت جی ماتا سنگ لس تبھی محل میں گئے ہیں
سر سری درشٹی ڈالی سب پر، بس دکھی نظر سب آتے ہیں
مانو پالے کے پڑنے سے جیوں کمل پھول کمھلاتے ہیں
چنتا آتر دیکھے بھرت لال تب کیکئی وچن اچارے ہیں
تم کوشل تو ہو بیٹا میرے کہو کوشل وہاں پر سارے ہیں
ہے کوشل تمہارے پیہر میں آنند سے موج اڑاتے ہیں
کر جوڑ پوچھتا ہوں ماتا سب کیوں نہیں کوشل سناتے ہیں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

ہیں کہاں پتا جی ہے ماتا اور بھراتا کہاں ہمارے ہیں
اور کہاں جانکی جنک ستا، کہاں لچھمن پران پیارے ہیں
یہ داس داسیاں اور منتری جانے کیوں لگتے گھبرائے
مجھے صاف بات بتلاؤ ماتا یہ کیوں ہیں لگتے اکولائے
کیکئی بولی ہے لال سنو، یہ ساری میری صفائی ہے
یہ راجیہ ہے پانے کی بیٹا، منتھرا نے چال بتلائی ہے
کرنا کیا تھا اور ہوا یہ کیا، ودھی گتی سے سب بگڑا ہوا
سُرپور کو سدھارے مہاراج یہ ظلم مجھ سے کرتار کیا ہوا
دوہا مرن پتا کا سنت ہی بھرت ہوا بیزار!
سہم گیا کنجر منو، سنت سنگھ للکار
ہا پتا پتا، ہا تات تات، کلکار مار رونے لگا
گر گیا دھرنی پر مورچھت ہو شری بھرت جانکو کون لگا
نہیں جاتے سنے درشن پائے افسوس ہیں نے دھوکا کھایا
نربھاگ بھرت کا پتا ہاتھ نہیں رگھورائی کو پکڑا
پھر دھیرج دھر کر من روکا۔ ماتا سے کہا بتلاؤ تم
کس کارن پتا کا مرن ہوا۔ ماتا مجکو سمجھاؤ تم
یہ وچن بھرت کے سن کر کے کیکئی سب حال سناتی ہے
مانو زخموں پر نمک چھڑک، کچھ اور دکھانا چاہتی ہے
سب راج اودھ پور کا راجا۔ رگھوور کو دینا چاہتے تھے
تیرے ہت کارن کیا یہ سب وہ تجھے مٹائے جاتے تھے
دو ور جو میرے باقی تھے وہ مانگے وچن بھرا کر کے
پہلے میں تم کو راجیہ پاٹ پاؤ سکھ تلک کرا کر کے
اور دوسرا ور یہ مانگ لیا۔ بن کو جائیں اب رگھورائی
وہ چودہ ورش رہے بن میں تب یہی بات تھی من بھائی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

یہ خبر رام نے جب پائی ، چلنے کو جب تیار ہوئے
سنگ گئے لکشمن اور سیتا بھی جیبرن وہ گلے کے ہار ہوئے

دوہا انہیں روکنے کے لیئے ہوگئے نرپتی ادھیر
جب بن کو وہ سب گئے نرپ نے تجا شریر
سنا بھرت جی نے جبھی گئے ہیں بن کو رام
دیکھ کیکئی کی طرف رنگ ہو گیا شیام
کچھ ہی دیر کے بعد میں کہن لگے بھر نین
ناش کیا کل ونش کا ہے ماتا دُکھ دین

اے کل گھاتن پاپن، ڈائن یہ دی ایسی آگ لگائی تھی
تو مجھ چندرے نربھاگ پتر کی ہستی پر تم ٹھانی تھی
جنوں کو جل سے سینچتی ہے تر وور کو جڑ سے کاٹ دیا
جل بنا مین کو رکھتی ہے سب کو ہی بارا باٹ کیا

دوہا پتا شری دشرتھ ہوئے بھرات لکشمن اور رام
ماتا تجھ سی پاپنی ودھی گتی لکھی تمام

ہے شوک پتا جی نے تجھ پر وشواس کیا یہ برا کیا
متی ہرن ہوئی اب انت سمے کل ناش کیا یہ برا کیا
نہیں رام کا جو پیارا ہوگا وہ جیو نہیں سنسار میں ہے
تو دشمن چھپی محل میں تھی خوش نہیں رام کے پیار میں ہو

دوہا رام وِمکھ جو جگت میں موہے نہ کوئی دکھلائے
دُشٹا منہ کو پھیر لے۔ منہ نہ مجھے بہلائے

شری رام وِمکھ سنسار میں آ یوں ہی جیون مفت گوائے تو کیا
ماتا نربھاگن مجھ سا پوت، بے کار مفت میں پائے تو کیا
ماتا کی دُشٹتا دیکھ رپو ہن کو غصہ آتا تھا
گھبراتے تھے اکولاتے تھے بے بس تھے رہا نہ جاتا تھا

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا اُسی سمے بھوشن سجا۔ سبھی بدل کے رنگ
کبڑی داسی آگئی مودھری بے ڈھنگ
شتروگھن کی جب نظر اُس پہ پہنچی جائے
لال ہو گئے کرودھ میں جمی گھرت پاوک پائے
مہاکرودھ کے ویگ میں رپوہرن چلے رسائے
اس کبڑی کے کمر میں ماری لات جنجائے
وہ لات جو کبڑی پہ جا کے لگی تب کبڑی کا کُب پھوٹا ہو
پرتھوی پہ سر کے بل جو گری لگ فرش پہ مستک ٹوٹا ہو
تجھ خطا تو میری بتلا دو کیا خطا ہوئی مجھ سے بھاری
جو اس پرکار کیا کرودھ کنور درگتی کی اور اتنی ماری
کیا کام انعام کا میں نے کیا اور تم نے یہی انعام دیا
میں نے تو بھلائی کا کام کیا اور تم نے کام تمام کیا
نکھ سے سر تک کھوٹی ہے تو میں بھی تجھے بتلاتا ہوں
شتروگھن کہنے لگے کھوٹن تب بولے لے مزا چکھاتا ہوں
دوہا چوٹی پکڑ گھسیٹیا۔ کبڑی ہوئی بے کار
دیا بھرت کو آ گئی چھڑا دی ایک بار
پھر کوشلیا بھون میں دونوں گئے اکلائے
انہیں کوشلیا دیکھ کر گری دھرن غش کھائے
تھی من ملین چھبی چھین ہوئی زردی چھائی اڑ گئی لالی
مانو سیردن مئی بیل کھلی پر، اُدھم میں پالے نے کھا لی
اَتی دکھی ہوئی دونوں بھائی نینوں سے نیر بہاتے ہیں
اَتی ویاکل ہو کوشلیا کے چرنوں میں گر جاتے ہیں
پھر کہا بھرت نے ہے ماتا کہاں پتا جی کو دکھلاؤ!
کہاں گئی جانکی ماتا جی رگھورائی کہاں ہیں بتلاؤ!

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا جنم لیا کیوں کیکئی۔ اس دنیا میں ہائے
جو جنمی تو جگت میں بانجھ رہی کیوں نائے

وچن بھرت کے سُن مدھر آکھی کوشلیا بات
ہردے سے لپٹا لئے اپنے دونوں تات

پھر آنچل سے آنسو پونچھے اور گودی میں بٹھائے ہیں
بیٹا بیٹا دھیرج رکھو، یہ میٹھے وچن سنائے ہیں
نہیں اس میں کسی کا دوش ہے تریہ کھیل کھلایا ایشور نے
سپنے میں بھی یہ خبر نہ تھی جو کرکے دکھایا ایشور نے
دُکھیا اتنے سنکٹ سہہ کر، ہیں جیتی موت نہ آئی ہے
کوئی جانتا اُس کے بھید نہیں جو ایشور کی پربھوتائی ہے

دوہا مہاراج نے دیکھ کر، جیون مرن وچار
بچھوڑت ہی شری رام کے چھوڑ دیا سنسار

وچن مدھر ان مات کے بھرت تیاگ چھل چھند
دھیرج دھر شری بھرت جی بات کہی سوچھند

گر وہ ماتا پتا کے مارے سے جو بھی پاتک لگ جاتا ہے
جو پاتک بالک ناری کے مرن سے سر چڑھ جاتا ہے
دے گئو شالہ میں آگ لگا۔ جیسے پاتک لگتا بھاری
دیوں کا مندر جلانے سے جیسے ہو سات جنم تک بھاری
براہمن کی ہتیا کرکے کوئی جھوٹا جو دوش لگاتا ہو
یا مہا پاتکی میتر اور راجا کو زہر پلاتا ہو!

دوہا اتنے پاتک موہے لگیں بھوگوں بھوگ وکار
جو کیکئی صلاح میں ہوں میں کسی پرکار

یہ سن کر بولی کوشلیا۔ بیٹا کیا بات سناتے ہو
شری رام چاہتے ہیں تم کو اور رام کو تم آتی بھاتے ہو

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

وِش چاہے چندر ما برسائے۔ چاہے اگنی ہمالیہ برسائے
جل جنتو چاہے جل پر پتی تجیں اور دن ہی تلسے اُگ آئے
پر بھرت رام سے وِرودھ کرے یہ خیال نہ کوئی لائے گا
یدی پنچ بھاؤ یہ لے آئے تو پاتکی وہ ہو جائے گا
یوں رین بیت گئی اکولاتے ہوا بھور گورو جی آئے ہیں
نردھن ودھنی پور کے واسی گرو وششٹ نے بلوائے ہیں
تب بھرت کو سب رانیوں سمیت گورو وششٹ جی نے بلوایا
راجا کے تن کا وِدھی پوروک گورو جی نے کرا اسنان دیا

دوہا
سُندر سجا وِمان کو، اُس دم کیا تیار
رنگ محل میں مچ گیا۔ ایک دم ہاہاکار
پیروں پڑ ماتاؤں کو کہا بھرت سمجھائے
ورشن بنا رگھوناتھ کے، ستی ہوئے کوئی نائے

کندھوں پہ اٹھا وِمان چلے۔ نگری میں دھوم مچی بھاری
گھڑیال سنکھ سب باج اُٹھے پڑھیں وید جو ہیں ویدچاری
سب سامگری کریا کی ہے لائی چندن بھی ساتھ میں لدوایا
سب کرتے پشپوں کی ورشٹی اور عطر سوگندھت برسایا

دوہا
چِتا کری تیار اب، پہونچ کے سورپہ تیر
سیڑھی مانو سورگ کی، بنی تو ہے اَچیر

اس طرح بھرت نے راجا کا، سب کریا کرم کروایا ہے
پھر اسنان کیا ودھی وَت سب نے اور تِل کو جل پہنچایا ہے
پھر جو کچھ کرنا تھا سو کیا۔ اب کہاں تک حال بیان کروں
نیا درسنگھ ہو بے چین رام، شری نام گن گیان کروں

(راتی راماین بھاگ ۱۰ وشرتھ مرن سماپت)

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اوم

(اٹھ رامائن بھاگ ۱۱)

چترکوٹ بھرت ملاپ

دوہا شوک مٹا کُل اودھ کا، ہوا ہرش بھرپور
نرناری من مگن ہیں، پریم پربھو میں چور

ملنے کو رام سے تیار ہوئے، گھرگھر میں سب سامان کریں
جس کو کوئی گھر رہنے کی کہے، بس وہی دل میں ران کریں
شری رام چندر اور جنک ستا، لچھمن کس کو بھاتے نہیں ہیں
ہیں منوشیہ تو وہ دیوتا بھی، پربھو درشن کرنا چاہتے ہیں
شری بھرت لال من میں سوچا، جو دستو ہے رگھورائی کی
رکھشا اور نگتے کو سونپ دی، سگرہ سب پائی پائی کی
ہم بھلا نہیں اس میں ہوگا، جو اسے یتن بن چھوڑ چلے
پاپی ہتیارا پربھو درو ہی جو ہمت اپنی توڑ چلے
سیوک اپنے سب بلوائے، ان میں یہ پوتر وچار کیا
ست دھرم سے سینے میں ڈگتے۔ ایسا ہر ہرش تیار کیا

دوہا کہہ کر اُن سے پیشتر، دھرم کرم اُٹھلئے
جو جس کام کے یوگیہ تھا، تہاں وہ دیا لگائے
رکشا رکشا کے لئے۔ کر دیئے تیار تمام
کوشلیا کے پاس گئے، سُمرت سیتا رام

اَتی پریم کیا ماتاؤں سے جب دُکھی بھرت نے جانا ہے
یہ حکم دیا پنج سیوکوں کو رتھ پالکی سجا دکھانا ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

بستی بہت گئی آنند میں سب ، پورب میں بھانو پرکاش ہوا
بلوائے دوت چتر منتری سب بھرت کو آنے ابھاس ہوا
منتری جی شری گرو منی نایک ، سارا سامان سجاؤ تم
ل جائیں جہاں شری رگھونایک ، جل اُن کو تلک لگاؤ تم
اب چلے سبھی یہ سن کر کے ، سب نے آپر نام کیا
ہاتھی گھوڑے رتھ اونٹ سجے ، جب انتظام سے کام کیا
شری وسشٹ منی بیٹھ رتھ میں ارندھتی اگن کو ساتھ لئے
سج سج نر ناری ساتھ چلیں ، سج سج باہن تیار کئے
ناچ ناچ سواریوں پر چڑھ چڑھ ویروں کے وند سب ساتھ لئے
رانیاں رتن کی پالکیوں چڑھ چڑھ کر ، رگھوور یاد کئے
سیوکوں کو بھار اودھ کا دے ستکار سے پورجن بھلائے
شری بھرت شتروگھن دونوں نے پربھو چرن میں چت لگائے
سیارام لکھن آتی گام سہیں دھرتی میں رین گزارتے ہیں
پیچھے بھرت اور شتروگھن ننگے پگ چلنا دھارتے ہیں
تج دی سواری پرجنوں نے یہ دیکھے بیروں جاتے ہیں
شری بھرت شتروگھن کے سنگ میں سب پیدل پڑ لیتے ہیں
دوہا کوشلیا کہنے لگیں سنو بھرت پریہ لال
چڑھ جاؤ رتھ پر کنور ، کرو دور دو لال
پیدل جانے سے تیرے کنور پرجن بھی پیدل جاتے ہیں
تم نہیں چڑھو گے رتھ میں اگر تو یہ بھاری دکھ اٹھاتے ہیں
پرواہ نہیں بھی پیدل ہی چلتے ہیں بھری صداقت تھی
ہے شوک سب کو رگھورائی کا پیدل چلنے کی طاقت تھی
دوہا آگیا سر دھر مات کی ، دینا ات نواتے
اسی سے دونو بھائی اب رتھ میں بیٹھے جائے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا پرکم تو جا تھہرے سبھی ہنسا تیرا استھان!

دوہا جانشری گومتی۔ کیا تھا تجے آسنا ن!

کوئی دودھ ہی پی برت کرتے تھے کوئی پھل بھوجن ہیں کھاتے تھے

سب بھوشن وستر کا کر کے۔ رگھوناتھ سے دھیان لگاتے تھے

پھر سر یو کنارے جا پہونچے۔ گن گان پربھو کے گاتے ہیں

اور چھٹے دن شرنگ بیر پور میں جا کر کے ڈیرے لاتے ہیں

بھرت آگمن سن نشاد، من میں اپنے رِسیایا ہے

سوچا اور سوچ کے مول ہوا پھر من میں آیا ہے

کیوں بھرت لال بن جاتے ہیں کیا کارن ان کے جانے کا

بیشک مجھ کو معلوم دیتا مطلب یوں ان کے آنے کا

یہ بھی سوچ کر آئے ہیں مار یں گے شری رگھورائی کو

پھر بے کھٹکے جا راج کریں ویں پہلے مار دو بھائی کو

اس میں اچرج کی کوئی بات نہیں بدی بھرت یہ کر لی کرالی

امرت پھل لگتے تنا نہیں وِش بیل کو سینچے اور پالے

دوہا من نشاد یہ سوچ کر لینے دانت چبائے

آگیا اپنی سے بھٹی، لینے بھیل بلائے

گانا

جاگو اٹھو بل ویرو، لے دھنش دتیر، جاگو اٹھو بل ویر

غم خوار اٹھو، للکار اٹھو، سب لے کر ہتھیار اٹھو

دشمن کو چیر —— جاگو

سب لے کے رام کا نام اٹھو اور کرنے قتل عام اٹھو ہو سب ہتھیار گھو دیر

تم مارو یا مر جاؤ آب، دشمن کو ہاتھ دکھاؤ آب

پیا جو ماں کا چھیر

بیچین بنا دو دشمن کو، دنیا سے مٹا دو دشمن کو ہے یہ مانگ اخیر

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

گنبا نشادکی پاکر کے سب استر شستر سنگوائے ہیں
لچھمن گھور گھٹا بھر آئی مانو سب پر اس طرح چھلے ہیں

دوہا دیکھا جبھی نشادنے، سب کو بھری اُمنگ
کہا ابھی باجہ بجے، جس سے سوجھے جنگ
مارو باجہ جب بجا، جوش بھرا ایک بار
بائیں اور ہوئی چھینک تب گوہ نے کیا وچار

ایک وردھ شگن کا کر وچار، بولا میں رائے بتلاتا ہوں
مانو یا نہ مانو بھائی، پر میں تو تم کو سمجھاتا ہوں
جو سین سجا کر آئے بھرت، یہ کہتا ن ہمارا ہے
لڑنے کو یہ نہیں آئے ہیں من میں کچھ اور وچار لیے
یہ خاص مرم بتلاتا ہوں۔ یہ لڑنے کو نہیں جائیں گے
یہ سہت کٹمب کے آئے ہیں رگھوناتھ کو جائے منائیں گے
یہ بات نشادنے سن کے کہا۔ یہ بات ٹھیک بتلائی ہے
بن سوچے پچھتانا پڑتا۔ یہ بات سمجھ میں آئی ہے
بھائی تم ٹھہر جاؤ یہاں پر، میں جا کر پتہ لگا لاؤں
ہو یدھ کا یدی وچار پرکٹ، حکمت سے تم کو سمجھاؤں

دوہا جا نشادنے سامنے، دینا نام بتلائے
گرو پرنام گرو دششٹ کو دینا ماتھ نوائے
آشیش دیا منیش نے داس رام کا جان
رگھوور سکھا نشاد یہ، سینے بھرت سجان

ہے متر شری رگھورائی کا یہ سنکر بھرت من مگن ہوا !
رتھ سے نیچے آگے آیا۔ گوہ سے بولا میں دھنیہ ہوا
تب گوہ نے اپنی جات نام اور گرام بھرت کو بتلایا
ڈنڈوت کری پرنام کیا اور ماتھ بھرت کو جھکایا

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا   اب نشاد کو بھرت نے ہردے لیا لگائے
ما نو لچھمن سے ملے ہرش نہ ہردے سمائے

جب بھرت نشاد سے ملے، نر ناری من ہرشاتے ہیں
دھونی دھنیہ دھنیہ کی گونج اٹھی دیوتا پشپ برساتے ہیں
جس ذاتی کو کر دور دور، سب ہٹائے دیتے ہیں
اُن کو بھائی رگھو رائی کے ہردے سے لگا سکھ لیتے ہیں

دوہا   بھرت لال بلکا گئے دیکھ پریم اور پریت
تب نشاد سے شتر دھن نے سمجھ کر ریت
بہت پریم گوہ راج نے اپنا نام بتائے
رانی بھی جو ساتھ میں کیا پرنام سرنائے
آشیش رانیوں سے لی بھرت پرجا جن بھیر
ساتھ لوا کر لے گیا سب کو گنگا تیر

سب رام گھاٹ پر آ کر کے، اشنان کیا اور سرناتے
کر دھیان شری ویترلی کا من موت ہوئے آنند پاتے
کر جوڑ بھرت کہنے لگے کرہی مایا مجھ میں وہ شکتی ہو
نر ناری سب مل دے نے کرہیں رگھو ناتھ چرن کی بھگتی ہو

دوہا   ڈیرے لگ رہے اُس جگہ کرتے سب آرام
سیوا کر گورو کی بھرت گئے کوشلیا دہام

شری بھرت مات پد کر سیوا، ماتاؤں کا سنکار کیا
شترو دھن کو چھوڑا وہاں پر گوہ راج سی پرگٹ وچار کیا
لے چلو وہاں اسے سکھا جہاں رگھو رائی نے وشرام کیا
میں دیکھ کے نیت بجھاؤں گا جہاں رام نے لیٹی آرام کیا
یہ بات بھرت کی سنتے ہی آنکھیں نشاد کی بھر آئیں
لے چلا لوا کر اسی جگہ سوئے تھے جہاں پر رگھو رائی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

ایک ورکش شتنوا کے پیچھے ، دشرام رام نے پایا تھا
شری بھرت لال نے آدر سے اس بھومی کو ماتھ لوایا تھا
چھو اور پر دکھشن بھرت نے دی سانتھری جو پر ہوئے بچھائی تھی
وہاں ریکھا رام چرن کی لکھ ، ماتھے سے اُٹھا لگائی تھی
جو سیتا کے کنول سے اُڑے وہ شردن بندو جو لکھ پائے
سینہ چمن جان الومان بھرت پھر دہار نین سو وہ لگائے

دوہا — خیال ہردے ہوا بھرت کے بھر آئے دو نین
رام سکھا گو راج سے کہے بھرت جی بین

یہ شوک میں سیتا ماتا کے کنگکے بھی شوبھا پاتے تھیں
جیوں رام ورہ میں نرناری من ہرشت سے دکھلاتے نہیں
دھکار ہے کیکئی وش کی بیل پر تی کول ہوئی رگھورائی کو
جس شول میں ہوتے بول پر کٹ وہ داغ ہو مجھ اینیائی کو
اس رگھوکل ہی میں وہ ہنا نے کل کا کلنک اوتارا ہوں
جنی کی کوکھ تی نے رگھوور سے دکھ میں کر کے مارا ہوں

دوہا — سنت بھرت کے وچن یہ کہنے لگے نشاد
من میں دھیرج دہار سے تج کر سکل وشاد

ہو رام کے پیارے بھرت لال سیوک ہو شری رگھورائی کے
کیا دوش تمہارا ہے اس میں نہیں ٹلیں کرم کوڈائی کے
کیکئی کے گیان کا ہوا ناش مٹتے نہیں لیکھ مٹا سے سے
جس رات سوئے یہاں رگھورائی معلوم یہ ہوتا ہے
تعریف آپ کی بار بار ، رگھونندن کرتے جاتے تھے
گدگد ہو پریم میں وے اپنی آنکھوں میں نیر بھر لاتے تھے
یہ سوچ سمجھ کر بھرت لال ، دھیرج ہردے میں دھار و تم
آرام کرو لنشی بہت ہوئی اس کرنا کرو دھ کو مار و تم

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

دوہا بھرت لال نے کر دیا۔ نشاد سنگ پرستھان
پُرجن بھی سب اُس جگہ ہوت لگے آن

اُس بھومی کی کرتے پردکشنا سب پرنام کریں سر نواتے ہیں
پھر لوٹ کے سب آرام کریں کیکئی کا دوش بتلاتے ہیں
ہوتے پربھات سب نے مل کر، شری سری گنگا میں اسنان کیا
آگیا نشاد کی پا کر کے، نوکا میں بیٹھ پرستھان کیا

دوہا پار شری سری کے ہوئے۔ بیتا تھا کچھ کال
بھرت لال کہنے لگے سب کی تبھی سنبھال

اُتی مود پرمود میں بھرے ہوئے آگے کا دھیان لگایا ہے
گوہ راج نشاد کی سینا کو، آگے شری بھرت بڑھایا ہے
شری گنگا کو کر نمسکار، شری بھرت جی پیدل جاتے ہیں
چھالے پیروں میں پڑے ہوئے کچھ ایسی چمک دکھاتے ہیں
کانٹے چبھتے اور پاؤں جلیں پر بھی میں دکھ نہیں پاتے ہیں
جبھی سوامی بندوں پشپوں کے پات پر جگمگ جیوتی جگاتے ہیں

دوہا دیکھ دشا بھرت کی پرجن کہیں سنائے
چڑھو اشو پر گھوڑ چی ولے کریں سر نائے

ہاتھی گھوڑے نہیں بھائے گھوڑوں بھرت نے جن سنا ہیں
سیوک نہ سواری کرے کبھی جب سوامی پیدل جائے ہیں
اب مستک کے بل جاؤں میں مجھ کو تو یہی سہاتا ہے
ہوتا ہے جو دھرم سیوک کا بس وہی مجھ کو بھاتا ہے
یہ وچن بھرت کے سن کر کے، سیوک سارے سکچاتے ہیں
سیا رام لکھن کو جے کہتے، پریاگ راج میں آتے ہیں
سب نے مل کر پھر اسنان کیا، تر وینی کو پرنام کیا
دے دان و بیر سنمان کیا۔ بھگتی پوجا کا کام کیا

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا ہاتھ جوڑ سب کہہ رہے، نمو، نمو شری گنگا
جل بانی ہونے لگی، اُٹھی لہر ترنگ

جو پریم نام کے چرنوں میں، سچا شری بھرت لگاتے ہو
تو تم بھی شری رگھورائی کے ہردے کو ہردم بھاتے ہو
یہ جل بانی سن بھرت لال، من پھولے نہیں سماتے ہیں
پلکائے مان بھر آئے نین دو لوتا لیشپ برساتے ہیں
سب رشی منی یہ کہتے ہیں ہو بھرت بھگت رگھورائی کے
سارا پریاگ پکار اُٹھا۔ یہ بھگ بھگت ہیں بھائی کے

دوہا اِس پرکار سنتے ہوئے، رام نام گن گان
بھاردواج منی کے نکٹ پہنچ گئے سب آن

ست کار سنہہ سے منی کے نکٹ آسن پر ان کو بٹھایا
سر جھکا بھرت جی بیٹھ گئے اتی سوچ ہردے اپنے چھایا
کچھ پوچھنا چاہتے منی راج یوں بھرت لال سکوچاتے ہیں
سب بھاؤ ہردے کے جان منی یوں گیان گوڑھ سمجھاتے ہیں
اَنرتھ جو ہوا سو سُنا ہم نے دنیا ہاتھوں کو ملتی ہے
ہونی بلوان ہے تات سُنو جو نہیں ٹالے سے ٹلتی ہے
اس گلنے کو دل سے دور کرو نہیں اس میں دوش تمہارا ہے
نردوش کیکئی بھی ہے سُت شاردا نے متی کو مارا ہے
ہوتے پرسن شری رگھورائی یدی راجیہ دُھن کا پاتے تم
ہے یہ بھی سر لیشٹ وچار کنور جو پربھو سے ملنے جاتے تم

دوہا پران پریہ رگھوناتھ کو، تم سمان نہیں اور
رام لکھن سیتا سہت یاد کریں کر غور

ہے بھرت لال تم جو اس دم لیش رو پی چندر بناتے ہو
شری راگھو بندر کا مرگ رو پی پریم تیج سجاتے ہو

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

ہم بن واسی اس ون کے ہیں نہیں راگ و دویش سے کام ہیں
سب سادھن کا یہ پھل پایا، دے گئے درشن سیا رام ہیں
اتنا کہہ کر مگن ہوئے، بھرے پلکیت رشی کے نین ہوئے
ہے دھنیہ دھنیہ شری بھرت تمہیں پربھو بھگتی میں بیچین ہوئے

دوہا
منی ور کے سن کر وچن، ہرشت ہوئے اپار
پتنیوں کی درشا کری دیوں نے اس بار
گونج اٹھی اس ون میں دھنیہ دھنیہ آواز
بھرت لال تم دھنیہ ہو دھنیہ دھنیہ سن آج
دھیان کیا اُٹھا ہیا، یاد کئے شری رام
بھرت لال کہنے لگے، کر منی کو پرنام

شری تیرتھ راج پریاگ ہے یہ تینوں کا درشن میلا ہے
بدی ستیہ شپتھ بھی کھائے کوئی اسکی بھی بات کا دھیلا ہے
ماتا کیکئی کی کرنی پر، ہیں خیال نہ دل میں لاتا ہوں
دیئے پران تیاگ شری تات نے بھی آسمیں بھی بہت دکھ پاتا ہوں
برباد ہوئی کل راجدھانی، اس کا بھی مجھے ملال نہیں
میرا پرلوک بگڑ جائے، اس کا بھی مجھ کو خیال نہیں
بدی سوچ بھی ہے تو ایک ہے جس کارن ہم دکھ پاتے ہیں
منی بھیش میں سیتا رام لکھن نانا دکھ کشٹ اٹھاتے ہیں
جو سونے والے سیج کے تھے وہ سا تھری پہ دکھ پائیں گے
سردی گرمی اس تن پہ سہیں اور کند مول پھل کھائیں گے
بس اس دکھ سے من دکھی ہوا ہر دم یہ چھاتی جلتی ہے
نہیں دل میں سُودھا ویا پتی ہے یہ کایا یوں ہی پگھلتی ہے
جب رام اودھ میں آئیں گے تب نگری بھی سکھ پائے گی
آنند اودھیا میں ہوگا، تب ہری بھری ہو جائے گی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

آنندت ہوئے منی بھاردوج من پاتے پربھو پیارے کی
ایسے منی ورے سمجھاتے، پرنشاگری شالے کی
اب سوچ فکر دل سے تیاگو، بھگوان سب کشٹ دور کریں
ونتی کرتے رگھورائی کی وہ وِنے سبھی منظور کریں
بس یہی سوچ من دھیر دھرو کرتار تمہیں کرجاؤ تم
سوئیکرت پوہونائی کر میری کچھ کند مول پھل کھاؤ تم

دوہا کہا بھرت جی نے تبھی، یہی پریم دستور
جو آگیا ہو آپ کی، تن من سے منظور
آتی پرسن من میں ہوئے منی ور بھاردواج
سیوک اس دم پریم سے ٹیر لئے منی راج

ہیں آج یا ہونے، منی بولے ٹہل بجا دو تم!
کچھ کند مول پھل آکر کے اب ان کو خوب جماؤ تم
سیوک من مگن ہوئے سارے منی ور کا حکم بجاتے ہیں
اب اپنا اپنا کام کریں، سب انتظام کر لاتے ہیں

دوہا تبھی بکتی منی ور کری ردھ سدھ لئی ٹیر
آگیا دی منی رائے نے کرو نہ مطلق دیر
ردھی سدھی اپنا دیو اس دم دکھا کمال
سیوا آج بجاؤ تم، سب کی آج سنبھال

منی راج کی آگیا پا کر کے، سب کے من یہی سمائی ہے
سیوا نہ باقی رہ جائے، یہ رگھورائی کا بھائی ہے
جو کبھی سورگ میں نہیں نہ ملتے سامان وہ الیار جا دیا!
جیسا جس یوگ یا ہونا تھا اس گھر میں اس کو ٹکا دیا
بھوجن کے وستر و آسن کے، سامان سبھی تیار ہوئے
بھگتی کام مینو اور کپل در کش سب دیکھ ہمرشار ہوئے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

کرنے میں پرشنسا ان سب کی۔ لیکھنی بھی لکھتے ہات ہوئی
من دیکھ مگنے ڈگ جاتے شری پتی کا ایسی اچرج کی بات ہوئی
جل نرمل تال سرووروں میں، پھلواری چھٹا دکھاتی تھی
اور جاتا مور شور کرتے اور بلبل گان گاتی تھی
پر تو لبنت کی شیتل سگندا تی مند مند سے آتی تھی
پھولوں پر مست بلبلیں تھیں، ہر ایک کلی مسکاتی تھی

دوہا اس پرکار دیکھا سبھی، سندر سب سامان
اودھ پوری کے لوگ سب دیکھ ہوئے حیران

شری بھرت لال اُٹھ پراتہ کال اسنان دھیان سب کر آئے
پن یاگ گرہ منی کو بندن کر، پرجن سمیت آ گے دہائے
چھایا گھن اُوپر سے گرتے نہیں دھرنی گرم ہونے پائی
کارن یہ سب کے من میں لبے ہوتے تھے شری رگھورائی

دوہا دیکھ انہیں چلتے ہوتے شری پتی کیا وچار
بھرت لال کے سنگ میں لوٹے رام اُدار
اس وچار کر اندر نرپ من میں منا آیائے
گرو برہسپتی سے کہا، شری پتی نے سمجھائے

شری بھرت پریم کے ساگر ہیں اور پریم کے وش میں گھورائی
آپ گرو جی۔ گن آگار کوئی سنگیہ تین تو بتا لی
شری رام کے پاس بھرت پہونچے۔ یہ کام بگڑتا ہے سارا
یدی رام چندر جی پھر آئیں گے تو کیسے ہوگا لستارا
چھل بل سب شری دور کر دیہاں کام نہیں چھل آئیگا
مایا پتی کی مایا کا بھید ہم سے نہیں جانا جائے گا

دوہا اپنے سوارتھ کے لئے، تم نے کیا وچار
بھرت لال کا دوش کیا۔ ہو تم نپٹ گوار

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

ہو گیا گیان سُرتی کو سُن، تب عقل بھرکانے آئی ہے
بھاؤں کی پرشنسا بھرت کی تھی، پشپوں کی جھڑی لگائی ہے
اِت بھرت شترو گھن پرجا جن جاتے ملنے رگھورائی سے
لکھ دشا رشی منی من ہی من، سراہنا کری بڑائی سے
شری رام پیتا رہنڈھا ہر سو اس میں تھا
شری رام چندر کے درشن کا ہر سو النس بھرت کا آس میں تھا
گن گان پربھو کا گاتے ہیں آئے ہیں یمنا تیر بھرت
لکھ یمنا جل کو آنکھوں سے نینوں سے بہلتے نیر بھرت

دوہا — رام رنگ کا نیر لکھ، آئے یاد دکھ دھام
ڈوبے ورہ سمندر میں پُرجن سہت تمام
دیکھا گھاٹوں پر جبھی، بھرتن کا آرام
ٹھہر گئے سب ہی وہاں سمر کے سیتا رام
گھاٹ گھاٹ پر آگئی ناویں یہاں آ پار
صبح ایک ہی بار میں ہوئے یمنا کے پار
منجن کر یمنا جی پہ، دینا ہاتھ لوائے
بھرت شترو گھن چل پڑے سنگ نشاد لوائے

پھر پریم بڑھا اور نیہہ بڑھا، آنکھوں میں جل بھر لائے ہیں
گوہ راج بڑھے ہیں اب آگے گری چترکوٹ دکھلاتے ہیں
بڑھ گئے بہت پھر تھکی آگے اتی نرمل جل بہتے پایا
پرجا جن اور ماتاؤں کو، شری بھرت لال نے ٹھہرایا
آرام کیا پرجا کے سہت شری بھرت لال ہرشاتے ہیں
اُت لکشمی کو چترکوٹ بن میں سیا رام چندر سوجاتے ہیں
شری جنک جی کو سپن ہوا، شری بھرت لال جی آئے ہیں
سنگ میں پُرجن بھی آتے ہیں اور اگنت سینا لاتے ہیں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا بھرت لال اُٹھ کر چلے، جان سمے پربھات
اُت سیتا نے رام سے، کہی سپنے کی بات
حال سُنا جب سیا کا، بھرے پربھو کے نین
دکھ میں ہوئے بچین اب دنیا کے سکھ دین
لکھن لال سے بات یہ کہی سپن کی رام
آج آیا یہ کوئی بات ہے کہتا ہے بکام

یہ کہہ کر لچھمن بھائی سے، رگھونندن نے پھر اسنان کیا
پوجن بندنا کی شنکر کی، گن گان سہت سنمان کیا
پھر بیٹھ گئے بیچ آسن پر، سب رشیوں کو پرنام کیا
گھبرائے کھگ مرگ آتے ہیں بس یہ وچار سکھ دہام کیا
اُٹھ کر دیکھا اُتر دشا میں کچھ دھول گگن پر چھائی ہے
سیتا کا سپنا سچی ہوا۔ یہ سوچ رہے رگھورائی ہے

دوہا آتی وچار کرنے لگے، چکت ہوئے سکھ دہام
کول کراتوں نے تبھی کہہ دیا حال تمام
دیکھا لچھمن نے تبھی پربھو کا من بے چین
جان سمے بینتی سمجھ، لچھمن بولے بین

میں بن آگیا کے بولتا ہوں کر دینا چھما تقصیر میری
الو چرنہ سے پرمون رہیں عرض ہے یہی رگھو ویر میری
ہے لگانا سے میں بھرت لال سب ہی سجن یہ جانتے ہیں
جیسی چرنوں میں پریتی ہے، سجن سارے پہچانتے ہیں
سو بھرت راجیہ پد کے مد میں ہم پر چڑھ کے آتے ہیں
کھوٹا وچار نچتا کا ہے جو فوج سجا کر لاتے ہیں
شری بھرت لال کا دوش نہیں بس یہی سمجھ میں آتی ہے
راجا کی پدوی پا کر کے بدھی اندھی ہو جاتی ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

چندر ما لے گردھنپی کے ساتھ میں رن گیا نہیں گھبرایا!
اور ہنومش نے بھی اس نرپ مدمیں آئی پاپ کرا۔ نبٹا لایا!
تھا بینو آتی ادھم جنگ میں، نہیں لوک وید کا مانتا تھا
دیوتا، منی، رشی، دیکھ پاپی۔ وہ راجیہ کے مدمیں پاتا تھا
ترشنکو، اندر، سہسترباہو، یہ سارے نرپ ابھیمانی تھے
ڈوبے سب راجیہ کا پد پاکر، جو بڑے بڑے وگیانی تھے

دوہا اُچیت نیتی کیا بھرت نے، کینا خوب وچار
رن نیتی کا ہیں کہیں رکھا نہیں بے کار
ٹیش نوا رگھوناتھ کو، اُٹھے لکھن رسیلے
مانو سوتے شیر کو، دینا آج جگائے

کس جٹا جوٹ لچھمن جی نے، ترکس کو کٹی سے لگایا ہے
ٹنکورا دھنش اُٹھا کرکے، اور اُس پر بان چڑھایا ہے
اور بولے سیوک سیوا میں، ہے ناتھ، آج تیار ہوا!
شکشا دینے کو بھرت کو میں یہ سنگھ آج خونخوار ہوا
رگھونایک کا اپمان کرے تو کیا وہ جیوت جائے گا
میرے بانوں کی اگنی میں، جل ابھی بھسم ہو جائے گا

دوہا لچھمن نے اتی کرودھ سے، کہے بچن رسیلے
لوگ اور سب لوک پتی گئے بہت گھبرائے

بھے بھیت ہوئے سب گھبرائے، سنسار سبھی گھبرایا ہے
بھے بھیت ہوئے سب جل تھل نبھ، بھوکمپ بھومی پہ آیا ہے
بھیج بل کی پرشنسا ہون لگی، آکاش بانی یہ ہوتی ہے
ہے لکھن لال تمہارے پرتاپ سے دنیا دھیرج کھوتی ہے
بس سوچ سمجھ کر کام کرے ہے سجنتا کا کام یہی!
پیچھے پچھتانا پڑے انہیں، بن سوچے کا پرنام یہی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا وچن سُسروں کے سُن تبھی، لکھن گئے سکوچائے
لچھمن کا سمان تب، کرا شری رگھورائے

پربھو بولے لچھمن ٹھیک کہا، جو راجیہ کا پد پا جاتا ہے
ہے کٹھن راجیہ کا مد بھیّا، پرانی اندھا ہو جاتا ہے
پر بھائی بھرت اس سرشٹی میں ہے گنی اور اتی لائق ہے
میں سچ کہتا ہوں لکھن لال، رگھوکل کا بھرت سہایک ہے

دوہا برہما، وشنو، مہیش کی، بھرت جی پدوی پائے
تب ہی اُس پر یہ بھرت کو راجیہ کا مد ہو نائے

سن بات رگھورائی کی، سیا سہت لکھن ہرشائے ہیں
اور اُدھر ندی مندا کن میں، دل سہت بھرت جی آئے ہیں

دوہا لوگوں کو ٹھیرا دیا، وہیں ندی کے تیر
گورو وبھرت، شترو گھن، چلے جہاں رگھوبیر

ماتا کیکئی کی کرنی پر، شری بھرت لال حیران ہو
اور اپنے من میں سکچا کر، حیران ہوے، ویران ہوے
کہیں دوجی اور نہ اُٹھ جاوے رگھورائی میرا سُن آنا
کچھ خیال نہ دل پہ لے آئیں ماتا کی مت پر بھگوانا
مارگ میں شبھ شگن دیکھ، گورو راج نے وچن سنائے ہیں
ہوں رام درش نسچیہ جانو، سُن بھرت لال ہرشائے ہیں
یوں بول کُم اٹھا و تجے سُور ہے کیوڑے بجا اٹھائی ہے
پاکر جامن اور آم تلے، دیتے دکھائی رگھورائی ہے
بس اُسی ورکش کے نیچے، اک پتوں کی کٹی سہاتی ہے
بڑ و تلسی کے کچھ لگے ہوئے، کچھ شوبھا کہی نہ جاتی ہے
مُنی گن سمیت بس اُسی جگہ، سیا، رام لکھن دکھلاتے ہیں
اور کتھا شاستروں ویدوں کی اتہاس سنائے جاتے ہیں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اس پرکار سے کبھ ورکش دِکھا، وہ لشا دیتی ہرشائے ہیں
بھرت لال گدگد ہوگئے، جل آنکھوں میں بھرلائے ہیں!

دوہا مٹا دُکھ آگے بڑھے بھرت لال ہرشائے
جیو کو مانو برہم اب، ملا سوئم ہی آئے

مُنیوں کی سبھا میں بیٹھے ہیں شری لکھن سیا اور گھورائی
رگھوویر دھیریوں دیکھتے ہیں تن دھار منو بھگتی آئی
کی من ہوئے بلکا گئے وہ درشن کو پا کر کے!
ہے ناتھ ہماری رکشا کرو، گرے چرن رام کے جا کر کے

دوہا ڈنڈے کی مان پڑے بھرت شتروگھن لال
سوچ رہے لچھمن کھڑے کہا جائے نہیں حال

اب پریم کے بس نہیں دھیر رہی شری رام چندر رگھورائی کو
جب چلے وستر اور شستر گرے پایا بھائی نے بھائی کو
بانہہ پکڑ بھرت کو اُٹھا لیا، چھاتی سے ناتھ لگاتے ہیں
شری رام بھرت کو اٹھا لیا چھاتی سے ناتھ لگاتے ہیں
شری رام بھرت کا ملن دیکھ سب ہی من میں ہرشاتے ہیں
پھر شتروگھن سے ملے لکھن، من پھولے نہیں سماتے ہیں
مُنی رشیوں کو پرنام کیا، دونوں نے ماتھ نوائے ہیں
پھر سیتا جی کے چرنوں میں، دونوں نے ماتھ نوایا ہے
کر پکڑ اُٹھائے سیتا نے اور آشیرواد سنایا ہے

دوہا بھائی بھائیوں کے پریم میں بھر بھر آئیں نین
چرنن کا چیرا پربھو، نیا درسنگھ بیچین

(راماین بھاگ ۱۱، بھرت ملاپ سماپت)

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اوم

(اٹھ رامائن بھاگ ۱۲)

پنچ وٹی

دوہا چیتر کوٹ میں آئے ہیں جب سے شری گھوناتھ
شوبھا سے سب کھل اٹھا سارا بن ایک ساتھ
ہریالی چھائی وہاں، مانو آئے بسنت
اُچت سمے ہونے لگی ورشا بھی اتینت

کچھ دن تک کمل کے پشپ رام لے آئے ہرش منانے کو
ان کے آبھوشن تیج کر سے سیتا کو بنا پہنانے کو
اتینت سکھد تھے آبھوشن رگھوناتھ نے جو پہنائے تھے
ان کو تکھ منی کنچن کے بھی آبھوشن سب شرمائے تھے
بنیا ہندی گل مہندی کے جو سیتا جی کو بھاتے تھے
شوریہ مکھی کے شیش پھول، پرکاش عجب دکھلاتے تھے
بیلے کی بالیاں کانوں میں نافرمانی کی نتھ ناک میں تھی
کانسی کی تھی چوٹی گوندھی، ناگن ڈسنے کو ناک میں تھی
گندے کے گل سوسن کے ڈالے جس سے ہی اتی شرماتا تھا
کلیاں موتیوں کی بالوں میں اُجلی موتی لجاتا تھا
تھا تشپ اشرفی کا جھومر اور جوہی کی کلیاں پیاری تھیں
اتی مند سگندھی پشپوں میں جنکی شوبھا اتی بھاری تھی
اور پھول ہزارے کرن پھول تن پر گر کان میں جھول رہے
تھے پھول بھی وہ اتی بڑبھاگی جو سویم آپ کو بھول رہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

چمپے کی چمپا کلی بنی، گیندے کا گلوبند سوہے
پہونچی چھب چھی چاندنی کی، پنچ لڑی پانڈی من موہے
اور ہار سنگار کا ہار بنا، جو چندن ہار سے اعلیٰ تھا
سندرتا جس کی دیکھ دیکھ من مودت ہوا، متوالا تھا
کر دھنی کند کلیاں کی بنی، جسپر تی جیوتی پرکاش کرے
تھی پشپ پلاس کی پائے زیب پاون جرلوں من پاس کرے
موگرے کی موہن مالا بنی۔ کچنار رنگے کنگن پیارے تھے
چھوجرول کی چھا نجر چھنن چھنن اور کڑے کمل کے پیارے تھے
پشپوں کے سجائے آبھوشن، ہرشت ہیے جنک دلاری تھی
رگھونایک سینچ رہے جس کو وہ ہی کیسر کی کیاری تھی
ایک پھٹک سیلا پر سیا سہت، لچھمن اور بیٹھے رگھورائی
پربھو دنیا کے پرتی ندھی بنکر، دکھلاتے ہیں نج پربھتائی

دوہا
سُرپتی سُوت سچ مینت، تے ہی اوسر گیا آئے
چونچ مار سیا چرن میں، بھاگا وار جلائے
دیکھ نچتا دُشٹ کی، کرودھ بھرے رگھوناتھ
چڑھا دھنش پہ سینک کو، چھوڑ دیا اک ساتھ

وہ برہم تیر وہ منتر بان، پیچھے ہی پیچھے جاتا ہے
جس اور جائے شر ساتھ جائے من میں جینت نچھتاتا ہے
دھر روپ پرکٹ گیا سُرپتی پر، سرپتی کو حال سُنایا ہے
پربھو دروہی جان جینت کو، سرپتی نے نہیں ٹھہرایا ہے
شیولوک و برہم لوک گیا اور چھوں کونٹ میں پھر آیا
ہو گیا دکھی اپنے من میں، کوئی رکھشک اسکو نہیں پایا
پوچھی نہ کسی نے بات ذرا، کوئی بھی نہیں ٹکاتا ہے
اُس کال بان سے بچنے کا، کوئی نہیں یتن بتاتا ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

ہمت ٹوٹی آشا نہ رہی ، دم بھول گیا من گھبرایا
ساہس نہ رہا بل ختم ہوا ، وہ بھنشٹل ہر دے میں چکرایا
دُشٹ کرم کا پھل بھی تو ہے جو سوئم پرکٹ ہو جاتا ہے
یدی کرنی کرے تو کا ہے ڈرے تمہیں ببول میں پھل آتا ہے

دوہا ۔ ہار گیہ نارد منی ، بنیار ہے بچائے
کہا تبھی مُنی رائے نے دینا یتن بتائے
چھما پربھو سے مانگ لے چھما کریں رگھورائے
یہ سنکر کے کاگ نے دینا کو تج کرائے
جائے پربھو کے چرنوں میں لیٹ گیا ایکساتھ
ترا ہی ترا ہی آ شرن شرن چھما کرو رگھوناتھ

ناجانا اُتل بل تیج ناتھ ، نہ جانی پربھوتائی میں نے
اگیان کے وش اپرادھ ہوا کرنی کی سزا پائی میں نے
لاچار شرن میں آیا ہوں ، نج کرنی کا پھل پایا ہے
دُکھ آرت ہوں اے دینا ناتھ ، پھر جار گونٹ گھبرایا ہے
کرونا کر کرونا کرن لگے ، آرتی نانی سُن رگھورائی
چکشو ایک سر سے ہین سایا ۔ رکھشا کر پربھو نے دکھلائی
اپرادھ کیا تھا رگھو ور کا ، ابھیمان سے یہ نقصان ہوا
تکلیف سہی ، لی بدنامی ۔ چکشو ہین ہوا حیران ہوا
جو کرنی جیسی کرتا ہے ، وہ ویسا ہی پھل پاتا ہے
جو پیڑ ببول کے بوتا ہے ، وہ آم کہاں سے کھاتا ہے
ایسے چرتر نتیہ کرتے تھے ، لبس چترکوٹ میں گھورائی
درشن کرنے سجن آتے ، آنند وہاں کریں برنا نی

دوہا ۔ جم گھٹ ہر دم دیکھ کر پربھو ہوئے بے چین
چترکوٹ بھایا نہیں دُکھت ہوئے سکھدین

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

تبھی وہاں سے چل دیئے کرپا سندھو بھگوان
اتری کُٹی بھی مارگ میں، تھا سندر استھان

من مگن ہوئے مُنی اُٹھ دھائے جب سنا پربھو جی گئے ہیں
آدرست کار کے ساتھ لیتے بیچ آشرم میں بیٹھائے ہیں
آگرہ پریم لکھ منی ور کا، وہاں ٹھہر گئے ستری رگھو رائی
پھل پھول منی نے لالا کر، پربھو کی کینی ہے پہونائی
انوسویا سیتا جی سے ملیں۔ انی آمود پرمود منا کر کے
پد پی یہ بھوشن ساج رہے منی ناری بولیں ہرشا کر کے
جن سے یہ سب ٹھہرائے ہیں بھوشن ہیں بہت ناریوں کے
یہ رتن جڑت آبھوشن تو، ہیں بھار روپ سکوماریوں کے
یہ بھوشن نہیں شوبھا دیتے ہوتے ہیں یہ سکھ دین نہیں
جن سے شوبھا ناری پاتیں وہ بھوشن یہ رُوپے چین نہیں
جھومر ہو جھوم کبس ایسا، گروجنوں کا مستک جھک جائے
کبھی نتھ وہ مانی جائے جت نیہ کی ناتھ میں نتھ جائے
اور شرون پھول یہ اِستری، نت شرون پتی ورت دھرم کرے
میٹھی بانی بچھینا سمجھو، میٹھے سو بھاؤ سب کرم کرے
ہو بیچ دھرم کا ماتھے پر، یہ کھور جڑاؤ شان سے ہو
بس شیل سُترم کا کاجل ہو۔ لجا مستک کی مان سے ہو
ہو ہار دِل چترائی کا، جو شوبھا دھاک بڑھاتا ہو
گُن کا ہو گلو بند پیارا، جو ستیہ کا بیچ دِکھاتا ہو
چھلے چھبی ہے یہ تو بارہ ماس، بس دھیان پتی چرنوں میں رہے
وہ ہاتھ اُسی سے سجتے ہیں سیوا میں پتی چرنوں میں رہے
جو ہاتھ پتی کی سیوا کر، دیتجن بھوجن تیار کریں
نتھ پھول ہاتھ اُن سے ہوئے جو پتی سیوا وِیہار کریں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

بس مدھر کنٹھ لنغی چالو، ہنسلی ہنس مکھ سکماری کی !
پاؤں میں پائے زیب وہ ہوں یک ڈگیں ہنسی نہ ہوناری کی
ٹنی کسی پتی ورت دہرم سے ہو، گردھنی اُسے بتلاتے ہیں
یں نہ پتی سے کبھی الگ، بچھوے وہی کہلاتے ہیں
اوگن گھٹن ہوئے لجا کا، اور ساڑھی شیل ستی کی ہو
بولی ہو چال چلن اچھے، سہوگ پتی ورتہ پتی کی ہو

دوہا
ناری کے شنگار ہیں۔ یہ بھوشن بتلائے
اس سے ہی ستی نار کا، بس شنگار سہائے

پر چال آج کل اور چلی، پلٹی ہے رمز زمانے کی
سب کے اوپر ایک بھوت چڑھا ہم کہتے بات ٹھکانے کی
ناریوں میں ایسی بیماری چلی، اب فیشن نیا بنانے کی
لف سے پاؤڈر اور سہیرین، سرخی سے آب لگانے کی
ہے بڑی تباہی آن پڑی ہوئے قرضدار محتاج ہوئے
ڈیمرکٹ کے بندے والی یہ چالو نئے رواج ہوئے
ضد کرتی ہے گھر کی دیوی، جرمن سے گھڑی منگانے کی
منگوائی ہنسلی نے میری یہ ہٹ ہے حکم چلانے کی
دیوی سے وہ لونڈی بنتی اور نیا حکم فرماتی ہیں
باریک ساڑھی زورجٹ کی کہہ کہہ کر منگواتی ہیں
پتی چاہے ہووے قرضدار، فیشن کو طبیعت چاہتی ہے
جب ہی تو یہ بھارت جنتا، بس نردھن ہوتی جاتی ہے
سب ٹھاٹ عجب ہی ڈھنگ کا ہے ساری میں تن سارا چمکے
ہو کمرہ بھی سب سجا ہوا، گھنٹہ بھی بولے ٹھم ٹھم کے
کچھ حیا شرم کا کام نہیں، اونچی ایڑی کا جوتا ہو
غیروں سے ہاتھ ملانے کا شری میم صاحب کو نوتہ ہو

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

وہ لکش بھیش آبھوشن کا، شنگار ہر ایک کو بھاتا ہے
جو جیسی دکھائی سُندرتا، گرہ بندھن کہاں سہاتا ہے
بن کارن جن کی تیوری چڑھے، جب پتی سامنے آتے ہیں
بس وہی ستی کہلاتی ہے، یہ سمے رنگ دکھلاتا ہے
دوہا تمہیں نہیں اُپدیش دوں، سنو سیا سکمار
مجھ سے تو ہر گیان میں، ہو تم اَتی ہشیار

گائن

انوسویا کہتی سیتا سے۔ یہ ہے ناری دھرم شُبھ (ٹھیک)
پتی سیوا میں پار ہو گھیوا۔ یہی سر شیٹ ہے کرم سنو
ماتا۔ پتا۔ بھرات اور بھگنی، جیتے جی کا ناتا ہے
بنا پتی نہیں گتی ستی کی، یہی سمجھ میں آتا ہے
دھیرج، دھرم، متر اور ناری کو آپت میں پرکھا جاتا ہے
دُکھ سکھ کا ساتھی ہے پتی ہی، یہ وید شاستر کہتے ہیں!
بوڑھے اور بل ہین پتی سے: کہو جگہ کا مرم شُبھ
نردھن اور بل ہین پتی سے، سدا پیار کی بات کرو
پتی دکھ ہو دو نہ کبھی بھی، سیوا دن اور رات کرو
پر پرشوں سے گھرنا کرو، پریم پتی کے ساتھ کرو
نیم، دھرم اور پریم، پریت، ناری کا ہے یہ دھرم سنو
جو نیتہ رکھشا میں رہتی ہو، بھے سے نہ دی بچار کری
او سر پائے دھرم کو کھوے، پر پرشوں سے پیار کرے
پتی سے کپٹ سدا کرتی ہو، بُرے بُرے وہار کرے
ترلوکی میں اُس ناری کی کون ناؤ کو پار کرے
ان پریم کا سدا کوپ ہو، الٹا اُترے جرم شُبھ
تیرا نام جو نے سیتا پتنی ورتا سکھ پائیں گی کام کرو دھم، لوبھ مار کر پتی ورت دھرم نبھائیں گی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

پر پرشوں کو ہرات سم جان کے جنم بنائیں گی   نیادر سنگھ بھجن پتی کی آ گیا ویز بجائیں گی

دھرم کرم کو جان سکی، من ہیں نت رہتی پرم سُنو

دوہا انسوئیا نے جب دیا، پتی ورت دھرم سُنائے

سیتا نے سارا سُنا، اَتی من ہیں ہرشائے

رشی پتنی کے چرن چھوئے، اُٹھ پراتہ کال ویدیہی نے

نتیہ نیم کر کچھ من کا، پُن حال کہا ویدیہی نے

اُپدیش جو تم نے مجھ کو دیا، کرتارتھ ہوئی اس گیان کو پا

اَتی سندر سکھدیہ من بھاون، ہیں دھنیہ ہوئی اس مان کو پا

پرکرپا کرکے ویلنے کو سُنو، کچھ اور بھی گیان سُناؤ تم

من بھرانتیں پرکاش کرو، من کا اندھیر ہٹاؤ تم

بولی انسوئیا مجھے لجا، کیوں جنک سُتا شرماتی ہو

وہ گیان کون سا بھلا کہو جس کو تم سُننا چاہتی ہو

سنسار کے ہت کے لئے سُنو تو بھی ہیں گیان کا سار کہوں

ملنے سے جو ست سنگ ہوا، کہاں تک اس کا وستار کہوں

پتی سیوا سے وِمُکھ ناری دونوں ہی لوک بگاڑتی ہیں

وے نرک میں غوطے کھاتی ہیں جیون کو شوک بگاڑتی ہیں

وے بھچار کا جس کے کلنک لگا وہ سرو سو آپ نساتی ہے

جگ بندھن یم کا دوارہ ہوا، جیون دکھ مول بناتی ہے

آدشیک گرہ جن کی سیوا، ۲ یا کرنا کل ناری کو

گرہ ہیں سب سے مل کر رہنا آیا ہے ہر سکماری کو

کر ساس سُسر کی سیوا ہی نتیہ اکھشیہ وہی پائے گی

کل ناری تن من اور دھن سے ہر ایک سدا گن گائے گی

جو بندوں کا سنمان کرے وہ اپنا مان بڑھاتی ہے

دورانی اور جٹھانی سے ہل مل رہ کر سکھ پاتی ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

سب کام کاج گھر کا کرنا، ناری کا دھرم بتایا ہے
چکی، چولہا اور چرخے کا، یہ کام ہی کرنا آیا ہے
اَبھمان جان کر جو ناری، نہیں گھر کے کام کو کرتی ہے
بیمار سدا وہ رہتی ہے نا جیتی ہے نہ مرتی ہے
بن داسی جو سیوا کرتی، وہ ورجہ رانی کا ہی پاتی
جو چڑھتی ہے سو کرتی ہے سیوا سے ہی میوا ہی کھاتی

دوہا
سیتا کو سمجھائے کر، باتیں اسی پرکار
انوسویا نے کہہ دیا، ناری دھرم کا سار
منی ناری نے جو دیا، سیتا جی کو گیان
سبھی کتھا سنتے رہے شری منی ورھر دھیان
پنچ ناری کو لکش کر، کہن لگے منی رائے
پرشوں کا پکش سرو تھا، لب سدا ہر شائے
مند مند مسکائے کر، کہن لگی منی نار!
پکش دویہ پران ہیں، کہیے آپ سنبھار
منی ور کہنے لگے، سنن لگے شری رام
پرشوں کے انیائے کو ورنن کرا تمام

منی ور اتری بولے ہاں سنتو پرشوں کے گن اور دوش سنو
دنیا کا حال کروں ورنن ہے رام نہ پھر نار دوش سنو
مریادا پرشوتم تم ہو، آدرش پرش تم کہلاتے ہو
پری پورن تم پرماتما ہو دیکشا پر دم تم کرم کراتے ہو
پھر بھی جگ کی شکشا کے ہِت پرشوں کا بیان فی الحال کروں
دِگ درشن اپنے انوبھو کا، بس بیاں یہ حال کمال کروں
ناری کو نیچ سمجھتے ہیں کچھ جو جو ہیں ابھمان وی وش
سد بھاؤ نہیں سنمان نہیں کرتے ہیں جو آگیان وی وش

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri
In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

یہ دھرم شاستر سب کہتے ہیں ناری اردھانگنی ہوتی ہے
سمتا ہے ناری اور نر کی یہ جیون سنگنی ہوتی ہے
جو لوگ اَپاون ناری کو کہتے ہیں نہیں شرماتے ہیں
یدی آدھا انگ اپاون ہو، سارا ہی اپاون پاتے ہیں
آگیانی دمبھی ابھیمانی، دُرمتی یہ پیدا کرتے ہیں
نہیں اپنے اوگن کو دیکھیں، ناری کی نندا کرتے ہیں
پن کھوٹ ناریوں کو دُکھ دیں وہی بھچارن لے جاتے ہیں
دوشت پھرا کریں دوراچار، اُن کو سب نیچ مانتے ہیں
دُربل جرا آیو ہونے پر بھی بیاہ انیک کراتے ہیں
اُس کو داُرن دُکھ دیتے ہیں ابلا پر بل دکھلاتے ہیں
ناری سے کھیل کھلونے سم من لئے کھیل کھیلتے ہیں
اَتیَنت بُرا پری نام ہوئے وہ دُکھ کے پاپڑ بیلتے ہیں
نندا کے یوگیہ سوئیم وہ ہیں، جو نندا ناری کی گاتے

گیانی، دھیانی، مُنی، وگیانی، بس جنم انہیں سے تو پاتے

پرشوں سے درجہ ناری کا۔ اونچا ہی بتایا جاتا ہے
نر ہیں ناری کے آبھاری بس یہی سمجھ میں آتا ہے
ناریوں پہ اَتیاچار، دھاک جو لوگ سوئیم بھی ڈھاتے ہیں
بس ایشور کے نیائے الیہ ہیں وہ دوشی مانے جاتے ہیں
پہیے یہ گرہستی کی گاڑی کے بس ناری نر کہلاتے ہیں
دکھ سکھ آپہی دیتے گے، ادھی کاری مانے جاتے ہیں
دوہا جس گریہ میں ہوتا نہیں، کچھ ناری کا مان
دکھ کا ساگر ہے وہی وہ گھر نرک سمان

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

گانا

کرو مت بچاری ناری کا اپمان
بنا ناری کے یہ گھر سونا، ہوتا نرک سمان
ایک گاڑی کے ہیں دو پہیے ایک سا مان   کوئی نیچا کوئی اونچا نہیں ہے دو ایک سمان
دونوں کام ویں اجن کا دیکھ لیا کر دھیان
جس گھر میں نہیں ناری کا آدر وہ گھر نرک کی کھان   پتی رتی سے رہت اگر ہو ہوے کچھ گیان
ناری پہ اس کا پتا اثر ہو کہتے وید پران
دیتی ہیں ہو پریم پرسپر سکھ کا ساگر جان   دھرم جہاں ہو وہاں پر لگا لیا میزان
سکھ سمپتی بھی وہاں پر رہتا ہے ہر آن

دوہا   کئی دن بیتے اس طرح، ہرشت ہوئے اپار
منی ور سے مانگی ودا وہاں سے چلے سدھار

سیا، رام لکھن آنند کند، من موہت وچرتے پھرتے ہیں
اس بن کی شوبھا دیکھ پربھو بھرتے تے آنند کرتے ہیں
ایک دشٹ ورادھ تھا بل دھاری مارگ میں اس کو سنہارا
بھے بھیت دیو گن رشی منی، یہ سنکٹ سب کا ہی ٹارا
شر بھنگ منی کے آشرم میں، چل کر رگھورائی آئے ہیں
درشن کینے منی نے پربھو کے، من موہت پربھو گن گائے ہیں
درشن کی پرتیکشا کرتا تھا، مدت سے منی نے بتلایا
سوامی کے سمکھ سدھ گتی ہو منی من یہ کہہ کر ہرشایا
یوگ اگنی پرگٹ منی نے کی تب، تن بھسم کیا پربھو گن گا کر
سکھ دین نے ہو بے چین تبھی بھو بندھ کاٹ دیا ہرشا کر

دوہا   دھنیہ دھنیہ منی آپ کو کہن لگے سکھ دھام
سپھل ہوا برت نیم سب، سنمکھ تھے شری رام

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا آگے کو پرستھان کر، چلے تبھی رگھو ویر
رشی منیوں کا وندن کیا، پہنچے کے تیر

ایک ڈھیر ہڈیوں کا دیکھا مارگ میں پربھو جاتے ہیں
وسمے میں ہو کر پربھو نے رشیوں کو وچن سنائے ہیں
اس تپو بھومی میں کیوں کا ننگ آیا نہیں جاتا ہے
ہے کون اسر ایسا یہاں پر جو اتنے پاپ کماتا ہے
یہ ہتیا کانڈ کیا کس نے، وہ سچا دکھ درد کہاں پر ہے
پربھو کا دل بے چین کیا، ایسا کو دیکھ یہاں پر ہے
کرو دنا ندھی کرونا کرن لگے، یہ درش دیکھ بے چین ہوئے
اردناوی درش جیک کچھ تھی اور سرخ پربھو نینن ہوئے
منیوں نے کہا ہے راگھو ویندر، ہم یہاں دکھی نت رہتے ہیں
نشچروں کے نش دن تراس اور نانا ودھی سنکٹ سہتے ہیں
نشچروں کا ہے یہ نیتہ کرم، رشی منیوں کا بھکشن کرتے
یہ ڈھیر انہیں نشچروں کے ہیں وہ پاپ کرتے کچھ نہیں ڈرتے
پھل پھول لشٹ ہو گئے سبھی، اس بن میں ہریالی نہ رہی
رکشا وہیں ہیں رشی منی، پاپوں سے جگہ خالی نہ رہی
حسرت سے اس پل دھاری کی یہ آنکھیں بات نہارتی تھیں
بدلا لے آکر اسروں سے، رشیوں کی زباں پکارتی تھیں
سب کاریہ کشلتا بگڑ گئی، گلشن کی عجب تباہی سے
پائمالی ہوں باٹیکا کی، مالی کی لاپرواہی سے

دوہا کرونا کرنے اب کیا، من میں خوب وچار
بھومی بھار اتارنے، لیا منوشیہ اوتار

ہے شوک پرن سب بھول گئے مایا نے بھول بھلائی ہے
افسوس ہماری مایا نے، ہتی میری بھی بورائی ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

بھولا وہ کبھی نہ کہلائے جو لوٹ شام گھر آ جائے
وہ بھول نہ بھول کہلاتی ہے جو سبھے پہ سمرن ہو آئے
ہوتے ہی پرکٹ اس اِچھا نے بس اپنا بھاؤ دکھایا ہے
نسٹی کا سپنا وشرام ہوا، آنکھوں میں ستوگن چھایا ہے

دوہا
کہن لگے سنگھ نادکر کبھی ہوئے سکھدھام
نربھے ہو کر منی گن، کرو یہاں وشرام

بھو بھار اُتارن کے کارن، یہ سغبہ پرتگیہ دھاری ہے
دُشٹوں کو چن چن مارن کی، بس من میں بات وچاری ہے

دوہا
منی جن ہوئے نہال سب، سمت رگھو کے بین
سُمرن سمن ورشائے کر کہا جے جے سکھ دین

مُنی سوتکشن پن سے، پربھو کو کہا پرنام
اوچل بھکتی بردان کی، منی کو شری سکھدھام
کم سنج منی کے پاس تب پہونچے شری رگھورائی
اُن کی آگیا سے تبھی پنچ وٹی گئے آئے
بہتی تھی گوداوری، تہاں پہنچے رگھوویر
پرن کٹی نرمان کر، بسے اُسی کے تیر

اُس پنچ وٹی میں رہن لگے سیا سمت لکھن اور رام لال
منیوں کے نربھے ہو کر کے، تب پایا ہے آرام وہاں
اَدھکا دھک بڑھن لگی شوبھا، وہ اپون ائی گلزار ہوا
گری شرون کے سم جگ اُٹھے ندیوں کا بڑا وستار ہوا
پھل پھول کھلے کل اپون میں ورکشوں پر ہریالی چھائی
ترن ادسر میں آپن ہوئے سُر بھت سمیر شیتل آئی
ہیں لونگ لتائیں چھائی ہوئی، پھولوں کی بیل کھلی ہوئی
وہ سکھد وانو پم سندرتا تھی، سورگ لوک سے ملی ہوئی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

ہوئی پرگٹ ترلوکی کی شکما، پربھو کے سمیت اُس کانن میں
وہ پنچ وٹی جو سُندر تھی۔ آئی بہار من بھاون میں

دوہا — لیکھنے ودھی کے مٹ سکیں ہونہار بلوان
ورش بارہویں میں چڑھی ہوئی سر پر آن

سوروپ نکھا راون کی بھگنی وہاں ہو اچمن کی کھاتی تھی
اُس پنچ وٹی کی شوبھا لکھ، وہاں اپنا دل بہلاتی تھی
اُس پرن کٹی پر پہنچ گئی رگھوویر کو سکھ بلہار ہوئی
سندرتا پربھو کی دیکھ دیکھ موہت ہوئی اور لاچار ہوئی
مت ہین ناری جو ہوتی ہے وہی کُل کو داغ لگاتی ہو
ایسے ہی تو نشچر کُل مٹا، یہ ناش کرانا چاہتی ہے
یہ کہتی کوئی کا سچا ہے، پر بھی پر بھی پر مرتا ہے
دیپک پہ پتنگا ہو موہت، نج پران نچھاور کرتا ہے
موہت ہو کر رگھورائی پر، پہنچی سمیپ مسکان لگی
میں کنواری سُندر ناری ہوں یہ کہہ کر دادھان لگی
تم بھی سُندر میں بھی سُندر، دونوں میں سندرتائی ہے
ہم دونوں کی جوڑی سُندر ودھنا نے سُگھڑ بنائی ہے
ہماری پریم پرواہ کرو، شنکا و چار مت لاؤ تم
پوچھو نہ کسی سے چھو تشی سے، بس مجھ سے بیاہ کراؤ تم

دوہا — بیاہ میرا تو ہو گیا۔ کہا پربھو مسکائے!
تات لکھن سے تم کہو، یہی بات سمجھائے

تب چھوڑ شری رگھورائی کو لچھمن کے دھوریے آئی ہو
بل کھائے کے ادا نزاکت سے لچھمن سے وہ نے سنائی ہے
میں سندر کنیا کواری ہوں، تم بانکے چھیل بہاری ہو
میں بھی سندر تم بھی سُندر، شادی اب میری تمہاری ہو

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا ٹیڑھے تیج سبھاؤ تے، جنم سے لچھمن ویر
پھٹکاری للکار کر، رہی نہ من کو دھیر

بے حیا، کلنکنی، کٹلا تو، کچھ شرم نہیں آئی تجھ کو
دُشٹا بھرشٹا کنٹکا تیری، سمجھ بات نہیں بھائی تجھ کو
تو بات پتا سے کہہ جا کر، جو اب تک پھرتی کواری تو
اُپ یُکت پروش الونیش کر، اُن سے کہہ منت کی ماری تو
سمبندھ بدی ہو چکا کہیں تو پتی سیوا ہیں وہاں لگا
اس طرح سے پھرنا ٹھیک نہیں درگتی ہوگی مت لاج گوا
بدی ودھوا ہے تو کل کی ریت سے نیم ورت کا سادھن کر
نشکپٹ کر مکتی ہو جائے، ڈھونڈھتے جائے پار اُتر
نر اُتم جو پھرتی ہے نار ہی۔ کل کا کلنک ہو جاتی ہے
دُوشٹا وے بیچارے دوش سے ہو وہ نرک میں غوطے کھاتی ہے

دوہا جل بھُن کر کے خاک ہوئی، سُن کر یہ اُپدیش
کام ویش دیاکل ہوئی پرگٹا ہے کامیش

ہکلن کرلوں سیتا جی کا، بس تبھی کام بن جائے گا
ناری وہین ہو رام چندر تب سو مجھے اپنائے گا
سُندر سبھاؤ، تو لوک رام، کومل ہے اور آتی پیارا ہے
لچھمن کٹھور نہیں لو گیہ میرے کرکش کٹھور نا کارہ ہے
ور رڑھ دُرو چار یہ کر من میں، آئی وکٹ بھیش کر دھائی ہے
جہاں بیٹھی جنک نندنی تھی۔ کل کار مار کر آئی ہے

دوہا پکڑ لئی تت کال جا، لچھمن نے للکار
ورگ مسال سم لال کر، وہ دُشٹا خونخوار

ہو کال روپ گئے لچھمن لال بدھ کرنے کو تیار ہوئے
سنکیت کنتو آنکھوں ہی سے کرنے کو رام اُدار ہوئے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا سمجھ اشارہ رام کا۔ لچھمن لال گن وان
ناک کان دیئے کاٹ کر کر دی لہولہان

لادم بھی اس کو سزا یہی، من مودت کہا رگھورائی نے
اُشلیل یا چنا پھر نہ کرے کیا ٹھیک یہ لچھمن بھائی نے
لچھمن نے بھائی کی باتوں کا اُتر دینا زنہار نہیں
بھائی کی آگیا سے لچھمن کرتے تھے کبھی انکار نہیں

دوہا پنچ وٹی کے پاس ہی، رہتے اسر تمام
شورپ نکھا روتی ہوئی پہنچی وہاں مدام

بھائی جو سروپ نکھا کے تھے کھر دوشن ترشرا تین اسر
بل دھاری بھائی تھے اُس کے لشکر تھے یودھا بھا زبر
فریاد کری اُن تینوں سے، رو رو کر حال سنایا ہے
بھائی دو راجکماروں نے یہ ستم دیکھو ڈھایا ہے
یہ سنکر تینوں کرودھت ہو، لشکر سینا سجوا کر کے!
چودہ ہزار کے لئے ہے، گھیری وہ کٹیا آ کر کے
پیچھے پنچ بل وکرم کا دیا شری لچھمن اور رگھورائی نے
لچھمن سیتا کی رکھشا کو دیا چھوڑ پربھو سکھ دائی نے
اُن اسروں کا بدھ کرنے کو، پربھو چاپ چڑھا پر چڑھ چلے
وہ بان ناگ سے لہرا کر، اسروں کو دینے ڈنڈ چلے
چھوں اور اندھیرا گھور ہوا، شر آسمان میں چھانے تھے
اسروں کا وکٹ سنہار ہوا، لشکر من میں گھبرائے تھے
تب گھنڈ کھنڈ بھج ڈنڈ ہوئے لاشوں پر لاش بچھائی ہے
اسروں وہیں ہی مہی کرن، او ثائے شری رگھورائی ہے
سمرن رشی منیوں کا آیا، فریاد کان میں گونج اٹھی
یادوں پرن پورا کرنے کی، بس یاد دھیان میں گونج اٹھی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

بالوں کو پیاس رودھر کی تھی تیار تھے پیاس بجھانے کو
چودہ ہزار نشچروں کو، یم کے دوار سے پہنچانے کو
اسروں کو اندھا کر ڈالا، بالوں کی وہ آندھی چھائی
بھاگنا بھی دُرلبھ انہیں ہوا، تل بھی نہ جگہ خالی پائی

دوہا

بچا نہ باقی ایک کھل، ہوا گھور گھمسان
ندی رودھر کی بہہ چلی، گھِرا سکل میدان
کھر دوشن ترپور آدی سب ٹیے پربھو نے مار
رام ویکھ کا ہوتا ہے اسی طرح سنہار
سیا سہت شری لکھن جی آئے پربھو کے تیر
پشپ ورِش برساوتے کہہ کر جے رگھو ویر

مل کر استوتی کرتے تھے دیو، بھو بھار مٹانے والی کی
نشچر دل گرو پرہاری کی، امرت برسانے والے کی

گان

جے جے جے رگھوراج، آج بھو بار گھٹا نا اسراری
جے جے سوامی انتریامی، نمو، نمو، دُکھ ہاری
اسر سنہارن، بھار اتارن، دویا دھا ٹارن رام
کھل دل مل کر بھو مل چل کر آئے جگ کے کام
کریئے پار ہے کرتار بار بار ویادھی ٹار پات ہماری
لاگے نین دن اور رین چین نہ بیچین پائے آتما ہماری

(آدی رامائن بھاگ ۱۲ - پنچ وٹی سماپت)

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اُوم

ایودھیا رامائن دبھاگ ۱۳)

سیتا ہرن

دوہا جب کھر دوشن آدی کا - کیا پربھو سنہار
سروپ نکھا بیزار تھی اور ہوئی خونخوار
پڑ گئی جیسی کیسی - روی کُل میں آ گیا ن
بیتتے ہی دنگی چلی ، لنکا کرن گھمسان
راون کا بھرپور تھا ، لگا عام دربار
بھائی کے دربار میں جا کر کری پکار

ہے بھائی دُہائی ہے تیری اُس نے یہ شور مچایا ہے
مدہوش جوش نہیں کچھ تجھ میں دشمن سر پہ چڑھ آیا ہے
مستانہ ہے تو مستی میں ، سب کرم شرم کو بھول گیا
راجا ہو کر نیتی نہ یاد ، تو راج دھرم کو بھول گیا
دربار عام سب چونک پڑا - سناٹے کا عالم چھایا
سب گئے ہی ہوش کافور ہوئے ہر ایک سبھاسد گھبرایا

دوہا راون بھڑکنے لگا - جگر ہاتھ سے تھام
کس نے یہ حالت کری بتا تو اُس کا نام

کس کی مجال ہوئی آج بتا - کس نے تیرا گھمسان کیا
کس نے کاٹے ہیں ناک کان جو چہرہ لہولہان کیا
وہ بولی بھائی سیر کرنے میں ڈنڈک بن میں جاتی تھی
کرتی تھی مٹر گشت نت ہی ، ہیں ہوا چمن میں کھاتی تھی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دور اچگماروں نے آکر، ڈنڈک بن میں آ وشرام کیا
سُکماری پیاری ساتھ ایک بس انہیں نے قتلِ عام کیا
رہتے ہیں پنچ وٹی میں یوں تا لو بن کھنڈ اُن ہی کا ہو
بڑے اُن کو بھے بس نہیں جیسے برہمانڈ اُن ہی کا ہو
میں اکسمات وہاں جانکلی اور ہوا چمن میں کھا تی تھی
بن میں نہار ایک بار تبھی، اس ناری سے ملنا چاہتی تھی
میری سندرتا دیکھ تبھی، لچھمن موہت اُس آ ن ہوا
تب میں نے اُس کو جھڑک دیا تب اور بھی بے اوسان ہوا
گالی دی اُس نالائق نے جب میں نے تیرا نام لیا
راون کی بہن جان کرکے، یہ اُس نے کھوٹا کام کیا
میرے ناک اور کان کتر ڈالے یہ چہرہ لہو لہان کیا
نہیں کری دیر دی چھری چلا بس مجھے ناک بے کان کیا
جب حال کہا کھر دوشن سے۔ اُن کا ان سے سنگرام ہوا
میں رہی دیکھتی آنکھوں سے جب اُن کا کام تمام ہوا
گئی ناک میری تو جا لے دو پر اپنی دھاک جما بھیا
یدی ناک دھاک کچھ نہیں تیری تو ڈوب کے تو مر جا بھیا

دوہا یہ سن کر دس ماتھ کے، اڑ گئے ہوش تمام
آنکھوں میں تو کرودھ تھا عقل ہو گئی کھام

گیانی وگیانی تھا راون، من ہی من مثا آیا ہے
کیا تاب منوشیہ کی ہے اتنی کچھ اور ہی ہونا چاہتا ہے
نارائن نے اوتار لیا، اب تو کا یار ہو جائے گی
دونوں ہاتھوں میں لڈو ہیں آنند آتما پائے گی
ہرنا کوشیپ کے مارنے کو، نرسنگھ روپ دھر کر آئے
اور اب ہم نستارن کو، پربھو آپ رام بن کر آئے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اب دور نہیں مکتی مجھ سے، راون کو یہ وشواس ہوا
بھو ساگر سے تر جاؤں گا۔ وشواس یہ آن خاص ہوا
کنجوس جس طرح دھن کو پا، ہر طور بچائے جاتا ہے
راون بھی اپنے بھگتی کے سب بھاؤ چھپائے جاتا ہے

دوہا بدل بھاؤ نج آسری۔ بولا بھر کُٹی تان
اُرون برُن دیو نین کر کہا سہت ابھیمان

نر ہر کی کیا طاقت اتنی جو مجھ سے بیر بڑھائیں گے
کیا شکتی اُن یودھاؤں کی جو میرے سمکھ آئیں گے
بھگنی کی ناک کے بدلے میں، اُن کی بھی ناک اڑاؤں گا
میں انہیں پکڑوا کر لاؤں، اور کھال میں بھُس بھراؤں گا
تم دھیر دھرو بھگنا بیٹھو، میں ڈنڈک بن کو جاؤں گا
جس نے تیرا یہ حال کیا، مٹی میں اسے ملاؤں گا
ہتھیار باندھ تیار ہوا، دیری نہ لگائی راون نے
اُس نکٹی بوچی بھگنی کی، آتی دھیر بندھائی راون نے

دوہا لنکا میں عیار اک تھا ماریچ گن وان
اُس سے راون نے تبھی کر دیا سبھی بیان

جو متر متر کے سنکٹ میں آتا ہے کام کر ڈالی ہیں
بس دھرم متر کا ہے یہ ہی وے دھیرج بندھاتی ہیں
دسرتھ کمار ڈنڈک بن میں آئے ہیں رام لکھن دونوں
سنگ سیتا ناری سکماری۔ لائے ہیں رام لکھن دونوں

دوہا بھگنی کے کاٹے سبھی، بھائی ناک اور کان
مار مار کر کر دیا نشیچر کُل گھمسان

کھر دوشن کا سنہار کیا۔ ایسا اُتپات مچایا ہے
بدلے میں سیتا ہرن کروں یہ من میں میرے سمایا ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

عیّار تیری عیّاری کا، بڑی فائدہ یہ ہو جائے گا
تیری ہمت آسانی سے سب کام میرا بنجا ہے گا
تو نایا مرگ چل کر بنجا، یوگی کا بھیس بناؤں ہیں
تو رام لکھن کو بھکانا۔ تب جانکی کو ہر لاؤں میں

دوہا اتنی سُن ماریچ کے، اڑ گئے ہوش حواس
راون کس کا نام لے، بند تو کر بکواس

ہرنا ہی ہے تو بدی کو ہر، مت سیتا ہر کر لانا تُم
بدی کرنا ہے تو بھجن کرو، مت کُل کو داغ لگانا تم
دُشٹ کرم بُرا ہی ہوتا ہے۔ کرنا نہیں ابھیان اچھا
پرناری گھر میں لا کر کے، کرنا نقصان نہیں اچھا
مُنی یگیہ کی رکشا کو آئے، جب اُن کو میں نہارا تھا
بس ایک بان سے پھینک دیا، سو لوجن کا وستارا تھا
جب یاد مجھے گھٹنا آتی، من میرا آتی گھبراتا ہے
بس بدن کانپنے لگتا ہے، جاڑا سا چڑھتا آتا ہے
شیو چاپ کو توڑا تھا پل میں، کیا سیا سوئمبر بھول گئے
بل سبھی وہاں پر ہار گئے، اب کون نشہ میں پھول گئے
جن نے نشچر اتنے مارے کیوں انہیں منو شیہ بتاتے ہو
حق ناحق ہی تم لنکا کو، کیوں ناش کرانا چاہتے ہو

دوہا منشیہ تُلکشا بھانی نہیں، ہے بُرا جب آئے
سکھ جیوں بانر کو دئی، بیا کا گھر نش جائے

ہمت کی باتیں ماریچ کہیں پر راون کو بھائی ہی نہیں
شکشا جو بھی ماریچ نے دی۔ راون کی سمجھ میں آئی نہیں

دوہا واہ گورو جی واہ تو ہوا بہت ہشیار
دیتا کیا اُپدیش ہے کرتا کیا پرچار

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

جو چلے نہ سیدھی طرح ساتھ تو گیان کھلا دوں گا تیرا
تلوار کی دھار سے مارے گئے ہیں اب شیش اڑا دوں گا تیرا
باتیں سنکر کے راون کی، مارِیچ بہت من گھبرایا
یہ نیچ پیچھا تجھے نہیں، مارِیچ نے من یہ ٹھیرایا
راون کے ہاتھوں مرنے سے بس گھور نرک میں جاؤنگا
شری رام چندر کے بانوں سے ہیں نربھے مکتی پاؤں گا
یوں مرنا ہے بیکار مرا۔ اس مرنے میں اُدھار میرا
بس ہری کے ہاتھوں سے ہی مروں بھوسے ہو بیڑا پار میرا
مارِیچ یہ کہہ کر کھڑا ہوا۔ تیار ہو رتھ اسوار ہوا
جس لیے رام اوتار ہوا وہی پاپ تیار ہوا
رتھ پر سوار دونوں ہوکر، چل پہنچ ونی میں آئے ہیں
پھندے میں موت کے پھنسے ہوئے بس موت کی شکل دکھا ہیں
سیا، رام، لکھن کا شبھ درشن، راون نے دور سے پایا ہے
جس سے پاؤن ڈنڈک بن تھا وہ روپ نظر میں آیا ہے
مایا وی تھا مارِیچ اسر، سونے کا مرگ ہے بن آیا
یوگی کا روپ بنا راون، تن بھسم رما من ہرشایا
چوکڑی مار مرگ گیا وہیں جہاں سیا لکھن تھے رگھورائی
مرگ کی سوہن مرگ چرم دیکھ شری جانکی من میں ہرشائی
بھرپور جھلانگیں مار مار، سیتا کا من للچایا ہے
مرگ چھالا کی ابھی لاشا سے رگھوور کو وچن سنایا ہے
ہے ناتھ نہارو اس مرگ کو، یہ کیسا سُگھڑ سلونا ہے
دکھلاؤں گی ساسوجی کو مرگ چھالا ہے یا سونا ہے
جو سونے کی یہ مرگ چھالا، یدی آج ناتھ میں پا جاؤں
مخمل کے گدے شرمائیں یدی اسے کٹی میں پھیلاؤں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا ہونہار بلوان ہے، ودھی گتی اگم اپار
سونے کا مرگ آج تک دیکھا نہیں ایک بار

مایا پتی دیکھ کے مایا کو۔ مایا کرنے بنے کار چلے
تھا دھنش لیے ہاتھ ہاتھ میں شر ترکش میں بنج دھار چلے
سیتا کی رکھشا کرنے کا بھار لیا پربھو سے لچھمن بھائی نے
مایا مرگ کے شر مارے تھے۔ آتی تاک تاک رگھورائی نے
مایا مرگ مایا دھاری کو، بس دور لے جانا چاہتا تھا
چھپی رام روپ کی مڑ مڑ کر مادیج دیکھتا جاتا تھا
چلتے چلتے رگھوناتھ تھکے۔ اور مرگ بھی آتی گھبرایا ہے
کیا چال چلے رگھورائی سے مایا میں من کو لایا ہے
لگ کال روپ سر گیا بھتی، گر پڑا وہیں پر چلا کر
وہ سوَرن روپ ہوا شام برن لس بان پربھو جی کا کھا کر

دوہا راون پر احسان یہ، کیا ہے مرتی بار
لچھمن میری سدھ لے تو کہن لگا پکار

آواز جانکی جی نے سُنی، من سیتا جی کا گھبرایا
نشچے جانا یہ جناب سُنا۔ کوئی سنکٹ ہے اُن پر آیا
بولی لچھمن جلدی جاؤ، بھائی کی دھیر بندھانے کو
ہے کٹھنائی اُن پر آئی یہ اُن کا کشٹ مٹانے کو
لچھمن بولے سیتا جی سے، من دھیر دھرو مت گھبراؤ
دُکھ ہرن نہیں دُکھ پاتے ہیں کچھ خیال تو ماتا جی لاؤ
رگھوناتھ کے سنکھ سوچو تو، کچھ زور نہ اُن کا چل پائے
سورج کے آگے ناممکن، معمولی دیپک جل جائے
سب بھار تمہاری رکھشا کا سونپا ہے مجھے رگھورائی نے
میں آ گیا پالن کو تت پر، جو مجھ کو دی ہے بھائی نے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اِس وِکٹ وہا بن میں ناتا۔ نہیں چھوڑ کے اکلی جاؤں گا
نج دھرم سے منہ نہیں موڑوں گا۔ پربھو آگیا اَوشیہ نبھاوں گا

دوہا — ودھی گتی ٹالے نہ ٹلے ہوتے نہ ہرگز دُور
بال تریا ہٹ راجیہ ہٹ دُنیا میں مشہور

ہیں جان گئی ہے لکھن لال جو کچھ تم کرنا چاہتے ہو
ہے من میں اور سمائی کچھ، سب جھوٹا پریم دکھاتے ہو
گھن ناد کی مورچھا گئی سبھی، دیاکل ہو کر بچ آین گیا
دیکھا جو پتا کی اور آن، شرمایا ہو بے چین گیا
کیا اب کروں یہ سوچ اشر دیوی کے مندر میں آیا
اب اب یگیہ کے کرنے کا منصوبہ دل ہے ٹھہرایا

کہہ کرن میگھ ناد دھ

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

خبر یگیہ کی پا کر کے، شری بھگت وِبھیشن آئے ہیں
کر جوڑ وِنتی پربھو جی کی کر، پھر ایسے وچن سناتے ہیں
ہے ناتھ سنو وہ میگھ ناتھ، چالاکی کرنا چاہتا ہے
گر کے مندر میں جا کر کے، ایک ایسا یگیہ رچاتا ہے
اس اجے یگیہ کے کرنے سے وہ اجے پربھو ہو جائے گا
ہے ناتھ کون اس نیچر کو، پھر بھلا وجے کر پائے گا

دوہا بنت وِبھیشن کی سنی دیا دھام رگھورائے
انگدادی ہنومان بھی لینے سبھی بلائے

تم اُس کا یگیہ وِدھونس کرو، سب ساتھ لکھن کے جاؤ تم
دیدوں جا اُس کو دھمکاؤ، کچھ خوف نہ اُس کا کھاؤ تم
سنہار کروں اُس نیچر کا ہے لچھمن یدھ میں جاؤ تم
بھے لیش نہیں سمجھے دیکھو یہ پاپ کا گھٹ چٹکاؤ تم

دوہا بھگت وِبھیشن، جامونت، کپی پتی سب ان شور
سا وہاں رہنا سبھی، سینا سہت بھرپور

آگیا سر دھر بھرات کی اُٹھے لچھمن ویر
گھن سمان گرجن لگے، سمر کے شری رگھوبیر

اُس ادھم نشاچر پاپی کو، بن ہنے نہ منہ دکھلاؤں میں
سوگندھ پربھو کے چرنوں کی بھگت نہ رام کی پاؤں میں
میں آج اُسے سنہار کروں گا رکتک شیو کروڑ پاؤں گا
بن اتنا کام کئے ہرگز، نہیں رام کا بھگت کہاؤں گا

دوہا نائے رگھوید ماتھ کو، چلے لکھن رسائے
انگدادی نل نیل سب یون نے گرمائے

جاکر کپیوں نے لکھا، میگھ ناد بلوان!
بھینٹے رود ھر چڑھائے کر کرتا یگیہ مہان

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا لکھمن لال نے تب کہا۔ رے کا پرمتی بھنگ!
رن سے چھپ کرکے یہاں دھیان کرہا ڈھنگ

یہاں کب تک دھیان لگاتا ہے، میں ہی دیکھنے آیا ہوں
کیوں موند کے آنکھیں بیٹھا ہے میں ابھی تجھے تکھ پایا ہوں
اب اسے نہ جیتا چھوڑو تم، کہی ویروں رن دھیروں آؤ
دو آنکھ پھوڑ سر توڑ بھی ودھونس یگیہ کا کرجاؤ
ودھونس یگیہ سب کرڈالا، آگیا تمھین کی پا کرکے
گھن ناد نہ اٹھا اٹھائے سے ہر طرح لیا آزما کرکے
کوئی بدان کو اُس کے نوچتا ہے کوئی پکڑ کے کان مروڑتا ہے
کوئی کاٹتا گھونسے لات مار، پر دھیان نہ سنچر توڑتا ہے
مگدر اور لات پرہار کریں کوئی مارے ورکش اٹھا کرکے
کچھ اسر نے اس کے ہوتا ہے، کپی ہارے زور لگا کرکے
موٹے توڑے کوئی ہاتھ پیر کوئی انگلی توڑنا چاہتا ہے
کنکر، پتھر کپی گیر رہے وہ خاطر میں نہ لاتا ہے
سب مار مار کر ہار گئے، پر آنچ نہ اُس کے آئی ہے
سرا بور لہو سے ہوا اُسُر، پر آنکھ نہ کھلنے پائی ہے
دوہا کپی شُت انگد، پون شُت، جام ونت بلبیر
نخ نکھ سے کہہ رہے دھنیہ دھنیہ رن دھیر

ہے دھنیہ دھنیہ بل وکرم کو، اور اس طاقت بل بھاری کو
جرأت اول اس دھرڈتا کو۔ بلوان تیری بلوانی کو
جو تجھ پر وار کئے ہم نے، یدی پربت پر بھی ہو جاتے
تو سچ ہے وہ پربت سارے بن کر ریتا ڈھے جاتے
دوہا اتنی کہہ کر ایک دم، لیپٹا گئے سب کپیش
مشتک، چرن، پرہار سے، دیا بدن سب پیس

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

گرگرودھ بانروں پر دکھایا، کر میں ترشول اُٹھا کر کے
بانر بھالو تو بھاگ چلے، لچھمن پر پہونچا جا کر کے
گرکر ودھ اُسر نے لے ترشول لچھمن جی پر پرہار کیا
گرجا بانر جا اور للکارا، آئی کرودھ میں بھر کر وار کیا

دوہا بھڑے سمگ کاڑی آن کر انگد اور ہنومان!
ماری جب ترشول پر پوڑے دھرن نوجوان

ترشول دوسرا لے ار ی پے، شری لچھمن لال پر وار کیا
لچھمن نے بان سے کاٹ بھی دشمن کا وار بے کار کیا
تب اُٹھے ویر انگد ہنومت، اس اسُر پر وار چلاتے ہیں
تروور اُکھاڑ گری اُٹھا اُٹھا، بھالو کپی اسُر پہ ڈھاتے ہیں
ہو گئی پست سب کی ہمت گمن ناد نے قدم ہٹاتا ہے
اتی کر گھمنڈ، پرچنڈ وار، کر گرج گرج گھبراتا ہے

دوہا لکھ کر انت آتے ہوئے لچھمن چلائے تیر
چھپا لچھمن کا وار لکھ، اسُر ترا رن دھیر
شور کریں بھالو کپی، سنئے اشیر بلوان
نبھ میں جا اور شیہ ہو گرجا میگھ سمان

بانر گن سب گھبرانے لگے، بانوں کی جھڑی لگائی ہے
پھروں کی ورشا ہوتا ہے، اُس نے اگنی برسائی ہے
پرتھوی سے جل بے تھاہ اُمڈ آیا تو بانر ڈرتے ہیں
آنکھوں میں اندھیرا چھایا ہے بس ترا ہی ترا ہی کرتے ہیں

دوہا بار بھالو ایک دم تنگ ہوئے اَدھیر
ترا ہی رام رکشا کرو، ہوا شدھ رگھو بیر
کیٹ مٹایا لچھمن نے، اُنا بان چلائے
دیکھ پڑا شترو بھی، ہرشت کپی سمودائے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا ہلا کرتے ایک سنگ، بجا لو کپی بلوان
کپیوں کے پرہار سے ہوئے اسُر حیران

گھن ناد وِکٹ سنگرام کرے، نانا ودھی رُوپ کھاتا ہے
وہ کبھی دِکھتا ہے، اور کبھی لوپ ہو جاتا ہے
مایا کو دیکھ دیکھ اس کی، بانر بھالو بھے کھاتے ہیں
تب کھِن شراسن دھار وہاں آگئے لچھمن جی آتے ہیں

دوہا پرکٹ ہوا گھن ناد تب، رہا دُروچن بول
آج کروں سنگرام وہ جائے دھرا بھی ڈول

شکتی کو یاد تو کر لچھمن اور دیکھ میری تلوار کو تو
سرکاٹ گئے تیرا لشکر بیٹوں نے لوٹ ہے میرے وار کو تو
اس دن کی طرح نہ بچ چلے۔ ایسا زہریلا وار کروں
نہیں اب کے پران بچیں تیرے وکرال وار اُبار کروں

دوہا لچھمن لال کہنے لگے، رے شٹھ ہوش سنبھال
اب تو نہیں بچ پائے گا آیا تیرا کال

اپنے شٹھ زور بتا کون سی، اب تجھ کو جھینٹ چڑھا دوں گا
تو جس غرور میں چور ہوا وہ دھول میں آج ملا دوں گا
لے دیکھ وار ہوتا میرا، کوئی دم کا تو مہمان ہے تو
دھڑ سر یہاں لنک میں بھجا جائے کس منڈ میں غلطان ہے تو
یہ کہہ کر بھڑنے لگے ویر دوڑ، دونوں نے اگنت وار کئے
راون ست نے آگے بڑھ کر، بہو بھانتی دِکٹ پرہار کئے
سمرن کر پھر رگھورائی کا، اتی تیر وبان تنک کر مارا
مستک گھن نادے یودھا کا، بس کاٹ ہی اوپر ڈارا

دوہا لگا انگ میں جائے کر، کرا دوسرا وار
داہنی بھجا کو لے اُڑ بان وہ اُڑتی بار

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

چھاتی میں اُس اسُر کی، مار دیا ایک تیر
رام لکھن کا نام لے، اُس نے تجا شریر
مرتے دم گھن نادنے، کپٹ کر دیا دور
دھنیہ دھنیہ جننی تیری بولتے ہنومنت شور

پھر لاش اُٹھا بجرنگی نے، لنکا کے دوار پے پھنکا ئی
ادھر اُدھر گند ھرب دیوں نے آ جے جے دھونی ہو گا ئی
نبھ میں دندبھی بجاتے ہیں پشپوں کی جھڑی لگائی ہے
اُجول نرمل یش کیرتی آ، شری راگھو بند کی گائی ہے

دوہا دھائے یج دہام کو کرکے پربھو گن گان!
آئے لکھن جی اس جہاں تھے شری بھگوان

کہہ دیکھ لکھن جی کا پرسن، پربھو بولے رن کا حال کہو
گھن ناد کو لچھمن نے مارا، دھونی ہوئی پربھو کی دھن دھن ہو
آگے بڑھ کر کے لچھمن نے، مستک نایا رگھورائی کو
تب ہرش سے اُٹھ کر رگھورے ہردے سے لگایا بھائی کو

دوہا دکھلاتے شری رام کو، لائے اسُر کا سیش
کیا شری رگھوراج نے دیکھ رہے سب شیش
مین سہت گھن ناد کا، کپی پتی راکھو ماتھ
کپی پتی بولے جوڑ کر، جو آگیا رگھوناتھ
یہ کہہ کر سگر یونے، اٹھوایا وہ سیش
مین سہت رکھوا دیا، سیش وہ وشیو بیس
اس پرکارے اسُر کو، دیا لکھن مٹا ہے
نیا در سنگھ بے چین" کا بھومی کا بھار گھٹا ہے

(اتی رامائن دبھاگ ۲۰، گمبھ کرن میگھ ناد بدھ سماپت)

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اوم

انتھ رامائن بھاگ (۲۱)

سلوچنا ستی

دوہا۔ رن میں بھی رسائے کر، لشمن چلائے بان
میگھ ناتھ کی بھجا کٹے، پڑی لنک میں آن!
رکت میں تر ہو رہی بھجا، جس میں لگ رہا تیر
آنگن میں آکر گری، نبھ کی باہو کو چیر
بیٹھی جہاں سلوچنا، روپ راشی گن کھان
پتر ودھو دشش بھال کی، ناگ ستا گن وان
ہر دن سنگھ آسن اوپر، وہ ابلا شوبھا پاتی تھیں
ناریاں جو نشچر گھروں کی تھیں، سب اس کا حکم بجاتی تھیں
پتی دیو کی بھجا آنگن میں، آکر گری دھما کے سے
داؤں سکھ تر دور کاٹنے کو، تلوار آگری صفا کے سے
داسیوں نے دیکھا رکتی، آنگن میں بھجا جو آئی ہے
جاکے پاس سلوچنا کے، سب حالت آج سنائی ہے
دوہا۔ وچ باندیاں کے سنے، اٹھی ناری گھبرائے
گئی بھجا جہاں آپڑی، وہاں پہنچی جائے
پاس بھجا کے جب گئی، پھر آئے دو دو نین!
پتی کی بھجا پہچان کر، ہوئی بہت بے چین
پٹ بھوشن سب ہیں وہی، جان گئی وہ نار
یہ بیشک پتی کی بھجا، کر لیا یہی بچار

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

پربھاؤ جانتی تھی پتی کا، سب تیج پرتاپ جانتی تھی
وشواس نہ ہوتا تھا اس کو، پتی کا نہیں مرنا مانتی تھی
بھوجن ان نیند ناری جو کی، بس بارہ برش بتا رتا ہے
تو ایسے تیاگی بے راگی کو، رن میں کوئی نہیں مارتا ہے
جو پتی ورتا میں ناری ہوں، سچّا سنتیو جو سارا ہے
تو لکھ کے بھجا بتا مجھ کو، ہم اتی کو کس نے مارا ہے

دوہا۔ پھڑک اٹھا ہاتھ تب، سنت ستی کے وین!
مُڈیں انگلیاں پھیل گئیں، دیکھ رہے سب نین!

باندی دوڑی کھڑیاں آئی، ستی کا سنکیت جو پایا ہے!
اس کٹی بھجا نے لکشمن کا، سب رن کو شش سمجھایا ہے!
جو نیند ناری بھوجا دی نہیں، کروڑ ورش تک گرہن کرے!
تو بھی نہیں لکشمن کو پہنچے، چاہے نانا ودھی کشٹ بھرے
نہیں نگم اگم جن کے گن کو، کوئی کوٹی کلپ کہہ پائے گا
پھر ناش وان ہے ہم شریر، گن کیسے برنا جائے گا
ہر گیا میرا آدھا دل میں، سکھ دھام جہاں پر راج رہے
وشواس دلانے کٹی بھجا، آئی آنگن اندر آج رہے

دوہا۔ اس پرکار جب لکھ دیا، بھجا نے کل ورتانت
سلوچنا پڑھ کر بھلا، ہوتی کیسے شانت!
بہو پرکار سنتاں سہی، ناری بھئی بے چین!
رون لگی سب سکھن سنگ، بھر بھر اپنے نین!

گن شیل پرتاپ بجھ بلوں کا، کر کر بکھان روے ناری
وہ بھجا ہو گئی کھنڈ کھنڈ، جن کو جانے دنیا ساری
کر ناتھ کنارا تم مجھ سے، سُرتر ہے ناتھ سدھارے تم
بن درشن تمہارے جگ سونا، میرے تھے ناتھ سہارے تم

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا۔ منی گن بھوشن تیاگ کر، دھرن پڑی مرجھائے
غم میں غوطے کھا رہی، دیا تھا کہی نہ جائے

مندر بھر پور تھے منی گنی سے، تھی کمی نہیں بھنڈارے ہیں
نہیں اندر بھون جن کے سمان، وہ سُکھ تھا محل منارے ہیں
یہ سُکھ کا سادھن بھی اس کو، نہیں اس کے من کو بھایا ہے
انوراگ پتی کے چرنوں میں اس ستی کے سچّا لایا ہے
ہیرے موتی منی پٹ بھوشن، کر دان سدا سُکھ پاتی ہے
پالکی، سواری، گج گھوڑے، ہنس ہنس کر خوب لٹاتی ہے

دوہا۔ آگیا پاتے ہی پالکی، کہار کریں تیّار
لے کر بھجا کو ساتھ میں، اس میں بیٹھی نار
باجے بجاتے شوک کے، ہوا رنگ بدرنگ
پرواسی مل کر چلے، تبھی ستی کے سنگ

سب ساتھ میں جاتے پرواسی، روتے تھے اور چلاتے تھے
کُل کے اجیارے پیارے تو، کت گیا یوں شور مچاتے تھے
اور کہتے دیو منشیے سارے، بس دہشت تجھ سے کھاتے تھے
اور اندر وروُن کو بیر پون، سب آ کر حکم بجاتے تھے
جتنے راجا سنسار میں تھے، سب تجھ سے دہشت کھاتے تھے
اور تیری آگیہ کو بیشک، یہ سچی آگیہ مانتے تھے

دوہا۔ تھا جگ میں مشہور تو، میگھ ناتھ بل ویر
جگ میں دوسرے سورما، ہوا نہیں رندھیر

دشکندھر کے دوار کے، گئی پالکی پاس
بھیڑ نشچروں کی لگی، تھے سب بہت اداس
آواز شوک کے باجوں کی، دشکندھر نے سن پائی ہے
بولا کوئی جا لاؤ پتہ، شتشو سینا چڑھ آئی ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

ہوشیار رہو اے بلوانو! مت گھبراؤ حیران نہ ہو
شستر استر کو تیار رہو، ہوشیاری میں نقصان نہ ہو

دوہا۔ گرج طرح ہوشیار ہو، للکارے بلوان
دھنش بان لے ہاتھ میں، سوت رہے کرپان!

سُن، او دھو دیکھی جبھی، تب وہ پہنچا پاس
نِشچر سکل پرنام کریں، دکشک ہوا اداس

ہے دھنیے تجھے اے ناگ شُتا! تو ستی شرومنی ناری ہے
ترلوک میں تجھ سی پتی ورتا، نہیں دوجا اور ہماری ہے
گر میان میں سب نے شستر لئے، دیوی کو شیش جھکاتے ہیں
پھر دوارپال دش کندھر پر، یہ سماچار پہنچاتے ہیں!
ہے نشچر پتی مہاراج سنو، پتی ورتا یہاں پدھاری ہے
تم دشمن جان کے بھیجے کھاتے، وہ ستی کی آئی سواری ہے
حاضر اس کو سرکار کریں، یدی آگیہ سرکاری پائیں
جو حکم ملے ہم کو سوامی، یہ سیوک اسے بجا لائیں

دوہا۔ دوارپال کی بات سن، کہن لگا دشبھال
جاؤ اس کو باادب، لے آؤ فی الحال
جا کر کے دربان وہ، ڈولا لایا سجائے
ماتھ نوا شنکچا سے کر، بولی وچن سنائے

افسوس آپ کے ہوتے ہوئے، دیکھو یہ حال ہمارا ہے
دُکھ کا پہاڑ ہے ٹوٹ پڑا، کچھ سوجھے بے وستارا ہے
آکاش سے اڑ سوامی کی بھجا، جب آنگن میں میرے آئی
اور رُدھی تر میں لال ورن، میں دیکھ کے اس کو گھبرائی
سندیہ مجھے ہو گیا بہت، تب ہاتھ میں کھڑیا پکڑائی
اس نے شری رام سنگھ ہما، لکھ کر کے ساری بتلائی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

شری رام چندر کی گن گاتھا، پڑھ کرکے سن سکو چاتی ہوں
وے اجر امر ہیں اور ناشی، کوئی ان سمان نہیں پاتی ہوں
آئی ہے بھاگ سے آنگن میں، دھرتی دن بھومی میں بتلایا
ہر رام چرن میں پہنچ گیا، یہ بھیجا نہ لکھ کر درشایا
آگیہ دیجے پنج سوامی کا، ہر لینے وہاں پہ جاتی ہوں
سوامی کے انگ کے ساتھ جلوں، میں ستی ہی ہونا چاہتی ہوں
ہر مجھے سوامی کا مل جائے، ایسی کوئی تدبیر کرو
ہیں آپ گیانی دھیانی پنڈت، کر کرپا، میری پیر ہرو

دوہا۔ پتر وو ھو کی بات سن، گھبرائے دش ماتھ
جیون کا تج سوچ سب، کہا اٹھا کر ہاتھ
بیٹی تو کس واسطے، ہوتی ہے حیران
ترلوکی میں کون ہے، تو کہہ میرے سمان

کچھ دیر دھیر دھرمان کہا، میں سینا سجائے لیتا ہوں
دھن ناد کمبھ کرن دونوں کا، بدلا میں چکائے لیتا ہوں
جو دشمن ہم دھن ناد کا ہے، میں اسے مٹائے دیتا ہوں
اور راما دل کو رام سہت، میں مار گرائے دیتا ہوں
انگد سگریو و ہنومان، اس جام ونت بیچارے کو
دھو ماکش مہند ودو ودآدی، مارو راما دل سارے کو
نل نیل آدی وانر بھالو، میں سب کو مار مٹا دوں گا
آنے جانے کی دیری ہے، سر تیرے پتی کا لادوں گا
دھن ناد کمبھ کرن بھائی پر، اب تک تو بھروسہ کرتا تھا
ہوشیار نہ دیکھے کوان کا، دم ان دونوں کا بھرتا تھا
سو دونوں لڑکوں کے ہاتھوں، وہ لڑ کر سورگ سدھائے ہیں
پھر بھی مرتے مرتے ان نے، ان بھالو وانر مارے ہیں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا۔ پُتر ودھو تو مان لے، کہن میری اس آن
ہیں یودھا راون سبھٹ، مجھے نہ یوں ہی جان
سن کر اتنی بات کو، استری ہوئی بے چین
شوک ہیں اتی ویا کل ہوئی بھر لائی دو نین!
تم جانتے ہو ان کے بل کو، بولی کیوں پھر بھی لڑتے ہو!
ان کے پر بھاؤ کو جان کے بھی، پھر ناحق ان سے اُڑتے ہو
چھوٹے سے کپی ہنومان کی کیوں، اب تم نے یاد بھلا دی ہے
وہ لانگھ کے ساگر کو آیا، آ کر کے لنک جلا دی ہے
سوچو تو سہی جن کپھ کرن، اتی ویر کو مار گرایا ہے
اور اندر جیت ساہتی میرا، پرتھوی ہیں مار سلایا ہے
دوہا۔ انہیں جیت نے کی بھلا من ہیں ٹھانی ٹھان
ناحق ہیں کیوں بن رہے، دانا سے نادان
پاتک ہے اتر دینے ہیں، کرتو دے پیچھے سے گر جاتا ہے
اپنے پریتم کے سوا مجھے، سنسار یہ سکل ویرانا ہے
ہیں رانا دل کو جاتی ہوں، دنتی بس یہی سناتی ہوں
نہیں میرے اور کے کچھ مطلب، سر اپنے پتی کا لاتی ہوں
دوہا۔ اتنا کہہ کر کے ستی گئی، ساس کے پاس
چرن پکڑ کہن لگی، ہو کر بہت اداس
جو لکھا بھجانے حال سکل، رو رو کر سب دستار کہا
رگھو راج لشن کا گن سارا، رو رو کر کئی کئی بار کہا
پھر کرودھ ہیں راون نے جو کہا، وہ سارا حال سُنایا ہے
ہے ٹھگی میرے پہ سمجھایا، راون نے یہ سمجھایا ہے
دوہا۔ مندودری یہ بات سن، ہو گئی بہت ادھیر
ہائے بڑھاپے میں گئی، پھوٹ میری تقدیر

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

میں دھنیے ہو گئی تھی بیٹی، سُت اندرجیت سا پا کر کے
وہ چندر سوریہ سا تیجسوی، تھا نام کا بِج بڑھا کر کے
کردئی اُجاگر کوکھ میری، اور گھان دان پرکاش کیا
تعریف کروں کیا پنچ منہ سے، سنسار نے بھی وشواس کیا

دوہا - اندرجیت سا پُتر پا، پایا تھا آنند!!
رو رو کر گُن کر رہی، نینن ہو گئے بند!!
بیٹے کے غم میں ہوئی، میں تو بہت ادھیر
ہو اب تیرے واسطے، ہے یہی تدبیر

جو کچھ نادر نے سمجھایا، تو چتر سیانی پائی ہے
انو بھو کرنے سے گیات ہوا، بس بات وہ آگے آئی ہے
جو جھو کیگا دشکندھر جس دم، نارد جی نہ یہ بتلایا!!
نیتی نہ کبھی بتلاوے گا، منی نے یہ مجھ کو سمجھایا!!
جب جان کی مُکت ہوں سنکٹ سے، کپی بھالو لوٹ مچاوینگے
بے بس جو دیوتا قید میں ہے، وہ سب ہی مکت ہو جاوینگے
کریں بھوگ کہی گن وسترادی، بھوشن وہاں چڑھ دھاوینگے
نشچر دَل کا سنہار ہووے، اور راجیہ وبھیشن پاوینگے

دوہا - ندھڑک جا بیٹی میری، راما دل کی اور!!
مانگ پتی کا شیش لا، لگا پربھو سے ڈور

وہاں اسور وبھیشن ہے تیرا، اور دھرم سمجھا بھگوان کی ہے
انگد بالی سُت پُتر میرا، مانند وہ بھی سنتان کی ہے
رگھو نندن ایک ناری دھاری، اور پکے وہ ورت دھاری ہیں
ورتانت پڑھا ہے لکشمن کا، وہ یتی ستی برہمچاری ہیں

دوہا - کپی پتی دِدِ وید میند سب، جام ونت بلوان!!
یہ ہیں شری رگھو راج کے، سکھا د خاص دوان

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

پہ آگیہ رام کی مانتے ہیں، ہم سمجھے یہ درت ہنومت نے دھارا
بھگونت سے سنتاپ ہیں ہوا اِتن تیج کا پربھو جی نے دھارا

دوہا۔ بدھ سے ہو کر جا ستی، راکھیں گے پربھو لاج!
پتی سے جا کر پن ملے، ور میں وہی آج!!!

مندودری کی بہت کربائی، اِس سلوچنا کو بھائی ہے
تشچے رَاما دل میں جاؤں، بس من میں یہ ٹھہرائی ہے
پُنی پنی جھک پرنام کیا، سا سوسے آگیہ پائی ہے
ہے بیٹی تیرا بڑھے ستیہ، آشیش یہ ساس سے پائی ہے

دوہا۔ محلوں کی سکھیاں سبھی، کرنے لگیں ولاپ
دوار سے پر آ لی چلی، ستی ناری چپ چاپ
آشا پر بھو کے درش کی، پتی چرن انوراگ
ڈولے میں اسوار ہو، چلی ستی گرہ تیاگ

منجدار سے آئی کنارے پر، جب وانر کٹک نہارا ہے
راما دل گری سُمیر سم ہے، مانو کپی کا دل ابرا ہے!!!
دھوم دھوسر کوئی ہرے ہرے، کوئی پیلے رنگ رنگیلے تھے
تھے انیک ورن کے دو دو سچھ، متوالے چھیل چھبیلے تھے

دوہا۔ ستی سلوچنا ڈر گئی، دیکھ کٹک کا رنگ
کر کے سوچ وچار اب، بولے کپی اک سنگ

لگ نے ڈولا آتا ہے، وانر گن آپس میں کہتے
راون میں گیان سنچار ہوا، آپس میں کہتے خوش ہوتے
اس بیگھ ناد کا مرجانا، کچھ رنگ اونچے ہی لایا ہے
بس جھگڑا سارا ختم ہوا۔ سیتا کا ڈولا آیا ہے
اُت سُلوچنا سن کچاتی ہوئی، بس راما دل میں آئی ہے
جب پرائے گھر میں ان جانے، کوئی آنے میں شرمائی ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا آگے بڑھ کر جب گئے - لکھن اور رگھو ویر

روپ راشی گن دھام دو سندر شیام شریر

کر جوڑ کے سیوک کھڑے ہوئے انگد اور یون کمار وہاں
نل نیل رشبھ اور جام ونت یو دھا تھے بے شمار وہاں
جو مہا وکٹ بل دہاری تھے وہ سو بھٹ ہاں کھلاتے ہیں
شری لکھن وبھیشن کے سمیت پربھو رام جی شوبھا پاتے ہیں

دوہا راج رہے اُس سبھا میں، رگھو رائی سکھ دین

درشن پا کر پربھو کے پایا آتی سکھ چین

سناپ کو ٹاپ کر پرتھوی پر جھک ہی پنی ہرش پرنام کیا
لکھ بھگت وبھیشن نے پربھو سے، ورنن سب حال تمام کیا
ہے دین بندھو یہ بپتی ورتا، گگن ناد کی ناری آئی ہے
ستونتی، گنی، سوشیلا ہے راجا پاتِبک کی جائی ہے
بے خوف چلی آئی ہے یہ، بھے کا کچھ اور میں نام نہیں
سن کر مہیما اسواری کی، سمجھ ہونا رلنے کا کام نہیں

دوہا پربھو آپ کے دیر میں ہوئی ہے حیران

پورن اچھا کیجیے، دیا سندھو بھگوان

دیکھ سبنا کو ہوا، اُدہر یہ سب کو خیال

بھابی کی گود میں، کھلے تھے سر کے بال

شرماتے چندر سوریہ بھی یہ، ایسی سندرتا پائی تھی
وہ چال ڈھال متوالی تھی، طبیعت سب کی دہلائی تھی
ہے مہا شوک سندر بالا، پھر اُدھڑے سبھا میں آئی ہے
ہی جھکا جو ندھ سب یودھا گن، گیا ودھی نے دی بنائی ہے
ہر دے بھر آیا رگھو ور کا، لچھمن کا ہردے بھی ڈول اُٹھا
سگریو، جام ونت، انگد کا سب ہی کا سینا کھول اُٹھا

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا ہاتھ جوڑ کہا ستی نے ہے پربھو دیا کے دھام
وِنے سنو، رگھوبنش منی جگ پتی ہے شری رام

جے اُسُر نکندن دُکھ بھنجن جے سیتا پتی شری رام ہرے
جے دلن ملن دھنو ور دھاری دشرتھ کے سُت رگھبیر ہرے
جے روپ راسی جے سوئم پرکاش جے لیلا دھر رنش کام ہرے
جے بھو بھے بھنجن، سر رنجن، جے سیتا پتی شری رام ہرے

دوہا کرونا سے بھرے سن وچن کرونا ندھی رگھوناتھ
گدگد ہو کہتے بھے، کہہ اُٹھا کر ہاتھ

سر تیرے پتی کا ابھی منگا، ہے پتی ورتا دیتا ہوں میں
اور تیری پتی کو جیوت کر، لو کا تیری کھیتا ہوں میں
نربھے سو کوٹی کلپ تک ہے لنکا میں موج اڑاؤ تم
ہو پرسن چلی جاؤ گھر کو، مت شوک ہردے میں لاؤ تم

دوہا اس پرکار جب کہہ رہے تھے شری سکھ کر رام
آلی دیاس تھا تبھی بن باتر نک تمام

آپس میں ایاسے ایک کہیں، کیا ہونا تھا کیا ہوتا ہے
جالے کیا رچا ودھاتا نے، پائے جو جیا ہوتا ہے
شری رام چندر جی دیا دھام لکھن نادکو اگر جوا دینگے
تو پھر کہو دین بندھو، پر تھوی کا کشٹ مٹائیں گے

دوہا بول اُٹھے، کہی جوڑ کر، دیا سندھو رگھو ویر
ستی دیکھ شری رام کو، کہی بات گم بھیر

تم دینا ناتھ کہاتے ہو، دینوں کا دُکھ مٹاتے ہو!
جو شرن آئے دُکھ دوندمیٹا، چرنوں کا داس بنلاتے ہو
میں مور کھ ابلا ناری ہوں، اُپکار آپ کا مانتی ہوں
اس جینے سے تو کر پانا تھ، میں مرنا اچھا جانتی ہوں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

سب لوگ بجاؤں سے جیتے، لبس میں کر بل سو پائے ہیں
سب بھوگ سرد سو جس نے سر پتی کے مان گنگائے ہیں
تیر تھ رن روپی میں ہم نے یا جاپ کو جان کر دان دیا
دھنی جو تھا پران پتی روپی بھگوان دے لچھمن کا سمان کیا
اب دیا دان لوں کیسے پھر، دے کر پتی کو ستکار کیا
پھر درشن آپ کے پلٹے پر بھو، اس لا تھ سے بچ ادّھار کیا
ست کا رنگ مجھ پر چڑھا نا تھ، اب کیا اور رنگ لگاؤں گی
رنج ہو گی سمادھی کی بھا ئیتی، پتی سنگ ستی ہو جاؤں گی
دوہا حکّ کے جگد ادہار تم، جئے کی جان ہار
پار کرو لو کا مہیری، پھنسی ہوئی منجدھار
چھتر ستی کی سینتہ، لکھ مسکائے رام
ہوئے مستک دوں منگا، تج دے شوک تمام
آگیا دی سکھ دھام نے، لاؤ جا کر ماتھ
جا کر لے آئے کپی، ایک بول کے ساتھ
کرتارتھ سمجھ لیا اپنے کو، جب سیش پتی کا پایا ہے
پتی کے ویوگ میں ابلا کو، سنتاپ اُدگر آیا ہے
نم پران کی سنجیون موری، بولی یوں کہہ کر ٹکرائی
مستک کی دُھور، آنچل سے پونچھی اس ستی کی چھاتی بھر آئی
دوہا کہن لگے سگر یو تب، سُنو شری سکھ دھام
کہا سُن بیانے لکھا۔ بھجا نے حال تمام
کہنے کا ستی سُن بیا کے، کچھ ہم کو یقیں نہ آتا ہے
بن جیو اور بن گریوا کے جڑ نا بھی کہیں کچھ کر پاتا ہے
ہنس پڑے سیش اس سبھا مدھیہ تب یقین ہم کو آئے گا
انیہ تھا تو نشچر ما یا کو، نس جھوٹا مانا جائے گا!

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا بولے شری رگھوبنش منی، ورتھ ہے واد وواد
نہہ سندیہ ہنس پڑے گا، سیش یہ رکھو یاد
ستی سلوچنا نے کہا، سنو ناتھ کے سیش
سیتہ نہ مانیں کپی پتی، رکھو لاج جگدیش

ہے ناتھ کے سیش اس دم نہیں کیس یہ ہنسی اڑائیں گے
جو ہال بجانے نکھا محل، سب جھوٹے مانیں جائیں گے
تھا آج بہت سنگرام ہوا، ہو تھکے ہوئے سکوچاتے ہو
لچھمن کے سنمکھ ناتھ کے سر، کیا ہنسنے میں شرماتے ہو
جو بان تمہارے تن میں لگے وہ تمہیں پیڑ ہو نچاتے ہیں
کیا رام سبھا میں آپ میری بس ہنسی کرانا چاہتے ہیں
کسی غیر پُرش سے سُپن میں بھی یدی نہیں میرا انوراگ رہا
من وچن کرم سے من میرا، یدی پتی چرنوں میں لگا رہا

دوہا گو سوامی کے سیش تم، ہنس کر دیو دکھلائے
کپی سماج کو تب میرا، پتی یقیں آجائے

سُن واکیہ ستی کے ہنسا سیش، ہنس پڑا یوں شور مچایا ہے
بانر دل سارا چکت ہوا، سب ہی کو اچنبھا آیا ہے
وہ وکلش سمان جو شبد ہوا سنکر سب کپی گھبرائے ہیں
سب چکت ہوئے بھونچکے سے مایا یہ لکھ چکرائے ہیں

دوہا پتی ورتا نے سبھی کو، نیچا دیا دکھلائے
کہا تبھی سگریو نے سُنو شری رگھورائے

کبھی کارن کسی پر ماتھ ہنسا، کچھ من کا بھرم مٹا دیجے
اپنے چھوٹے سیوک کو، مایا کا بھید بتا دیجے
سن کر بولے یوں رگھورائی کارن یہ ہے سگریو سنو
ستی دھرم پتی کی سیوا ہے یہ ستیہ بات بل سیو سنو

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

جو ستی رہے ست پر اپنے اور پتی کی آگیا کاری ہو!
ہے پتی ورتا یہ نا گُنتا، ہم کتھا کہیں جو ساری ہو
دوہا کرشن بینا نے ونے، کری پن پن پرنام
آج نہ یدھ کرنا پربھو، میرے ہت شری رام
پھر کہا وبھیشن سے سرنا تم پتا، پتا ہی دھرم کے ہو
ہے لاج تمہیں سے اس کل کی، تم مرہم میرے مرم کے ہو
منی پل سینہ کے کل کو، تم نے دیپک سمان چمکایا ہے
شرناگت رگھوور کی لے کر، یہ پایا سویش سوایا ہے
دوہا سنہ شنک کرو راج تم، لنکا بن مہاراج!
یش کیرتی سکرتی بڑھے سدا رہے سکھ ساج
من بھرا وبھیشن کا ایک دم، جب بات ستی کی بھر آئی
اندر ہی اندر دُکھ پایا، ظاہر نہ کچھ بولے بھائی
پھر آئے باہر سینے سے، اور من ہی من دکھ پاتے ہیں
بھائی کا بچھڑنا یاد آیا، گھبرائے ہیں اکولاتے ہیں
بس اتنا کہا وبھیشن نے، یہ کال کرم گتی کہلاتی
آگیا سلوچنا نے مانگی، کہا پتا میں اب آگیا چاہتی
چڑھ گئی پالکی میں وہ ستی، پتی کا سر سیش چڑھایا ہے
سمرن کرکے رگھورائی کا، چلنے سے دھیان لگایا ہے
دوہا بھیج سشر پہ دوت کو، سمجھایا بہو وار
ہون ستی جانی ستی، سارا سوچ بسار
جب ستی ساگر سنگ متھا، یہ اُسی جگہ پر آئی ہے
وہ مندودری بھی آپہونچی، راون سے آگیا پائی ہے
چندن و اگر و گھرت لائے آگیا سیوک با گردہائے
رچ دی چتا ساگر تٹ پر نرناری دیکھنے کو آئے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اُس پتی ورتا ست وکتا کی، کرنے میں بڑائی کی ہے
مانو ہے سُرگ کی سیڑھی لگی وہ سندر چتا بنائی ہے

دوہا پتی چرن چت لائے کر، سب کو کرنا پرنام
سیش ہجار رکھ گود میں، سمرے سیتا رام
سکھی سہیلی رو رہیں، ہائے ہائے ڈکرائے
سلوچنا سمجھا رہی، سب کو دھیر بندھائے
کہا مندودری سے ہتھی، اٹھ لو اک ساتھ
اگنی چتا میں دو لگا، دیر کرو مت مات

راون راجا پر دوت لے جا، کر جوڑ عرض یہ گذاری ہے
مہاراج پتر بدھ ہو چکا ہے جانے کی دیر تمہاری ہے
یہ سنکر کہا یوں منتری نے، مہاراج وہاں جانا بہتر ہے
جوکہ دستور جگت کا ہے وہ اُسے نبھانا بہتر ہے

دوہا بات یہ منتری کی سنت بھبک اٹھا دس ماتھ
کہا منتری سے کڑک کر ہو کر دو ہت اکساتھ

ہے کون باپ بیٹا کس کا، سب جیتے جی کا ناطہ ہے
پھر اور کہا تو کہنا کیا ہے نہیں پتر بھی سنگ جاتا ہے
کیا لڑکا رکھا ہے وہاں پر، جو اُس کو جا کے جلاؤں میں
کیا مطلب حاصل ہوتا ہے کیوں جا کر مونڈ منڈاؤں میں
یہ ہی پوچھتے ہو منتری مجھ سے میں کس کا کون ہمارا ہے
وہ میرا نہ تھا، میں اُس کا نہیں یہ جھوٹا ڈھونگ پسارا ہے
یہ ہی تھا کوئی تو مجھے بتا کیا کیا تمہیدی نہارا ہے
کوئی پتر بنے کوئی پتا بنے، کوئی بھائی بہن کا پیارا ہے
سب اپنے سکھ کو روتے ہیں کوئی نہ کسی کو روتا ہے
دنیا میں کسی کا کوئی نہیں جو ہونا ہے سو ہوتا ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

کہو کیسے اسے جلا دوں میں، تن جیو کا گھر کہلاتا ہے
ناحق کیوں لیوں برائی میں جو آتا ہے ہو جاتا ہے

دوہا لوٹ کے منتری نے کہا، عرض سنو مہاراج
اتنا رہتے گیان پھر کیوں ابھیمان ہے آج

تم گیان کی باتیں کرتے ہو، اگیانی دکھائی دیتے ہو
ابھیمان میں ایسے ڈوبے ہو، تاوان دکھائی دیتے ہو
بیٹا تھا تمہارا میگھ ناد، وہ سارے کام بناتا تھا
آگیا کا پالن کرتا تھا، گرو ہو کشٹ اٹھاتا تھا
یدی گیان تمہارے اور میں ہے تو ساتھ چلو مت پرگرو
معلوم وہاں سب ہو جائے مت کھوئی بات ہر بر گرد

دوہا لے منتری کو ساتھ میں راون چلا سدھار
دیکھا چتا رو دیا تبھی، درگ سے آنسو ڈار

اے پتر میرے جیون نیا، یدی تیرے ہوتے مرجاتا میں
لو نج ہاتھ سے دیتا جو جل، تو نربھے مکتی پاتا میں
میں نہیں مرا، اے پتر میرے مجھ سے پہلے تو جاتا ہے
بیٹے کو باپ روئے، یہ داروں دکھ ستاتا ہے

دوہا کشٹ ودھاتا نے دیا کروں جاب کیا ہائے
دہی پتا منحوس ہے، پوت جس کا مر جائے

دے پتا نہ جا گیہ ہو وسے جس کا جوان سُت مرجاتا
ہے شوک مہا اس دنیا سے یہ دکھ نہ اب دیکھا جاتا
لڑکے کا دکھ ایسا دکھ ہے جو ستان دکھ کہلاتا تھا
جو پتر دیو لوگ سے روتا تھا، راون اس کو دھمکاتا تھا
ہائے رے کشٹ ہائے رے دکھ ہا رنج و غم دکھدائی ہو
کم ہوتا نہیں سنکٹ ہائے، سر پہ میرے کڑا ہائی ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

لے اگنی ہاتھ راون نے کہا۔ کہاں پتر نظر نہیں ہے آتا!
جو میرا پتر کہاتا ہے، اُس چتا میں آگ میں ہوں لگاتا
یہ میرے پاپوں کا ہی پھل جو پتر کی کریا کرتا ہوں
دیکھو، دیکھو دنیا والو، میں کیا دارُن دکھ بھرتا ہوں
لگتے ہی اگنی کے جوالا بڑھی اور لپیٹ گگن میں جانے لگی
سرلوچنا کو سلوچنا جان گئی بس نے سے لو ہو جانے لگی
راون نے کہا ست کہاں چلا، رانی نے کہا لال میرا
پردا یسن سنگ رو رو کہتی ہے ناز کا پالا میرا

دوہا جوالا کی اس لپیٹ میں ایک دیا ن دکھ جائے
سررانی نبھ میں بیٹھی رہی تھی منگل گائے

کی لیشپ ورشٹی دیوں نے کی تھی اندر دیویاں تار ہی جاتی تھیں
بہو بھانت دیو پوجن کرتے، دیویاں ہار پہنا تی تھیں
ہو گیا لوپ دھیرے دھیرے، نبھ میں وِمان ادرشیہ ہوا
استاپیں ہو گئے یا نو اٹل، سُر لوک میں آتی ہی ہرش ہوا
ایک نیتی پرائن کے ست سے کُشٹر بھی سورگ کو ڈھایا ہے
وہ اُتم گتی کو پراپت ہوا، پد سب سے اونچا پایا ہے

دوہا دھنیہ پتی ورت دھرم کو، دھنیہ سلوچن نار
من مورکھ بے چین کو ملا سورگ کا باس

اتی رامائن بھاگ (۲) سلوچنا ستی سماپت

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اوم

اٹھائیسواں بھاگ (۲۲)

اہی راون بدھ

دوہا ہنن کیا گھن ناد کا، شری لچھمن شکمار
لنکا کے رونے لگے بال ورِدھ نر نار

دیکھا مے تنیا نے جس دم، بھو بیٹے کی جب راکھ ہوئی
تب گھور ولاپ کیا اس نے وہ جل کر جیتا جو راکھ ہوئی
لِ دکرم کا گن گا گا کر، رو رو کر رودن مچاتی تھی
ہا ہا بیٹا ہا میگھ ناد، کہہ اندر جیت گن گاتی تھی
ہجری ورانی وداسی سب غم میں غوطے کھاتی تھیں
حیرت کا عالم چھایا تھا سب اس دُکھ سے دُکھ پاتی تھیں
جب ہار گئے ایسے یودھا تو کیا باقی رہ جائے گا
اب خیر نہیں ہے لنکا کی، نشچر نہ کوئی بچ پائے گا

دوہا محلوں میں ہوتا تھا جب کرونا کا سنچار
سنکر راون آگیا، لیے نگن تلوار

محلوں میں دیکھی راون نے، گھن گھور گھٹا گھر کر چھائی
سب ناریاں مل کر رودن کریں بیٹے کے غم میں گھبرائی
مے تنیا کی حالت بگڑی، رو رو کر آنکھ سُجائی ہے
بیٹا بیٹا چلا کر کے، اک غم میں ڈوبی جاتی ہے
ہمت کی آشا ٹوٹ گئی، راون من میں گھبرایا ہے
ابھیمان بھرا گھٹ پھوٹ گیا ٹھوکر کھا ہوش میں آیا ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

پرانی گھبراتا ہے دُکھ میں، یہ نیم چلا ہی آتا ہے!
رنج کرنی پر پچھتاتا ہے، سر دھنتا ہے دُکھ پاتا ہے

دوہا من میں تھی ایک ویدنا ہوا بہت بے بھیت
سمجھ سے کہنے لگا، باندھ دھیرج پاریت

اگیان ہو گیا نہیں تم کو پاگل ہو مت بورائی ہے
راون کے ہوتے رو رو کر، کیوں پرتھوی ادھر اٹھائی ہے
تم راون کی پٹ رانی ہو، یہ رونا نہیں سہاتا ہے
ہمت کیوں پست کرو میری یہ خیال نہ تم کو آتا ہے
رن بھومی تک یہ رونے کا، یہ شبد بدی جاتا ہوگا
ہر ایک بھالو، ہر ایک بانر، پا حوصلہ ہر شاتا ہوگا
کچھ رنج نہ مرنے کا اُس کے وہ بھی لاکھوں کو مار گیا
گھن ناد دِکھا کر بل وِکرم، سنسار سے وہ ہو پار گیا
دو چار روز میں جا کر میں بیٹے کا بدلہ چکا لوں گا
نر بانر کا شونت پی کر، تلوار کی پیاس بجھا دوں گا

دوہا کہہ کر گھن ناد نے ایسا کیا ہے کام
راما دل میں کر دیا، بھاری قتل عام

دم اُن کا ناک میں کر ڈالا، دونوں نے بہا گھمان کیا
بھالو کپیوں کے سہت، رام، لچھمن کا مٹا ابھیمان دیا
سوچا ہے ایک اُپائے میں نے، میں اسی کو کام میں لاؤں گا
کانوں سے ساری سن لینا، جو مایا میں دِکھلاؤں گا
سب کو یوں سمجھا کر راون، ایک اور جوش میں دھایا ہے
چلتا اُتر وہ سیدھا چل کر، وہ شیو کے مندر میں آیا ہے
آسن وہ جما کر بیٹھ گیا اور نشچل دھیان لگایا ہے
اکرشن منتر جیا دودھی وت اسی راون کو بلوایا ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

دوہا ماپا اگم اپار ہے، منتر شکتی بلوان
پہنچی خبر پاتال میں اہی راون پر آن

کیوں یاد کیا راون نے مجھے، اہی راون نے انومان کیا
ایسی کیا بھیڑ پڑی اس پر، جو اس نے میرا دھیان کیا
اونچا نہیں رکھتا تربھون میں، ویسا کوئی بلوان نہیں
جو اسے جیتے رن بھومی میں، سُر، اسُر ایسا انسان نہیں
اہی راون نے کامد دیوی کو سمر کے دھیان لگایا ہے
نہیں دیر ہی کری پھر ایک چھن کی، چلنے کو قدم بڑھایا ہے
اواہن کرتا جہاں راون، اس شیو مندر میں آیا ہے
آتے اہی راون کو دیکھا، راون من میں ہرشایا ہے
آسن سے اپنے اٹھ کر کے، اہی راون کو بیٹھایا ہے
کشلات پوچھ اہی راون کی گن گان اسی کا گایا ہے
بل شالی اہی راون جیسا، دوجا نہ کوئی دکھاتا ہے
بلوان تھا اور وگیانی تھا، دیوی کا بھگت کہاتا ہے
رن میں ششترو کو سنہارے، بردان یہ اس نے پایا تھا
چوری چھل چھدر سے بچے بدی، ہارے نہ یہ سمجھایا تھا

دوہا کوشل چھیم پوچھی تبھی اہی راون جس بار
راون نے کہہ بات کا بھتی دیا وستار

جب کمبھ کرن گھن ناد آدی سب کام سمر میں بلاتے ہیں
بے چین ہوا اور گھبرایا۔ تب میں نے آپ بلائے ہیں
سنیے میری بات وہ ہوئے مات کوئی ایسا یتن بتاؤ تم
دکھیاں وِدت جو شان میری ہو بھائی شان بچاؤ تم

دوہا آتی ادھیر من میں ہوا، اہی راون سن بین
کروں کوئی تدبیر کہا، ہوا بہت بے چین

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

ہے نیتی پیاری دُنیا میں، یوں راون کو سمجھایا ہے
دُکھ پائے انیتی جو کرتا ہے یہ سمجھ میں میری آیا ہے
اُودی ویکی بن کرکے راون جو تم نے راڑ بڑھائی ہے
سب سینا کی اور سب کُل کی بس ہانی اور تباہی ہے!
جن راجکماروں سے بھیا۔ ایسے یودھا ہنہارے ہیں
اُن کو سادھارن نر سمجھے، یہ کیسے بھاؤ تمہارے ہیں
نارائن ہیں وہ دونوں، اوتار دھار کر آئے ہیں
تم کو نہ اب تک گیان ہوا کچھ سوچ نہ اب تک پائے ہیں
کرنی کا پشچا تاپ کرو، یہ سمجھ میں میری آتا ہے
تج اہنکار سندھی کرلو، ابھیان بُرا کہلاتا ہے
دوہا اسی راون کی بات سن سمجھا نہیں مُورکھ بھال
سنتے ہی ایک دم ہوا، وہ غصے میں لال
مانا ان راجکماروں کے بل وکرم کا شمار نہیں
نرمول یہ خیال تمہارا ہے ہو سکتے یہ اوتار نہیں
مرجانا ہی اچھا اس سے، پر جھکا مانگنا ٹھیک نہیں!
لڑنے سے نہیں گھبراؤں میں پرانوں کی مانگوں بھیک نہیں
مانا تم ٹھیک ہی کہتے ہو، اوتار بھی اُن کو مان لیا
مکتی اُن کے ہاتھوں سے ہو، مکتی کا سادھن جان لیا
بے کیا ہے نر اور نارکا، نشچر اُن کو کھا جائیں گے
چھن بھر میں بھالو کپیوں کا، یہ نشچر مار کھپا ئیں گے
جو بنے تو کوئی اپائے کرو، مت بھائی دیر لگاؤ تم
ہے مدد یہ کرنے کا اوسر جاتی ہوئی لاج بچاؤ تم
میں بھی بل اپنا دکھلاؤں، ایسا میں گھمسان سنگرام کروں
ناچیں گی یوگنی سر بھومی کپیوں کا قتل عام کروں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

دوہا ہٹ راون کی دیکھ کر، اہی راون گیا جان
مٹی مٹے سے نہیں، ہونہار بلوان

پھر کہنا مجھ کو لازم ہے، نہیں کو بھی کہنا اچھا ہے
یہ بھیشن آگ کا بھار ہے مجھے، نہیں سیش چڑھانا اچھا ہے
پر سوامی کے ہٹ کے ہیتو، سب کچھ کرنا منظور مجھے
لے جاؤں چڑا پاتال انہیں، بن مرے تو مرنا منظور نہیں مجھے
جا کر کا مد دیوی کی، میں ان کی بھینٹ چڑھا دوں گا
نشچر کل میں اپنے لیش کا، میں چمتکار دکھلا دوں گا
اس اندھ کار سے راتری میں، پرکاش ایک چھا جائے گا
ت نشچے جان لینا من میں، اہی راون کام بنائے گا
یہ کہہ کر اہی راون اٹھا، اور راما دل کو دھایا ہے
بھائی کے کارن چور بنا، دیوی کا کیتن بھلایا ہے
ہر طرف تھی خاموشی پھیلی اور رات اندھیری چھائی تھی
نہیں ہاتھ کو ہاتھ دکھاتا تھا، اہی راون پر گڑائی تھی

دوہا رکشک سب چوکنے تھے پہرے پر ہشیار!
بھیس بدلنے کا تبھی کھل نے کیا وچار

سمجھا یوں جانا ٹھیک نہیں، بس بھیس چھپانا لازم ہے
رکشک پہرے پر گھوم رہے نہیں ایسے جانا لازم ہے
بلوان بہادر بجرنگی، راما دل کے کھے دوار پہ ہیں
ہے کھڑے ہو سجت ششتروں سے نم پران آج انہی ہار رہیں
سیکھی جو روپ بدل دیا، بس آج وہ کام میں آئے گی
دھوکا یوں ہنومان کھا دیں نہیں معلوم ہونے پائے گی
یہ سوچ اسر نے روپ چھپا، وبھیشن کا روپ بنایا ہے
للکار کہا بجرنگی نے، تو کون کہاں سے آیا ہے

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

پہچان لیا بجرنگی نے، کہ بھگت وبھیشن آئے ہیں !!!
نبے وقت لوٹنے کا کارن سچ سمجھے جو بتلائے ہیں !!!
یہ کہا اَسُر نے بجرنگی، رگھوناتھ کی آگیا پاکر کے
شیو کے مندر میں سندھیا کر، میں آیا دھیان لگا کر کے
ہو گئی دیر پوجا میں تجھے، میں آج دیر میں آیا ہوں
سوامی ناراض نہ ہو جائیں، میں اسی لئے گھبرایا ہوں
کرپا بچانا رگھوور سے، میں چھما مانگنے جاتا ہوں
ناراض اگر ہونگے پربھو جی تو کارن سب بتلاتا ہوں
دوبا جان سکے کچھ بھی نہیں بجرنگی یہ چال !
اہی راون پہونچا وہاں جہاں تھو دین دیال

وشرام جہاں پر کرتے تھے، شری لکھن اور رگھورائی
سندر پتوں کی ستیا پر، سوتے تھے وہ دونوں بھائی
آرام سے سوتے بھومی پر شوبھت تھے پرتھوی مائی پر
رگھوناتھ داہنی اور سوئیں ومنا کر رکھے بھائی پر
مانو وہ سیش کی ستیا پر، پرتیکش پربھو دکھلاتے ہیں
تھے دھنش بان دھورے رکھے جس سے شتر و بلاتے ہیں
شری شیش سہتر ائین وہاں پتوں پر شوبھا پاتے تھے
سوتے یو دہا تھے پاس پاس جو م گیارہ ز بجاتے تھے
کہیں جاگ نہ جائیں یودہاگن، اہی راون یوں گھبراتا ہے
آئی وِکٹ کوٹ میں آن پھنسا رہ رہ من کستٹ مناتا ہے
مایا وہ رچائی اہی راون بے ہوش ہوئے نہیں ہوش ہوا
مرتک سمان ہوا پاما دل، ہر ایک ویر خاموش ہوا
دوہا ہوگئے غافل ایک دم اہی راون خوش ہو کے
رام لکھن کو لے اڑا، دیکھ سکا نہ کوئے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

شری رام لکھن چوری ہو گئے۔ یہ بھید کسی نے جانا نہیں
بے ہوش ہوتے منتروں دوارا، اس کھل کو بھا پہچانا نہیں
شری رام لکھن کو چرائے کر، اہی راون جب بے کر دہایا
نبھ میں پرکاش چمکا الیا، ہانوبے سوریہ نکل آیا
راون نے نشچے جان لیا ہو گیا کام ہوا اُجیالا
چنتا سب دل کی دور ہوئی ہو گیا مگن وہ متوالا
سوچا دن نکلے جار ن ہیں، کپیوں کا کھوج مٹا دونگا
جو سامنے میرے آئے گا۔ یم پور اُس کو پہنچاؤں گا
کچھ دھیان نہ سپنے میں اُسے لیلا کیا ہونے والی ہے
انگیان ہردے کے اندھے کو، اب موت ہی کھانیوالی ہے

دوہا اہی راون متی ہین کا، کال رہا سر چھائے
جا پہونچا پاتال میں، کال کو سنگ لوائے

جب اتھ منتر کا دور ہوا، سب حیرت میں مجبور ہوئے
سب دیکھ وچتر اس گھٹنا کو، گر جے غصہ میں چور ہوئے
سے تیج پربھو جی کی خالی اور سب دکھلائی دیتے ہیں
گھٹنا یہ گھٹی وچتر سی ہے سب آپس میں یہ کہتے ہیں

گانا

ہوئے بھالو کپی سب حیران ٹیک
جمی بن چندر چکوری، تڑپت کھوت اپنے پران
نمی بھالو۔ کپی کھوجت پھرتے کہاں گئے بھگوان
ورہ اگن میں جرت ہیں، پل چھن روتے کر کر دھیان
مال مال چوروں نے ہر لیا، خالی رہی دکان
جام ونت سگرو، وبھیشن انگد اور ہنومان۔ بھالو کپی ہیں بھیے سب ار بھوتان
دو ڑکے کپی بھالو پھرتے ہیں، رگھو ور کا پتہ لگاتے ہیں
بن باغ لیکھے چھان لئے۔ پر پتہ نہ اُن کا پاتے ہیں

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

یہ راون کی چالاکی ہے، سب ایک زبان سے کہتے ہیں
چھل بل مایا سب دُشٹ کی یہ اشریہ کرتے رہتے ہیں
کنچن کا ہرن بنا کر کے، سیتا کو اُس نے بھڑکایا
یوگی کا بھیس بنا کر کے، جگ دمبا کو تھا ہر لایا
بدلا اس دُشٹ نشاچر سے اس گھات کا لے کر چھوڑیں گے
سوامی کو جہاں چھپایا ہے، سب پتا لگا کر چھوڑیں گے

دوہا   سو بھٹ جھوں دشی دوڑ کر، گرج میگھ سمان
پہنچا لنکا کوٹ تک، سنگ ناد گھمسان

اس دُرگھٹنا کے کارن کی، بھالو کپی چنتا کرتے تھے
شری رام چندر کا کھوج لگا پاتا لو، کپی سنکٹ کھٹتے تھے
پہرے والوں سے پوچھتے تھے کچھ رات کا حال بیان کرو
کوئی آتے جاتے دیکھا ہو شنکا تج کر دادر بیان کرو
ہم رہے جاگتے چار پہر کوئی آیا گیا نہارا نا!
کوئی نئی بات دیکھی ہی نہیں اور غیر کا یہاں گذارا نا
میں بھی لنکا بھر چھینہ رہا، بجرنگ بلی نے بتلایا
پرتی دن کی بھانتی رہا یہاں آئے وبھیشن پیارے تھے
البتہ آدھی رات بعد یہاں آئے وبھیشن پیارے تھے
اور گھبرائے کچھ من میں تھے رگھوناتھ کے پاس سدھارے تھے
ہیں کہیں رات کو دیکھا نہیں اچرج میں وبھیشن بتلایا
نشچے ہم روپ بنا آیا، اب سمجھ میں میری کچھ آیا!
جے تنیہ تھا میں بے ہوش نہیں اچرج کی بات سنائی ہے
عیاری ہے ای راون کی یہ بات سمجھ میں آئی ہے
بہو روپ بنانا آئے اسے یہ اس کی ہی عیاری ہے
من میرا گواہی دیتا ہے اس کی ہی یہ مکاری ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

پاتال لوک میں پائیں گے، کوئی سُورما جا کر لے آئے
اس میں کچھ بھی سندہ نہیں، بس کام بنا کر کے لائے

دوہا بات وِبھیشن کی سنی، سب نے دھیان لگائے
سب نے سن کر یوں کہا ٹھیک ہے یہی اُپائے

بھئے ویر بہت راہا دل میں، اُتساہ سبھی کو چھایا تھا
یہ کوئی کام سہج نہ تھا، یوں ہر ایک ویر گھبرایا تھا
یہ جان رہا تھا ہر کوئی، یہ کام کریں گے بجرنگی
اِن کو کوئی مشکل کام نہیں یہ کشٹ ہریں گے بجرنگی
ہو گئے موَن رندھیر سبھی، تب جامونت نے فرمایا
ہے بجرنگی چپ رہو نہ تم، یہ بھار تمہارے پر آیا
سوامی کے سنکٹ میں کوئی، یدی کام نہیں آئے سیوک
تو ہے جینا جگ میں بھر کیا، وہ جیتا مر جائے سیوک
تُم پر ہی درشٹی لگی سب کی تم ویر دھیر لاثانی ہو
اُلجھن سب تم سلجھاتے ہو، تم سمجھدار ہو گیانی ہو

دوہا پہنچ جاؤ پاتال میں، تیز پون سے چال
سوامی سیوک کے لئے کرتا رہے کمال

یہ سُنکر بجرنگی بولے، جاتا ہوں عذر نہ لاؤں گا
میرا تو دھرم یہ ہے جگ میں سوامی کا پتہ لگاؤں گا
ہمت کو مت بسراؤ تم، میں جب تک لوٹ نہیں آؤں
گھبرانا مت کچھ دشمن سے۔ پہلے میں تم کو سمجھاؤں

دوہا کہہ اتنا گرجت چلے تیزی پون سُت ویر
وِگ پون سے جا رہے ویر دھیر رندھیر

ایک وِٹپ وشال پلانگ میں کچھ دیر وہ بیٹھے کپی رائی
وہاں گدھ پرانا رہتا تھا پر یوار سہت اَتی ہرشائی

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

کھانے کو اہش کچھ لادو، وہ گرہ وتی بتلاتی تھی!
میں مانش منوشیہ کا کھاؤں گی وہ نرکو یوں سمجھاتی تھی
مر جاؤں میں ہے سوامی اگر مانش منوشیہ کا پاؤں نہیں
پچھتاؤگے تم پیچھے سے۔ جیوت بچنے پاؤں گی نہیں
شری رام لکھن کو اہی راون نے گرہ پاتال کو دیا ہی
بلی دیگا اُن کی دیوی پر، کھگ بولا سے وہ آیا ہے
وہ اَتی سُچی پریم پرسادی ہے جو آج میں جاکر لاؤں گا
وہ بڑے بھاگیہ سے ملتے ہیں جو لاکر تجھے کھلاؤں گا
یہ بات سنی بجرنگی نے، اُن کو پورن وشواس ہوا
سنکلپ کیا جلدی پہنچوں، کپی کا پورا پریاس ہوا
دوہا نربھے پہنچ پاتال میں گئے پون سُت ویر!
جانے پُر میں جب لگے سمرنے شری رگھوبیر
ایک مکردھوج ناقی بانر پہرے پر پہریدار کھڑا
رکشک تھا پُور کے دورے پر اسلئے بہت ہشیار کھڑا
للکار کہا بجرنگی سے تو کون کہاں کو جاتا ہے
کیوں بن پوچھے بھیتر جاتا۔ بن آئی کیوں مرنا چاہتا ہے
بل وکرم تنی کچھ تھاہ نہیں کیا اتنا نہیں پہچانتا ہے
میں ہنومان سُت مکردھوج کیا تو مجھ کو نہیں جانتا ہے
کر کرودھ کہا بجرنگی نے۔ رے موڑھ کیوں گال بجاتا ہے
کس کارن سے ہنومان کا تو سُت اپنے کو بتلاتا ہے
اب تک بھی شدھ برہم چاری، میں ہنومان کہلاتا ہوں
سپنے نہیں ناری اسپرس کری حیرت میں ڈوبا جاتا ہو
اتنی سُن ویر مکردھوج نے۔ گہی چرن لئے بجرنگی کے
کر جوڑ کے دینی پری کرما، اور درش کئے بجرنگی کے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

پنی کہا یوں ستّ نے ہے پِتا، اُت پتی میری ٹھرسہان سنو
جو حال سنایا ماتا نے سو ڈرا پِتا گُن دان سنو
دوہا تم لنکا کو پھونک کر، آئے ساگر تیر!
چھوٹا پسینہ تھا تہیں، بہا انگ سے نیر
بوندیں ساگر میں پڑیں سو مچھلی پی جائے
گربھ اسے تب رہ گیا، کیوں ستیہ سمجھائے

میں جھوٹ نہیں کچھ کہتا ہوں، یوں پتر تمہارا کہلایا
ہے تات شپتھ میں کھاتا ہوں کچھ جھوٹ نہ تم کو بہکایا
کیسے ہی کارن تم یہاں آئے ہو میں تم سے پوچھنا چاہتا ہوں
جو سمجھو اُچت سو کہہ دیں پِتا۔ کر ونے یوں میں سمجھاتا ہوں
تب کہا ویر بجرنگی نے، آنے کا حال سناتا ہوں
جس کارن یہاں پر آیا ہوں سارا میں حال بتاتا ہوں
میں رام لکھن کا کنکر ہوں اور رام دوت کہلاتا ہوں
ہر لایا اُن کو اہی راون، میں انہیں چھڑانے جاتا ہوں
بلیدان کرے گا دیوی پہ۔ اُن دونوں راجکماروں کو
میں رام لکھن کو لے آؤں، دسرتھ کے راجدلاروں کو
یہ سن گھبرایا کر دھوج، دو دھا کے جال میں آیا
پھر سیوک دھرم نبھانے کو، من روک تھام کر بچھتایا
بولا یدی جانے دوں تم کو، تو دھرم یہ دھبہ آتا ہے
جگ سے اُسار دھرم ہے سار پھل تو کر کھایا جاتا ہے
ہے پِتا کہو اس حالت میں کیا کہوں مجھے بتلا دو تم
کیا کرنا مجھ کو اُچت پِتا۔ بس اتنا تو سمجھا دو تم
بولے بجرنگی ٹھیک کہا، مت اپنا دھرم گھٹاؤ تم
وہ بیج پِتا جو سُت سے کہے کر تنبیہ یہ سے گر جاؤ تم

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

میں بل سے بھیتر جاؤں گا، میں اپنا دھرم نبھاؤں گا
تم رو کو نج بل سے اپنے، میں سارا زور لگاؤں گا

دوہا مکر دھوج نے بل سے جب روکے پون کمار
بجر نگی نے مشٹ کا، کیا بجر سم بار

دوار پر مارا ماری ہوئی۔ وے دونوں وار چلاتے ہیں
نہ وہ گھٹتی نہ وہ بڑھتی دونوں سمان دکھلاتے ہیں
ہوں جس کے رکشک رگھورائی بس نشچے وجے وہ پاتا ہے
بجر نگی نے دھر کر مارا، تب مکر دھوج گر جاتا ہے
بجر نگی جی نے باندھ اُسے وہیں دوار پہ ڈال دیا
نربھے نشنک پھر کُود اندر گمن انجنی لال کیا
لگھو روپ دھار گئے مندر میں اہی راون پوجا میں دیکھا
ہر ایک نشچر کو سامگری، لاتے دکھا دھرتے دیکھا
کامد دیوی کے مندر میں، ایک ہون کھنڈ بھی لکھ پایا
کچھ گھڑے دھرے مدرا کے بھرے رکت کڑھیا میں بھروایا
مشان ہوا بھگوان وہاں دیکھے جو سندر سجے ہوتے
نشچروں کا کچھ شمار نہ تھا۔ جو شستر تھے کر کھڑے ہوئے
دکھلایا کپی تل دھاری نے وہ رام لکھن تھے بندھی کھڑے
پر درشن نہ کر کے پربھو جی کا تھے پون تنے بھی ہال اڑے
پالن کبھی پوجا کے ہت سے کچھ پشپ آدی لے آئی ہے
لگھو ہو ہو جا بیٹھا اُن میں ہرشت ہو کر کپی رائے ہے
کر کے پوجن اہی راون نے دیوی پر پھول چڑھائے ہیں
ماروت رُت دیوی پر چڑھ کر گئے بھیڑ بڑے ہرشائے ہیں
دیوی دھرن میں دھنسا دی ہنومت نے زور لگایا جب
لبرائے کلا سب گئی اہی وہ رام دوت لکھ پایا جب

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

جانا جب اُچت سمے ہنومت، دیوی کا روپ بنا لیا ہے
چیتنیہ دو سے دھر، چتر بھی، اپنا آکار بڑھایا ہے
نسچروں نے دیکھا روپ وکٹ ہرست ہو دیان لگان لگے
دیوی ہو ہنومت کو. سب جھک جھک ویے شان لگے
بکوان، میوا ستانن لیشپ ہرشت ہو ہو بھینٹ چڑھان لگے
ماروت ست ہاتھوں سے لے کر رچ رچ کر بھوگ لگان لگے
یہ دیکھ گے کوتک دیوی کا، نسچرمن میں ہرشاتے ہیں
یہ کہا دیکھ اہی راون نے، ہم آج الوگرہ پاتے ہیں
پرتھکین کلا اور یہ پایا، پہلے نہ دکھلائی دیوی نے
یہ آج سہاہی شاکتا ست، سا گری پائی دیوی نے
تت آ گیا وہی آہی راون نے بلوائے رام لکھن دونوں
سیوک لے کر اُن کو آئے، گھبرائے رام لکھن دونوں
اسُروں نے شستر اُٹھائے ہیں بلی دینے کو تیار ہوئے
چپ چاپ کھڑے دونوں بھائی بے چین ہو بیزار ہوئے
دوہا کہا اسُر نے ہوئے اب دونوں کا نیدان
کہہ لو جو کہنا تمہیں، آج ہوئے کلیان
سیوکار کئے دیوی نے تم، اپنے کو دھنیہ مناؤ تم
اُدّھار ہوئے ہمرے تمرا، اب سیدھے سُرگ کو جاؤ تم
دوہا دیکھیں لچھمن رام کو اور لچھمن کو رام
کہتے تھے سنکٹ ہے گھور کا کام تمام
جو کچھ تم کہنا چاہتے ہو، یہ حکم دو بار اِفرمایا
خاموش رہنا بے کار ہوا، اب وقت آخری ہے آیا
تم جانتے شاید کچھ بھی نہیں، پہلے تو میرا نام سُنو
پاتال کا راجا اہی راون، کرنی کا ہے انجام سُنو

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

راون سے بیر بڑھانے کا، تم آج نتیجہ پاتے ہو!
بدلا راون کا لینے کو، دیوی پہ چڑھائے جاتے ہو
ہنس کر بولے تب لچھمن لال. رے نیچ کیوں گال بجاتا ہے
کایر چوری کا کام کرے، نہیں چور ویر کہلاتا ہے
دیوی بن کرکے کال روپ رے نیچ تجھے کھا جائے گی
دیوی تو جسے سمجھتا ہے، اسروں کا بھوگ لگائے گی
ہت چنتا کر جس راون کی، او نیچ نچنتا کر بیٹھا
اس نے پل بھر میں گل گند اکیا تو بھی مر جا چڑھا بیٹھا
وہ چرا کے سیتا کو لایا۔ ماریچ کی ایک عیاری سے
ہو گئے ودت سنسار میں تم چوری کر کے مکاری سے
تم دونوں چور ہو ہوشیار ہو گئے ہوشیار زمانے میں
پر رن کوشل سے تم دونوں ہو کوسوں زمانے میں
دوہا لچھمن لال کی بات سن ہوا کرودھ میں لال
اسروں سے کہنے لگا، تم کھڑگ سنبھال
کیا دیکھتے ہو میرے ویر دل دونوں کا کام تمام کرو
دو اڑا ابھی بوٹی بوٹی، دونوں کا قتل عام کرو
دونوں کے مارن خاطر، جب نشچر کھڑگ اٹھاتے ہیں
ان دونوں راجکماروں پر، اب وار چلانا چاہتے ہیں
نج روپ دھار للکار مار، تک تمک نئی انداز نیا
لکھ انہیں اسر بے چین ہوئے تھا سا زباز انداز نیا
نشچروں پر کود بجر نگی، تلواریں چھین کر مارتے ہیں
للکار مار کر دھر پچھاڑ، بس ایک پر ایک کو مارتے ہیں
گری کھنڈ کھنڈ بجھ ڈنڈ تنے، کھل ڈل مل کر بے جان کیا
جوالا بھڑکی ہری کی گنتی سے جس نے انہی گھمسان کیا

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

بے حال لنشچروں کو دیکھا۔ آہی راون من گھبرایا ہے
رے بانر تو کیسے آیا، بجرنگی کو دھمکاتا ہے

دوہا — اب تو بچ سکتا نہیں رے کپی ہو ہوشیار
اتنی کہہ کر ماردی، ہنومت کے تلوار

کلکار مار بولے ہنومت، ابھیمانی لنشچر متانے
پھر مار کے ٹھوکر چھین کھڑگ بولے آ ہو سارا دیوانے
ماری تلوار لنشچر کے۔ دو ٹکڑے کر کے ڈال دیا
بھومی پہ گرا وہ کھل جس دم بجرنگی نے بدحال کیا
پھر ڈال ہون کنڈ میں فرس کو دھر کر کے آگ لگاتے ہیں
اور پورن آہوتی دیوی کی، اس طرح پون ست دیتے ہیں
وے گزا ہوتی سب اسروں کی سارا قصہ بتایا ہے
پاتال لوک سے دشٹوں کا قصہ ہی سکل مٹایا ہے
لنشچروں سے خالی کی پرتھوی، ہو شانت گئے بجرنگی
سیوا میں تن من لگا دیا۔ کر جوڑ کے بولے وہاں ملی
پرنام کیا رگھوناتھ کو جا اور چرن نے رگھورائی کے
آشیرواد دیا ہنومت کو یہ دھن تھے دونوں بھائی کے
ہے دھنیہ تمہیں ہے بجرنگی، تم ہی پران بچائے ہیں
اور مستک پربھو کی کھول دیئے دونوں کو نے کرپائے ہیں
نبھ منڈل کے مارگ سے چلے، بجرنگی دیر لگاتے ہیں
نبھ میں ایک دم سے جیوتی جاگی، بجرنگ جدھر سدھارے ہیں
نبھ میں سب دیوتا آ آکر، گن گان پربھو کا گان لگے
ونتی کر کے رگھونندن کی سب سمنوں میں برسان لگے
رگھوناتھ نے ہاتھ سیس پر دھر چھاتی سے لگایا ہنومت کو
بولے تم نے اپکار کیا، اتی پہ یہ بتایا ہنومت کو

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

سنکٹ میں کام تمہیں آئے بے شک میں رنی تمہارا ہوں
دُسادھیہ کٹھن کارج کینا۔ تم نے ہی آج اُبارا ہوں

دوہا دُگُن سا ہس ہو گیا بھول گئے ایک سنگ
پریم اُمڈ آیا تبھی پُلکت ہوئے بجرنگ

بولے میں داس تمہارا ہوں بانر ہوں مجھ میں گیان نہیں
اُدھار سے سیوا چرنوں کی بن بھگتی کے پران نہیں
بجرنگ بلی نے لنکر کے۔ کُم عالم کا وستار کہا
جمی پتا پایا تھا سوامی کا سیوک نے سب ایک بار کہا
جو بیتی کر دھوج سے بھی وہ سارا حال سنایا ہے
جو سونیا تھا نج ست کے لئے نج ہی انوسار بنایا ہے
سُت گئے جا کر بندھن کھولے، آ گیا پا کر رگھورائی کی
درشن کروائے نج سُت کو، مہیما گائی پربھوتائی کی
پاتال کا راج کر دھوج کو، دے دیا پربھو نے ہرشا کر
اس دوار پال کے مستک پر دینا ہے تاج پہنا کر
لے کر کے دونوں ویروں کو کپی نے بس نرت بیان کیا
آنند لیا مارُت سُت نے من ہی من پربھو کا دھیان کیا
جب رادل میں آ پہونچے، سب دیکھا تو کپی ہرشائے ہیں
بے چین سبھی درشن پا کر، من پھولے نہیں سماتے ہیں

اتی رامائن دبھاگ (۲۲) اہی راون بدھ

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اوم

اُتّر رامائن بھاگ (۲۳)

رام راون سنگرام

دوہا دش کندھر اب ہو گیا، اتی ویاکل بے چین
آنگنت یودھا کھپ گئے، کہا جوڑ دربار

یودھاؤں اُٹھو شستر باندھو، تیار سمر کو ہو جاؤ
جس کے من میں کچھ بھے ہووے پردوں میں جا کر چھپ جاؤ
ماروں گا رام اور لکھن کو، کپیوں کا قتل عام کروں
اب میں لڑنے کو جاتا ہوں، رن میں ایسا سنگرام کروں
جن نے پیارے بالک بچے، استری پیاری وہ گھر جاوے
جس میں جرأت طاقت نہ ہو وہ استری بنکر سکھ پاوے

دوہا بات دشانن کی سنی بولے سب بلوان!
آگیا پر مہاراج کی ہے یہ حاضر جان
راون نے دیکھا بھی ہے سب میں کچھ جوش
رن میں جانے کے لیے ابھی ہر باقی ہوش

آگیا دے دی بلوانوں کو، سینا تیار کرائی ہے
رتھ اموگھ اپنا بھجوایا۔ دھونسے پر چوب لگائی ہے
دل بادل کے سم امڈ پڑا، لشکر گھہراتے جاتے ہیں
لنکیشور سینا کو سجائے، میدان جنگ میں نتے ہیں
کالے کالے متوالے اسُر، مانو یہ گھٹا گھر آئی ہے
برچھی، بھالے، شمشیر سنگ، بجلی سمان چمکائی ہے

In Public Domain, Chambal Archives, Etawah

Digitized by Sarayu Foundation Trust, Delhi and eGangotri

اَنگنت اُسُر وکرال وِکٹ، کوسوں تاک گتے جاتے ہیں
دہشت سے دیوتا کانپ اُٹھے، دِگپال بھی دہشت کھاتے ہیں

دوہا رن بھومی میں وہ اُسُر راون پہنچا جلے
نسیچر سینا کو دیا، اُس نے حکم سنائے

